★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 15 | جمعرات 5 رمضان المبارک 1446ھ، 6 مارچ 2025ء، 22 پھاگن 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 131

آئی ایم ایف کا اخراجات میں کمی کیلئے اصلاحاتی اقدامات پر فوری عمل کا مطالبہ

آئی ایم ایف کے وزارت توانائی و پیٹرولیم کے ساتھ مذاکرات میں پاور اور پیٹرولیم سیکٹر کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا، ریونیو شارٹ فال پر کوئی گنجائش نہیں، آئندہ سہ ماہی میں 300 ارب کا شارٹ فال پورا کیا جائے، آئی ایم ایف

مذاکرات میں آئی ایم ایف وفد کو بڑے شہروں میں ٹیکس نیٹ سے باہر بڑے ریٹیلرز سے متعلق بریفنگ دی گئی، ایف بی آر کمپلائنس رسک مینجمنٹ اور رسک امپرومنٹ پلان کے تحت اقدامات کرے: آئی ایم ایف

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے اخراجات میں کمی کیلئے حکومت سے اصلاحاتی اقدامات پر فوری عمل کا مطالبہ کردیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف سے کیبنٹ ڈویژن، وزارت خزانہ اور سیکرٹری کیبنٹ کے رائٹ سائزنگ پر مذاکرات ہوئے جس میں آئی ایم ایف نے اخراجات میں کمی کیلئے رائٹ سائزنگ اقدامات پر بروقت عملدرآمد کرنے کا مطالبہ کردیا۔ آئی ایم ایف نے آئندہ سہ ماہی میں ریونیو شارٹ فال پورا کرنے کیلئے پلان بھی طلب کرلیا۔ وفد نے کہا کہ ریونیو شارٹ فال پر کوئی گنجائش نہیں، آئندہ سہ ماہی میں 3 سو ارب کا شارٹ فال پورا کیا جائے۔ آئی ایم ایف نے کہا ہے کہ ایف بی آر کمپلائنس رسک مینجمنٹ اور رسک امپرومنٹ پلان کے تحت اقدامات کرے۔ مذاکرات میں آئی ایم ایف وفد کو بڑے شہروں میں ٹیکس نیٹ سے باہر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر1)

واشنگٹن، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ صدارت سنبھالنے کے بعد کانگرس سے پہلا خطاب کرتے ہوئے

نائب وزیراعظم یو اے ای شیخ عبداللہ بن زاید النہیان کا اسحٰق ڈار سے ٹیلیفونک رابطہ، پاکستانی قیادت وشہریوں کو رمضان کی دلی مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے نائب وزیراعظم شیخ عبداللہ بن زاید النہیان نے نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر7)

حکومت کا ہر دن ترقی و عوام کیلئے خوشخبریاں لے کر طلوع ہوا، مریم اورنگزیب

(ن) لیگ کی حکومت میں ہر نیا دن ملک وقوم کے خوشحال مستقبل کے خواب کو تعبیر کے قریب لاتا ہے

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ نواز شریف کی رہنمائی میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت کے 365 دن کا ہر روز، ہر لمحہ پاکستان کی ترقی اور عوام کے ریلیف کی خوش خبریاں لے کر طلوع ہوا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر8)

دہشتگردوں کے مذموم عزائم خاک میں ملانے پر فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں، محسن نقوی

بہادر سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے 16 خوارجی دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا، خوارجی دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملانے پر سکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں

وفاقی وزیرداخلہ نے حملے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کرتے ہوئے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی وتعزیت کا اظہار کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے بنوں کینٹ میں فتنۃ الخوارج کے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ بدھ کو جاری بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ بہادر سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے 16 خوارجی دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا، خوارجی دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملانے پر سکیورٹی فورسز کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

بنوں کینٹ حملہ ناکام رہا، 16 دہشتگرد ہلاک، 5 جوان وطن پر قربان ہوئے

آئی ایس پی آر

دھماکوں اور فائرنگ سے قریب واقع ایک مسجد، رہائشی عمارت کے متاثر ہونے سے 13 بے گناہ شہری شہید، 32 زخمی ہو گئے، آئی ایس پی آر کی بریفنگ

توقع ہے افغان حکومت اپنی سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال ہونے سے روکے گی، پاکستان سرحد پار سے آنیوالے خطرات پر ضروری اقدامات کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے، بیان

راولپنڈی/بنوں (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے خیبرپختونخوا کے ضلع بنوں کے علاقے کینٹ میں بزدلانہ دہشت گرد حملہ ناکام بنا کر 16 حملہ آوروں کو ہلاک کردیا جبکہ شدید جھڑپ کے دوران 5 بہادر فوجی مادر وطن پر قربان ہوگئے۔ آئی ایس پی آر سے جاری بیان کے مطابق خوارجی عناصر نے بنوں کنٹونمنٹ پر دہشت گرد حملے کی کوشش کی، حملہ آوروں نے کنٹونمنٹ کی سکیورٹی توڑنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر9)

امریکی صدر کا بیان دہشتگردی کیخلاف پاکستان کی قربانیوں کا اعتراف ہے

وزیر اعظم

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے افغانستان میں انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں پاکستان کے کردار اور حمایت کو تسلیم کرنے اور سراہنے پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں: شہباز شریف کا ٹویٹ

پاکستان ہمیشہ انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں ایک کلیدی کردار ادا کرتا رہا ہے تاکہ دہشت گردوں اور شدت پسند گروہوں کو محفوظ پناہ گاہوں سے محروم کیا جا سکے اور کسی بھی ملک کے خلاف ان کی کارروائیوں کو روکا جا سکے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن واستحکام کے لیے امریکا کے ساتھ قریبی شراکت داری جاری رکھے گا۔ سماجی رابطوں کے پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر3)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے مذموم مقاصد کو ناکام بنا دیا: شہباز شریف

بنوں چھاؤنی پر حملے کے دوران جام شہادت نوش کرنیوالے سکیورٹی فورسز کے 5 جوانوں کو خراج عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے بنوں چھاؤنی پر ناکام حملے میں ملوث فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین اور دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے سکیورٹی فورسز کے 5 جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ بدھ جاری بیان میں وزیراعظم نے شہدا کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر2)

وفاق، صوبوں کے تعاون سے ہی پولیو کا مکمل خاتمہ ممکن ہوگا، وزیراعظم

شہباز شریف کی زیرصدارت انسداد پولیو مہم بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاق اور صوبوں کے تعاون سے ہی پولیو کا مکمل خاتمہ ممکن ہو گا۔ بدھ کو وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت انسداد پولیو مہم کے حوالے سے جائزہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر4)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ نے اصلاحی اقدامات کے ذریعے زرعی معیشت کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر5)

5 سال میں پانچ لاکھ گھر بنانے کا ہدف پورا کرنے کیلئے پرعزم ہیں، مریم نواز

پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی (پھاٹا) کے ڈی جی نے تفصیلی بریفنگ دی، پھاٹا کو مارچ تک ہدف پورا کرنے کی ہدایت

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ 5 سال میں 5 لاکھ گھر بنانے کا ہدف پورا کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس ہوا جس میں 3 مرلہ فری پلاٹ سکیم سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا، پنجاب ہاؤسنگ اینڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر6)

لاہور: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی کے اجلاس میں بریفنگ دی جارہی ہے

اسلام آباد: وزیراعظم کے مشیر طارق فاطمی ودیگر افطار پارٹی میں شریک ہیں

ناجائز منافع خوری برداشت نہیں، عوام کو ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، ملک افضل کھوکھر

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی وچیئرمین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر12)

ارباب نیاز اسٹیڈیم کا نام بانی پی ٹی آئی کے نام سے منسوب کرنا عوام کی خواہش تھی، علی امین گنڈاپور

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر13)

پیکا ترمیمی ایکٹ 2025: پنجاب حکومت اور پی ٹی اے سے جواب طلب

جسٹس فاروق حیدر نے پیکا ترمیمی ایکٹ 2025 کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت کی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پیکا ترمیمی ایکٹ 2025 کے خلاف درخواستوں پر پنجاب حکومت اور پی ٹی اے سے جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے پیکا ترمیمی ایکٹ 2025 کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت کی۔ دوران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

لاہور ہائیکورٹ، نئے تعینات ہونیوالے 4 ایڈیشنل ججز نے حلف اٹھالیا

جسٹس عالیہ نیلم نے حلف لیا، راجہ غضنفر علی خان، تنویر احمد شیخ، طارق محمود باجوہ اور عبہر گل خان شامل

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں نئے تعینات ہونے والے 4 ایڈیشنل ججز نے حلف اٹھالیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے نئے تعینات ہونے والے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

برلن: جرمنی میں پاکستان کی سفیر ثقلین سیدہ آئی ٹی بی برلن 2025ء میں پاکستان پویلین کا افتتاح کر رہی ہیں

دہشتگردی کی لہر انٹیلی جنس ایجنسیوں کی ناکامی ہے، عمر ایوب

ایجنسی افسران کا کورٹ مارشل ہونا چاہیے، ان ایجنسیوں کا دھیان صرف پاکستان تحریک انصاف پر ہے، اپوزیشن لیڈر کا الزام

آج کل گورننس نام کی کوئی چیز نہیں ہے، یہ ایک پکے کے ڈاکو بن گئے ہیں اور کچے کے ڈاکوؤں سے نہیں لڑ سکتے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور پی ٹی آئی کے سینئر رہنما عمر ایوب نے کہا ہے کہ بنوں کینٹ اور بلوچستان میں جو دہشت گردی کے واقعات ہوئے ہیں، ان کی مذمت کرتا ہوں، دہشت گردی کی جو لہر ہے یہ تمام انٹیلی جنس ایجنسیوں کی ناکامی ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ ان ایجنسیوں کے افسران کا کورٹ مارشل ہونا چاہیے۔ ڈسٹرکٹ کمپلیکس اسلام آباد کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر28)

گورنر سندھ کامران ٹیسوری کی مولانا فضل الرحمان کو عمرہ کی مبارکباد

پاکستان کے استحکام اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی بھی درخواست بھی کی

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے مولانا فضل الرحمان کو ٹیلی فون کر کے عمرہ کی مبارکباد دی ہے۔ ترجمان گورنر ہاؤس کے مطابق گورنر سندھ کامران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: پاکستان بیت المال کے مینجنگ ڈائریکٹر سینیٹر کیپٹن شاہین خالد بٹ شیلٹر ہوم میں لوگوں سے مل رہے ہیں

ملٹری کورٹ پر اعتراض ہے کہ ٹرائل غیر جانبدار نہیں ہوتا، جسٹس محمد علی مظہر

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی لارجر بینچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کی

آپ ملٹری کورٹ کو عدلیہ تسلیم کرتے ہیں تو اس کے نتائج کچھ اور ہوں گے، ویسے میں بنیادی حقوق کو تحفظ فراہم کیا گیا ہے: ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران جسٹس محمد علی مظہر نے کہا ہے کہ ملٹری کورٹ پر ایک یہ اعتراض ہے کہ ملٹری ٹرائل غیر جانبدار نہیں ہوتا۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی لارجر بینچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کی، جس میں سپریم کورٹ بار کے سابقہ عہدیداران کے وکیل عابد زبیری نے دلائل دیے۔ عابد زبیری نے عدالت کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر16)

پیکا ایکٹ، اٹارنی جنرل آف پاکستان معاونت کیلئے عدالت طلب

پی ایف یو جے، اسلام آباد ہائیکورٹ جرنلسٹس ایسوسی ایشن اور دیگر درخواستیں بھی زیر سماعت ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پیکا ایکٹ کے خلاف درخواست پر عدالت نے اٹارنی جنرل آف پاکستان کو معاونت کے لیے طلب کرلیا۔ پیکا ایکٹ ترمیم 2025ء کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر30)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے پلاننگ احسن اقبال کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

یوکرائن کو تکلیف دہ دھچکا، یورپ نے فوجی امدادی پیکج معطل کردیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے نقش قدم پر چلتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر29)

جولائی 2024ء کے بعد فروری 2025ء میں ٹیکسٹائل برآمدات کم ترین سطح پر آگئیں

ملتان (این این آئی) رواں سال گزشتہ ماہ (فروری 2025ء میں) (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر31)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں جنگلات کا عالمی دن 21 مارچ کو منایا جائے گا

ملتان (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں جنگلات کا عالمی دن 21 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر32)

امریکہ نے حوثیوں کو غیر ملکی دہشت گرد تنظیم قرار دیا

حوثی سرگرمیاں مشرق وسطیٰ میں امریکی شہریوں اور اہلکاروں کی سلامتی کے لیے خطرہ ہیں، محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے اقتدار سنبھالنے کے بعد کیے گئے پہلے وعدوں میں سے ایک کو پورا کرتے ہوئے امریکی محکمہ خارجہ نے یمن کے ایران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر20)

اسرائیل نے جنگ بندی کے دوسرے مرحلے کیلئے مشروط آمادگی ظاہر کردی

تل ابیب (این این آئی) غزہ میں جنگ بندی معاہدے کے دوسرے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر18)

کراچی میں جاتی سردی کو بریک لگ گئی، ٹھنڈی ہواؤں کی دوبارہ انٹری سے موسم سرد

کراچی (این این آئی) کراچی میں جاتی سردی کو بریک لگ گئی، ٹھنڈی ہواؤں کی دوبارہ انٹری سے موسم سرد ہوگیا، مختلف علاقوں میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر19)

اسرائیل نے غزہ سے متعلق عرب منصوبہ مسترد کردیا، حماس کا خیرمقدم

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزارت خارجہ نے غزہ کی پٹی سے متعلق عرب ممالک کا منصوبہ مسترد کردیا ہے۔ عرب ٹی وی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر22)

مصطفیٰ قتل کیس، ملزم ارمغان کے والد نے دروازہ نہ کھولا، ایف آئی اے کی ٹیم ناکام لوٹ گئی

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی منی لانڈرنگ سیل کی ٹیم مصطفیٰ قتل کیس کے مرکزی ملزم ارمغان کے گھر تفتیش کے لیے پہنچی مگر دروازہ نہ کھولے جانے پر ناکام واپس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

سیف الملوک کھوکھر نے این اے 126 میں رمضان پیکیج کے چیک تقسیم کئے

رمضان پیکیج نادار لوگوں کا حق جو حکومت ان کی دہلیز پر پہنچا رہی ہے، صدر مسلم لیگ (ن) لاہور

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے رمضان نگہبان پیکیج کے سلسلہ میں پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر نے این اے 126 میں مستحقین میں 10 ہزار روپے کے چیک تقسیم کیے۔ آرگنائزر این اے 126 کی جانب سے پبلک سیکرٹریٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر17)

لاہور: مسلم لیگ ن لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر رمضان پیکیج کے چیک تقسیم کر رہے ہیں

الیکٹرک اسکوٹی بنانیوالے چینی صنعتکاروں کی شرجیل میمن سے ملاقات

الیکٹرک گاڑیوں کی تیاری سے صنعتی ترقی کو فروغ ملے گا اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، سنیئر وزیر سندھ

کراچی (این این آئی) الیکٹرک اسکوٹی بنانے والے چینی صنعت کاروں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر21)

طائف معاہدے پر مکمل عمل درآمد ضروری ہے، سعودی لبنان مشترکہ بیان

ریاض (این این آئی) لبنان کے صدر جوزف عون کا دورہ سعودی عرب ختم ہونے کے بعد اوران کی طرف سے سعودی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر25)

اسلام آباد: وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ ایک تقریب کے دوران محو گفتگو ہیں

رمضان پیکیج پر اضافی رقم لینے والوں کیخلاف کارروائی، 3 ملزمان گرفتار

نادار غریبوں سے رقم وصول کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، اپنی شکایات فوری طور پر درج کروائیں: پنجاب حکومت

پنجاب کے مختلف شہروں میں غیرقانونی دھندے میں ملوث ایجنٹس بلیک لسٹ کر دیئے گئے، ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے

لاہور (این این آئی) پنجاب میں رمضان پیکیج پر اضافی رقم لینے والوں کے خلاف کارروائی میں 3 ملزمان گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق قصور، بھکر اور گجرانوالہ میں رمضان پیکیج پر اضافی رقم لینے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ غیرقانونی دھندے میں ملوث ایجنٹس بلیک لسٹ کر دیئے گئے۔ قصور میں 10 ہزار روپے رمضان پیکیج کی رقم پر پانچ سو روپے غیرقانونی طور پر لینے والے ملزم بلال کو گرفتار کیا گیا۔ پولیس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر33)

NEW ZEAL
Valvoline
لاہور: کرکٹ کے انڈین شائقین قذافی اسٹیڈیم میں نیوزی لینڈ اور ساؤتھ افریقہ کے مابین ہونیوالے سیمی فائنل میچ کو انجوائے کر رہے ہیں

پی ٹی آئی آج بھی سب سے بڑی سیاسی قوت ہے، مسرت چیمہ

عمران خان کی غیر معمولی مقبولیت فارم 47 مارکہ حکومت کا سب سے بڑا روگ ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے ظلم اور جبر کے ہر طرح کے ہتھکنڈوں کے باوجود تحریک انصاف آج بھی ملک کی سب سے بڑی سیاسی قوت ہے، سلاخوں کے پیچھے ہونے کے باوجود بانی پی ٹی آئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر23)

ملکی حالات کاروباری سرگرمیوں کیلئے پہلے سے زیادہ سازگار قرار

بزنس میں بہتری سے متعلق توقعات 83 فیصد تک پہنچ گئیں، سروے رپورٹ

کراچی (این این آئی) ملک کے صف اول کے کاروباری اداروں کے سربراہان ملکی حالات کو کاروباری سرگرمیوں کیلئے سازگار قرار دے دیا۔ بزنس میں بہتری سے متعلق توقعات 49 فیصد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر26)

بنوں حملے میں شہادتیں 12 اور زخمیوں کی تعداد 32 ہوگئی، ریسکیو آپریشن مکمل

فتنۃ الخوارج کے باقی ماندہ خارجیوں کا فون پر افغانستان سے رابطہ ہے، سکیورٹی ذرائع

بنوں (این این آئی) بنوں میں فتنۃ الخوارج کے حملے میں شہادتیں 12 اور زخمیوں کی تعداد 32 ہو گئی جب کہ ریسکیو آپریشن مکمل کرلیا گیا ہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر27)


راولپنڈی: پریذیڈنٹ ایکس سروس مین سوسائٹی جنرل (ر) عبدالقیوم پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز



لیڈیز کانسٹیبلز کی 4265 سیٹوں پر بھرتیوں کا عمل شروع

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس میں کانسٹیبلز اور لیڈیز کانسٹیبلز کی 4265 سیٹوں پر بھرتیوں کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ اس سلسلے میں اضلاع کو سیٹیں الاٹ کر دی گئی ہیں جبکہ آئی جی پنجاب کی جانب سے تحریری امتحان وانٹرویوز کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔ مراسلہ کے مطابق لاہور کے لیے 710، گوجرانوالہ کے لیے 70، راولپنڈی کے لیے 203، فیصل آباد کے لیے 193، سرگودھا کے لیے 143، ساہیوال کے لیے 55، ملتان کے لیے 118 اور ڈی جی خان تونسہ کے لیے 90 سیٹیں الاٹ کی گئی ہیں۔ دیگر اضلاع کو بھی ڈیمانڈ کے مطابق سیٹیں الاٹ کی گئی ہیں۔ تحریری امتحان دو مراحل میں ہوں گے۔ پہلے مرحلے میں 8 مارچ کو 25 اضلاع میں امتحان لیا جائے گا جبکہ دوسرے مرحلے میں 13 مارچ کو 12 اضلاع میں امتحانات منعقد ہوں گے۔ ہر ضلع میں ڈی آئی جی کی سربراہی میں تین رکنی اعلیٰ افسران پر مشتمل بورڈ امتحان لے گا۔ لاہور میں امتحانی کمیٹی میں سی ٹی او، ڈی آئی جی ایڈمن اور سیکرٹری شامل ہوں گے جبکہ گوجرانوالہ کے ایس ایس پی سی ٹی ڈی کو بھی بورڈ کا ممبر نامزد کیا گیا ہے۔ دوسری جانب تحریری امتحان میں 40 فیصد نمبر حاصل کرنے والے امیدوار پاس ہوں گے جبکہ انٹرویوز میں 20 میں سے 8 نمبر حاصل کرنے والے امیدواروں کو کامیاب قرار دیا جائے گا۔ جعلسازی سے بچنے کے لیے بائیومیٹرک حاضری چیک کی جائے گی اور آئی ڈی کارڈ کی تصدیق کی جائے گی۔ امتحانی سنٹرز میں موبائل جیمرز نصب کیے جائیں گے اور پروسیس کی ویڈیوز بھی بنائی جائیں گی۔ علاوہ ازیں 5 فیصد غیر مسلم کوٹہ اور 15 فیصد خواتین کا کوٹہ بھی مختص کیا گیا ہے۔ یہ بھرتیاں پنجاب پولیس کے مختلف اضلاع میں کی جارہی ہیں تاکہ فورس کی استعداد میں اضافہ کیا جاسکے۔

فیکٹری ایریا پولیس نے 04 منشیات فروش گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) فیکٹری ایریا پولیس نے 04 منشیات فروش گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے ترجمان کے مطابق فیکٹری ایریا پولیس نے کریک ڈاؤن کے دوران منشیات فروشی کے مکروہ دھندے میں ملوث ملزم کمال، عباس، اشفاق اور علی کو گرفتار کر کے 05 کلو 380 گرام چرس برامد برامد، کر کے مقدمات درج کر لیے

لیاقت آباد کے علاقے میں 33 سالہ شخص ٹرین کی زد میں آکر جاں بحق ہوگیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لیاقت آباد کے علاقے میں 33 سالہ شخص ٹرین کی زد میں آکر جاں بحق ہوگیا، پولیس نے لاش مردہ خانے منتقل کر کے خودکشی سمیت دیگر پہلوؤں پر تفتیش کا آغاز کر دیا ایدھی ترجمان کے مطابق لیاقت آباد کے علاقے گل بہار کالونی میں 33 سالہ شخص ٹرین کی زد میں آکر جاں بحق ہوگیا متوفی کی شناخت 33 سالہ عرفان کے نام سے ہوئی پولیس نے لاش مردہ خانے منتقل کر کے خودکشی سمیت دیگر پہلوؤں پر تفتیش کا آغاز کر دیا

ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے تھانہ اے ڈویژن کے علاقہ کالج روڈ پر فیلڈ ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران و جوانوں کے ساتھ روزہ افطار کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے تھانہ اے ڈویژن کے علاقہ کالج روڈ پر فیلڈ ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران و جوانوں کے ساتھ روزہ افطار کیا۔ ڈی پی او نے ذمہ داری کے ساتھ ڈیوٹی سرانجام دینے پر تمام پولیس افسران کو شاباش دی اور کہا کہ روزے کی حالت میں ذمہ داری سے فرائض کی ادائیگی لائق تحسین عمل ہے۔ ڈی پی او نے اس موقع پر کہا کہ ہم ایک فیملی کی طرح ہیں اور ہم سب نے مل کر تمام تر ذمہ داری احسن طریقے سے ادا کرنی ہیں آپ کو کسی بھی حوالے سے کوئی مسئلہ ہو آپ کسی بھی وقت رابطہ کر سکتے ہیں، محکمہ پولیس اور ملک وقوم کی سلامتی کیلئے دعا بھی کروائی گئی

بٹ برادری فاؤنڈیشن کے زیراہتمام ایشین گولڈ میڈلسٹ بانو بٹ کے اعزاز میں تقریب کا اہتمام

تقریب میں بٹ برادری فاؤنڈیشن پاکستان وانٹرنیشنل کے مرکزی صدر الحاج ارشاد احمد بٹ کی خصوصی شرکت

لاہور (پ ر) بٹ برادری فاؤنڈیشن کے زیراہتمام ایشین گولڈ میڈلسٹ بانو بٹ کے اعزاز میں تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں بٹ برادری فاؤنڈیشن پاکستان وانٹرنیشنل کے مرکزی صدر الحاج ارشاد احمد بٹ،، پنجاب کے صدر جاوید بٹ، سرپرست اعلیٰ بٹ برادری فاؤنڈیشن آل پاکستان انٹرنیشنل کرنل آفتاب احمد بٹ، سرپرست بی بی ایف اظہر محمود بٹ، انجم جاوید بٹ صدر بی بی ایف لاہور، سرپرست اعلیٰ حمید بٹ، سینئر نائب صدر، حافظ طارق بٹ، سینئر میڈیا ایڈوائزر، فیصل بلال بٹ، طارق محمود بٹ نے خصوصی طور پر شرکت کی اور بانو بٹ کو بٹ برادری فاؤنڈیشن پاکستان و انٹرنیشنل کی جانب سے میڈل اور نقد انعام دیا۔ اس موقع پر مرکزی صدر حاجی ارشاد احمد بٹ اور پنجاب کے صدر محمد جاوید بٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ جس کو ہمارے آباؤاجداد نے لاکھوں قربانیوں کے بعد حاصل کیا۔ رمضان المبارک وہی بابرکت مہینہ ہے جب اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس عظیم نعمت سے نوازا۔ لیکن افسوس ہم اس کو اس مقام پر نہیں پہنچا سکے جس کا خواب علامہ محمد اقبالؒ نے دیکھا اور قائداعظمؒ اس کو عملی جامہ پہنانے کے لئے کوشاں رہے۔ پاکستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں۔ یہاں بانو بٹ جیسی قوم کی بیٹیاں بیٹے موجود ہیں جو دنیا میں پاکستان کا نام روشن اور پاکستانیوں کا سر فخر سے بلند کرنے کیلئے محنت کر رہے ہیں۔ بانو بٹ نے انٹرنیشنل مارشل آرٹس اور ایتھلیٹ مقابلوں میں حصہ لیتے ہوئے بھارتی کھلاڑی کو شکست دے کر ایشین چیمپئن کا ٹائٹل اور گولڈ میڈل جیتا ہے۔ یہ نہ صرف پاکستان بلکہ بٹ برادری کیلئے بھی قابل فخر بات ہے۔ اس لئے بٹ برادری فاؤنڈیشن نے قوم کی اس ہونہار بیٹی کے اعزاز میں تقریب رکھی ہے۔ تاکہ پاکستانی ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی کی جاسکے۔

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان سول سیکرٹریٹ میں ایڈمنسٹریٹو سیکرٹریز کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

چیف سیکرٹری کا سرکاری محکموں کو این او سی کا اجراء آسان بنانے کا حکم

ای بز پورٹل پر کاروباری افراد اور شہریوں کیلئے این او سی کے آن لائن حصول کے عمل کو سادہ بنایا جائیگا، اجلاس سے خطاب

ڈپٹی کمشنرز کو گرانفروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری رکھنے کی ہدایات جاری، گزشتہ روز 15 ہزار سے زائد انسپکشنز کی گئیں، بریفنگ

لاہور (خبرنگار) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے تمام سرکاری محکموں کو این او سی کا اجراء آسان بنانے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ای بز پورٹل پر کاروباری افراد اور شہریوں کیلئے این او سی کے آن لائن حصول کے عمل کو سادہ بنایا جائیگا۔ انہوں نے یہ حکم سول سیکرٹریٹ میں منعقد ایڈمنسٹریٹو سیکرٹریز کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کیا جس میں صوبہ میں ای گورننس اور پرائس کنٹرول اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ این او سی کے اجراء کیلئے غیر متعلقہ کاغذات کی طلبی کا کوئی جواز نہیں، تمام محکمے یقینی بنائیں این او سی کے آن لائن اجراء کیلئے صرف ضروری کاغذات طلب کئے جائیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ گورننس کی بہتری اور کرپشن کا خاتمہ صرف ٹیکنالوجی کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ خدمات کی آن لائن فراہمی کیلئے محکموں کی ڈیجیٹائزیشن کو جلد مکمل کیا جائے۔ چیف سیکرٹری نے صوبہ میں ناجائز منافع خوروں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری رکھنے سے متعلق بھی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ گرانفروشوں کیخلاف کارروائیوں سے متعلق رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر بھجوائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ قیمتوں میں استحکام کیلئے اضلاع میں ڈپٹی کمشنرز اشیاء کے نرخوں، طلب اور رسد کا تقابلی جائزہ لیں، رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے انتظامی افسران اپنے فرائض عبادت سمجھ کر سرانجام دیں۔ سیکرٹری پرائس کنٹرول اور چیئرمین پی آئی ٹی بی نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی۔ سیکرٹری پرائس کنٹرول نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ماہ صیام میں اشیاء خورونوش کی قیمتوں کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے اور چیکنگ کیلئے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو فیلڈ میں متحرک کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ منگل کے روز صوبہ بھر میں 15 ہزار سے زائد انسپکشنز کی گئیں۔ چیئرمین پی آئی ٹی بی نے بریفنگ کے دوران بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق صوبہ میں ای گورننس کے فروغ کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، تمام ڈویژنل کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز کے دفاتر کو ای فاس سے منسلک کر دیا گیا ہے۔ اجلاس میں سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، چیئرمین پی اینڈ ڈی، تمام محکموں کے سیکرٹریز اور ڈائریکٹرز جنرل نے شرکت کی جبکہ ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔

خواتین سے جنسی زیادتی وویڈیو بنانے کا ڈراپ سین

لاہور (کرائم رپورٹر) رائیونڈ میں پولیس اہلکار کا ساتھیوں سمیت خواتین سے جنسی زیادتی و ویڈیو بنانے کا ڈراپ سین، صدر ڈویژن پولیس نے جنسی زیادتی کا الزام جھوٹا اور بے بنیاد قرار دے کر مقدمہ درج کرانیوالی مدعی خاتون اور 2 گواہوں کیخلاف مقدمہ درج کرلیا گیا، پولیس کے مطابق مدعی خاتون کا الزام تھا کہ اہلکار ارسلان نے ساتھیوں کے ہمراہ بیٹی و بھانجی سے زیادتی کی اور ویڈیو بنانے بھی بنائی جس پر مقدمہ درج کر کے ارسلان کو گرفتار کیا گیا بعد ازاں مقدمہ میں شامل لڑکیوں نے ڈی این اے ٹیسٹ کرانے سے بھی انکار کیا اور مدعی مقدمہ اور گواہوں نے ملزمان سے مصالحت نامہ عدالت میں پیش کرتے ہوئے بیان دیا کہ پولیس اہلکار ارسلان اور عاطف اسکے ملزم نہیں ہیں۔ پولیس حکام کا کہنا تھا کہ جھوٹا مقدمہ درج کرا کے اور تفتیشی وسائل کا ضیاع کیا گیا خواتین نے طمع نفس کی خاطر غلط انفارمیشن دی ان کے خلاف ریپ کا جھوٹا مقدمہ درج کرانے پر تھانہ رائیونڈ سٹی میں اینٹی ریپ ایکٹ کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے

صوبائی ادارالحکومت میں ڈاکوؤں اور چوروں کی عیدی مہم جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں ڈاکوؤں اور چوروں کی عیدی مہم جاری، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 296 وارداتیں رپورٹ، پولیس ذرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 5 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 10 افراد سے لاکھوں روپے اور موبائل فونز چھین لیے، جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 19 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 28 موٹرسائیکلیں، 2 دیگر وہیکل، 2 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری 230 وارداتیں رپورٹ ہوئیں

سیف الملوک کھوکھر نے این اے 126 میں رمضان نگہبان پیکج کے چیک تقسیم کئے

نگہبان رمضان پیکیج نادار لوگوں کا حق جو حکومت ان کی دہلیز پر پہنچا رہی ہے صدر مسلم لیگ (ن) لاہور

لاہور (خبرنگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے رمضان نگہبان پیکج کے سلسلہ میں پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر نے این اے 126 میں مستحقین میں 10 ہزار روپے کے چیک تقسیم کیے۔ آرگنائزر این اے 126 کی جانب سے پبلک سیکرٹریٹ مرغزار کالونی میں چیک تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں معززین علاقہ، سیاسی وسماجی شخصیات اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رائے ونڈ خواجہ عمران بھی موجود تھے۔ ملک سیف الملوک کھوکھر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے، مستحق خاندانوں کو ریلیف فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے اور رمضان نگہبان پیکج اسی عزم کی عکاسی ہے۔ رمضان المبارک خدمت خلق کا مہینہ ہے، مسلم لیگ (ن) کی حکومت پسے ہوئے طبقات کا ہاتھ تھامنا اپنا فرض سمجھتی ہے، نگہبان رمضان پیکیج نادار لوگوں کا حق جو حکومت ان کی دہلیز پر پہنچا رہی ہے، اس پیکیج سے مستفید ہونے والوں کو قطاروں میں نہیں لگنا پڑے گا بلکہ انہیں عزت اور احترام کے ساتھ ان کا حق ان کی دہلیز پر مل رہا ہے۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ویٹرنری یونیورسٹی میں منہ کھر بیماری کنٹرول کے موضوع پر سٹیک ہولڈرز کے مشاورتی اجلاس کا انعقاد

لاہور (خبرنگار) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور میں گزشتہ روز مویشیوں (گائے، بھینسوں) میں پائی جانے والی بیماری منہ کھر کو کنٹرول کرنے کے موضوع پر سٹیک ہولڈرز کے مشاورتی اجلاس کا انعقاد ہوا۔ جس کی صدارت وائس چانسلر میری ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) نے کی جبکہ دیگر اہم شخصیات میں اینیمل ہسبنڈری کمشنر ڈاکٹر محمد اکرم، ڈین فیکلٹی آف ویٹرنری سائنس پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی، ڈائریکٹر ٹریننگ سینٹر فار بائیولوجکس پروڈکشن پروفیسر ڈاکٹر عامر غفور باجوہ کے علاوہ پبلک و پرائیویٹ سیکٹر سے سٹیک ہولڈرز، پروفیشنلز، صنعتکاروں اور آفیشلز کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ منہ کھر بیماری مویشی پال حضرات کے لئے معاشی نقصان کا باعث بنتی ہے نیز یہ اجلاس نا صرف بہترین پالیسی مرتب کرنے اور منہ کھر بیماری کی روک تھام کے لیے بڑا سودمند ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ویٹرنری یونیورسٹی لائیوسٹاک سیکٹر کی ترقی کے لیے سٹیک ہولڈرز کے ساتھ الحاق قائم کر کے ہیومن ریسورس کی ڈویلپمنٹ اور پیوریفائڈ ویکسین تیار کرنے کے لیے ہمہ وقت آمادہ ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی نے کہا کہ مشاورتی اجلاس کا مقصد سٹیک ہولڈرز کو ایک پلیٹ فارم مہیا کرنا تھا جہاں وہ لائیوسٹاک سیکٹر کو درپیش مسائل زیر بحث لا کر اوران کا حل تلاش کر سکتے ہیں نیز منہ کھر بیماری کی وباء کے دوران حکمت عملی پر نظر ثانی کرنے کے لیے بھی اجلاس کا انعقاد انتہائی ضروری ہے۔ قبل ازیں پروفیسر ڈاکٹر عامر غفور باجوہ نے منہ کھر بیماری میں ویٹرنری یونیورسٹی کے کنٹرول وریسرچ نیز ٹریننگ سینٹر فار بائیولوجکس پروڈکشن میں مختلف لیبارٹری سہولیات، ویکسین پروڈکشن کی کپیسٹی اور منہ کھر بیماری کے خلاف ویٹرنری یونیورسٹی کی تیار کردہ FMD UVAC- ویکسین کے بارے میں بتایا۔ محکمہ لائیوسٹاک کے ایپی ڈیمالوجسٹ ڈاکٹر خالق نے تفصیلی پریزنٹیشن دی۔

اوکاڑہ خنجروں اور اسلحہ سے مسلح افراد نے حملہ کر کے ڈولفن اسکواڈ پولیس کے اہلکار اور اس کے ساتھی کو شدید زخمی کر دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ خنجروں اور اسلحہ سے مسلح افراد نے حملہ کر کے ڈولفن اسکواڈ پولیس کے اہلکار اور اس کے ساتھی کو شدید زخمی کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈولفن اسکواڈ پولیس کا کانسٹیبل ندیم عباس ڈیوٹی سے فارغ ہو کر اپنے دوست عامر شہزاد کے ہمراہ موٹر سائیکل پر سوار ہو کر اپنے گھر جا رہے تھے کہ اچانک راستے میں تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود ڈھرل چوک گورنمنٹ کالونی کے قریب خنجروں اور اسلحہ سے مسلح فرید ناگوری، عدنان ناگوری، ساحر، وقاص اور غلام مصطفی عرف بلا نے اپنے 8 نامعلوم ساتھیوں کے ہمراہ اسلحہ کے زور پر روکا اور خنجروں کے پے در پے وار کر کے پولیس کانسٹیبل ندیم عباس اور اس کے دوست عامر شہزاد کو شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے۔ پولیس تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ نے مقدمہ درج کر کے ملزموں کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارنے شروع کر دیئے ہیں۔

فرنیچر کو عالمی مارکیٹ تک رسائی کے منصوبے پر اظہار خیال

چنیوٹ کے ماہر کاریگروں کے ہاتھوں سے بنائے گئے فرنیچر کی مختلف اشیا دیکھیں اور شیشم کی لکڑی سے بنائے گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزارت تجارت اور منسٹری آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کی ایوان صنعت وتجارت اور فرنیچر مارکیٹ آمد چنیوٹ کے فرنیچر کو عالمی مارکیٹ تک رسائی اور میڈ ان چنیوٹ کے نام سے چنیوٹی فرنیچر کی نمائش لگانے سے متعلق خیالات کا اظہار کیا گیا وفاقی حکومت کی ہدایت پر وزارت تجارت اور منسٹری آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ریجنل ڈائریکٹر انکی ٹیم اظہر مجید ڈیزائنر جی آئی کی جانب سے میر قاسم ریسرچ اینا لسٹ آصف رضا لیگل مینجر، سلمان علی نے فرنیچر ایسوسی ایشن چنیوٹ کے وفد کے ہمراہ ایوان صنعت وتجارت کا دورہ اور فرنیچر مارکیٹ کا وزٹ کیا اور چنیوٹ کے ماہر کاریگروں کے ہاتھوں سے بنائے گئے فرنیچر کی مختلف اشیا دیکھیں اور شیشم کی لکڑی سے بنائے گئے مختلف خوبصورت ڈیزائنوں کی تعریف کی اور اس موقع پر کہا کہ حکومت کی ہدایت کے مطابق چنیوٹ کے فرنیچر کو عالمی مارکیٹ تک رسائی کو ممکن بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں اور ملک میں چنیوٹ کے خوبصورت فرنیچر کی نمائش کے لیے بھی آئندہ لائحہ عمل طے کیا جا رہا ہے، وفد کا کہنا تھا کہ چنیوٹ کا فرنیچر یقینی طور پر پوری دنیا میں اپنی نمایاں اور منفرد پہچان رکھتا ہے اور یہاں پر لکڑی پر ہونے والا کام پوری دنیا میں نہیں کیا جاتا وفد نے کہا کہ چنیوٹی فرنیچر کو عالمی مارکیٹ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے حکومتی سطح پر اقدامات کیے جائیں گے وفد نے چنیوٹ کے فرنیچر کی بہت جلد نمائش لگانے کے لیے اقدامات کی یقین دہانی کرائی ہے



غزہ شہر میں رمضان کے دوران لوگ غذائی امداد کے منتظر نظر آرہے ہیں۔ شنہوا

چیمپئنز ٹرافی سیمی فائنل: سیکیورٹی کے سخت انتظامات

سیف سٹی کے جدید ترین سرویلنس سسٹم کے ذریعے میچ کی نگرانی جاری

ائرپورٹ، ہوٹل، اسٹیڈیم اور اطراف کے تمام روٹس کی 24/7 مانیٹرنگ، ترجمان

لاہور (خبرنگار) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے چیمپئنز ٹرافی کے سکیورٹی انتظامات مکمل کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق آج قذافی اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ اور نیوزی لینڈ کے درمیان کھیلے جانے والے سیمی فائنل میچ کے لیے فول پروف سکیورٹی پلان پر عملدرآمد جاری ہے۔ قذافی اسٹیڈیم کے اندر اور باہر جدید ترین سیف سٹی سرویلنس سسٹم کے ذریعے مانیٹرنگ کی جارہی ہے۔ میچ کی سکیورٹی کے لیے 700 سے زائد کیمروں سے نگرانی جاری ہے جبکہ ایئرپورٹ، ہوٹل، اسٹیڈیم اور گردونواح کے روٹس کی 24 گھنٹے سرویلنس یقینی بنائی جا رہی ہے ترجمان پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے مطابق ورچوئل پیٹرولنگ افسران اور ٹیکنیکل ٹیمیں سیف سٹی ہیڈکوارٹر میں 24 گھنٹے ڈیوٹی سرانجام دے رہی ہیں۔ پی آر یو گاڑیوں پر نصب سیف سٹی کیمروں کے ذریعے بھی روٹس کی مانیٹرنگ جاری ہے، جبکہ سیف سٹی کی موبائل کمانڈ وہیکل قذافی اسٹیڈیم میں موجود ہے تاکہ سکیورٹی کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ لاہور پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کے تحت ایلیٹ فورس کی 33، ڈولفن اور پیرو کی 71 ٹیمیں پیٹرولنگ کر رہی ہیں جبکہ سکیورٹی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کروایا جا رہا ہے۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہر ممکن مدد فراہم کر رہی ہے اور بین الاقوامی سکیورٹی اسٹینڈرڈز کے مطابق جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے نگرانی کے عمل کو مزید مضبوط بنایا گیا ہے۔

تزکیہ قرآنِ مجید کے احکامات کی اساس ہے

وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر کا افطار ڈنر سے خطاب

لاہور (خبرنگار) وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر نے کہا ہے کہ تزکیہ قرآنِ مجید کے احکامات کی اساس ہے۔ وہ جامع مسجد میں یو ای ٹی اسلامک سوسائٹی کے افطار ڈنر سے خطاب کر رہے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ تزکیہ نفس کو پاک کر کے خاص اللہ کے تابع کر دیتا ہے۔ خراب نفس کی ایک سب سے بڑی وجہ "حُبِ دنیا" یا خواہشات ہے۔ نفس میں خرابی کی باعث دراصل وہ خواہشات پرستی ہے جو حلال وحرام کی تمیز نہ رہنے دے کیونکہ دنیا کی محبت وہ اندھی محبت ہے جو مقصد حیات کو نظروں سے اوجھل کر دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جوانی کی توبہ اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے۔ نبی ﷺ کا فرمان ہے "جو جوانی میں عبادت کرے وہ عرش الٰہی کے سائے میں ہوگا کہ اسے قیامت کے میدان کی گرمی نہ پہنچے گی۔ افطار ڈنر سے ڈاکٹر تنویر قاسم نے نزول قرآن کے حوالے لیکچر دیا۔ افطار ڈنر میں فیکلٹی ممبران کے علاوہ طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر اسلامک سوسائٹی یو ای ٹی کے فطار ڈنر سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی آج بھی سب سے بڑی سیاسی قوت ہے: مسرت چیمہ

عمران خان کی غیر معمولی مقبولیت فارم 47 مارکہ حکومت کا سب سے بڑا روگ ہے سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (پ ر) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے ظلم اور جبر کے ہر طرح کے ہتھکنڈوں کے باوجود تحریک انصاف آج بھی ملک کی سب سے بڑی سیاسی قوت ہے، سلاخوں کے پیچھے ہونے کے باوجود بانی پی ٹی آئی عمران خان کی غیر معمولی مقبولیت فارم 47 مارکہ حکومت کا سب سے بڑا روگ ہے۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پی ٹی آئی کی قیادت، رہنماؤں اور کارکنان کو خوفزدہ کرنے اور توڑنے کے لئے بدترین مظالم کے جو پہاڑ توڑے گئے ہیں اس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی، اس کے باوجود پی ٹی آئی کے ادنیٰ سے ادنیٰ کارکن کا عزم متزلزل نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان جیل کی صعوبتوں کے باوجود ملک وقوم کے لئے ڈٹے ہوئے ہیں، ان کا تمام رہنماؤں اور کارکنان کے لئے یہی پیغام ہوتا ہے کہ تاریک رات جلد ختم ہوگی۔

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور

سیکرٹری بورڈ رضوان نذیر و کنٹرولر امتحانات محمد زاہد میاں سمیت لاہور بورڈ کی خفیہ ٹیمیں بوٹی مافیا کے خلاف متحرک

لاہور (خبرنگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کے ویژن کے مطابق زیرو ٹالیرنس پالیسی کے تحت چیئرمین ٹاسک فورس کمیٹی برائے بورڈز مزمل محمود، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈاکٹر فرخ نوید، کمشنر لاہور ڈویژن/ چیئرمین بورڈ زید بن مقصود کی خصوصی ہدایات پر سیکرٹری لاہور بورڈ رضوان نذیر اور کنٹرولر امتحانات محمد زاہد میاں سمیت لاہور بورڈ کی خفیہ ٹیمیں بوٹی مافیا کے خلاف متحرک سیکرٹری لاہور بورڈ رضوان نذیر نے گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول جلو موڑ کا اچانک دورہ کرتے ہوئے انتظامات کا جائزہ لیا کنٹرولر امتحانات محمد زاہد میاں نے سینٹرل ماڈل سکول ریٹی گن روڈ لاہور وزٹ کیا دوران وزٹ سینٹرل ماڈل سکول ریٹی گن روڈ سے جعلی امیدوار کو پکڑ لیا گیا لاہور بورڈ کی نقل مافیا خفیہ ٹیم نے دوران چیکنگ گورنمنٹ ہائی سکول برکی سے شک گزرنے پر مبینہ طور پر دوست کی جگہ پرچہ دینے کے لیے آنے والے جعلی امیدوار کو پکڑا جعلی امیدوار کیخلاف یو ایم سی کیس بنا کر حوالہ پولیس کر دیا گیا میٹرک امتحان 2025 کو شفاف بنانے کے لیے متحرک ہیں

لوہاری گیٹ انوسٹیگیشن پولیس نے شہری کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کرنیوالے ملزمان گوجرانوالہ سے گرفتار کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) لوہاری گیٹ انوسٹیگیشن پولیس نے شہری کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کرنیوالے ملزمان گوجرانوالہ سے گرفتار کر لیے تفصیلات کے مطابق لوہاری گیٹ کے علاقے میں معمولی تلخ کلامی پر اویس اور شاہ زیب نے شہری فرحان رفیع کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا تھا ڈی آئی جی انوسٹی سید ذیشان رضا نے اس واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے پولیس ٹیم کو فوری طور پر ملزمان کو گرفتار کرنے کا ٹاسک دیا جس پر لوہاری گیٹ انوسٹیگیشن پولیس نے ملزمان کو جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلیجنس کی مدد سے گوجرانوالہ سے گرفتار کر لیا

Punjab Seed Corporation
4-Lytton Road, Lahore
No.PSC/HQ-Estt/1290
Dated: 04/03/2025

EMPLOYMENT OPPORTUNITY

Applications are invited from eligible persons (male & female) for the post of Medical Officer for recruitment (on temporary basis) in Punjab Seed Corporation, Agriculture Department, Government of the Punjab.

Sr	Name & Number of Posts	Qualification/Age
1	Medical Officer (BS-17) Post: One (01)	Qualification: MBBS Age: Upto 30years

How to apply:

1. The application on prescribed from (which can be downloaded from www.psc.agripunjab.gov.pk) addressed to the Director Administration, Punjab Seed Corporation, Lahore clearly indicating the post applied for along with curriculum vitae (CV), three passport-size recent photographs and attested copies of all the relevant documents, CNIC/ certificates/ degrees, must reach by 24/03/2025.
2. Late and incomplete applications shall not be considered and only eligible candidates will be called for test/interview. No TA/DA shall be paid.

General Terms & Conditions:

1. Relaxation in upper age limit is not admissible.
2. The appointment is only for six months, temporary in nature, and does not carry the right to an extension or confirmation.
3. Recruitment shall be made in accordance with PSC Service Rules, 2007.
4. Any false claim/information will lead to cancellation of candidature.
5. List of eligible candidates shall be displayed on the website of PSC prior to the interview in addition to the interview call letters. In case of any query/clarification, the candidate may approach to the Director Administration, Punjab Seed Corporation, Lahore.
6. Nomination of successful candidate shall be displayed on the website of PSC in addition to issuance of offer of appointment letter.
7. The post does not fall under the quota reserved for women, minorities and disable persons.

Director Administration
Punjab Seed Corporation,
4-Lytton Road, Lahore. 042-99212571-5

IPL:870

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر 30 لاکھ خاندانوں کو 10 ہزار روپے کی ادائیگی کا سلسلہ جاری

یونین کونسلز کے ذریعے، مستحقین کے گھر کی دہلیز پر جا کر پے آرڈر کی تقسیم کیلئے ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کو خصوصی ٹاسک دیا گیا ہے جس کو بخوبی احسن انجام دیا جا رہا ہے: معاون خصوصی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) معاون خصوصی برائے ایم پنجاب برائے پرائس کنٹرول اینڈ کموڈیٹیز مینجمنٹ سلمیٰ بٹ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف رمضان نگہبان پیکج کے تحت صوبہ کے 30 لاکھ خاندانوں کو 10 ہزار روپے فی کس نقد ادائیگی کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے، یونین کونسلز کے ذریعے، مستحقین کے گھر کی دہلیز پر جا کر پے آرڈر کی تقسیم کیلئے ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کو خصوصی ٹاسک دیا گیا ہے جس کو بخوبی احسن انجام دیا جا رہا ہے۔ یہ بات انہوں نے ضلع سیالکوٹ میں رمضان نگہبان پیکج کی تقسیم، سہولت بازار کے معائنہ اور ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی جانب سے گراں فروشی کے تدارک کیلئے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لینے اور یوسی احمد پورہ میں رمضان نگہبان پیکج کی تقسیم کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر اعظم بابر، ڈی ڈی ایل جی عمر امجد بیگ معاون خصوصی سی ایم پنجاب سلمیٰ بٹ نے کہا کہ اس گذشتہ سال کی نسبت اس بار رمضان میں اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں واضح کمی دیکھی جا سکتی ہے۔ دالوں، پیاز، ٹماٹر، آلو، لیموں کی قیمتوں 100 روپے فی کلو گرام کے حساب سے کمی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی نگرانی میں کام کرنے والی مینجمنٹ ٹیم کی محنت کا ثمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ منڈیوں میں پورا سال سپلائی چین کو برقرار رکھا گیا ہے اور جبکہ پرائس مجسٹریٹس کی تعیناتی کیلئے ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنرز منڈیوں میں نیلامیوں کی فزیکلی مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ سلمیٰ بٹ نے تاجر کمیونٹی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ رمضان سمیت دیگر مذہبی تہواروں میں دنیا بھر میں کھانے پینے سمیت اشیاء ضروریہ کی قیمتیں 50 فیصد کم کر دی جاتی ہیں جبکہ پاکستان میں بدقسمتی سے رمضان جیسے مہینے میں کساد بازاری، ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کی وجہ سے اس بابرکت مہینے میں غریب عوام کی پریشانیوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو گراں فروشوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتے۔ ناجائز منافع خوروں کا محاسبہ کریں گے۔ گراں فروشوں کی دکانیں سیل ہونگی، بھاری جرمانے ہونگے اور پرائس ایکٹ کے تحت مقدمات بھی درج کیے جائیں گے۔

ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت کی کھلی کچہری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے بصیر پور سرکل میں میونسپل کمیٹی (علاقہ تھانہ منڈی احمد آباد) میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کی درخواستوں کی سماعت کی گئی۔ شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس میں اعتماد کی فضاء قائم کرنا ہے تاکہ عوامی مسائل عوامی سطح پر ہی حل ہو سکیں۔ شہریوں کے مسائل فوری طور پر حل کر کے داد رسی کی جائے گی۔ ڈی پی او اوکاڑہ نے متعلقہ افسران کو سائلین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایات کیں۔

ظفروال حکومت پنجاب کی طرف سے نگہبان رمضان پیکج میں بے ضابطگیوں کا انکشاف

مائیں بہنیں قطاروں میں کھڑے ہو کر ذلیل و رسوا ہونے لگیں

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق حکومت پنجاب کی جانب سے غریب اور مستحق افراد کو دیا جانے والا رمضان نگہبان پیکج میں بے ضابطگیوں کا انکشاف۔ حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کیے گئے دس ہزار روپے کے چیک کو کیش کرانے کے لیے مرد و خواتین کو لمبی لمبی لائنوں میں گھنٹوں روزے کی حالت میں کھڑے ہونا پڑ رہا ہے جس کی وجہ سے مرد و خواتین کو ذلیل اور رسوا ہونا پڑ رہا ہے جبکہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے رمضان نگہبان پیکج مستحق افراد کی دہلیز پر پہنچانے کا وعدہ کر رکھا ہے مرد و خواتین کا کہنا ہے کیش دینے والے ڈسٹری بیوشن اپنے تعلقات والے افراد کو لائن میں لگے بغیر ہی کیش دے دیتے ہیں جس کی وجہ سے لائن میں لگے خواتین و حضرات سے زیادتی ہے۔ بعض خواتین کا کہنا ہے، ہم سے انگوٹھا بھی لگوالیا جاتا ہے اور ہم کو کیش بھی ادا نہیں کیا جاتا اور کہا جاتا ہے کہ آپکی رقم ابھی نہیں آئی رمضان نگہبان پیکج کے مستحقین نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز۔ چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب و ایم پی اے احمد اقبال۔ ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا سے نوٹس کا مطالبہ کیا ہے

عالمی یوم شہری دفاع کی مناسبت سے خصوصی سیمینار سول ڈیفنس افس میں منعقد ہوا

سیمینار میں سول ڈیفنس آفیسر نعیم شہزاد، چیف وارڈن سمیت دیگر اہلکاروں نے شرکت کی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) عالمی یوم شہری دفاع کی مناسبت سے خصوصی سیمینار سول ڈیفنس افس میں منعقد ہوا۔ سیمینار میں سول ڈیفنس آفیسر نعیم شہزاد، چیف وارڈن سمیت دیگر اہلکاروں نے شرکت کی۔ عالمی یوم شہری دفاع کی سلسلہ میں منعقدہ خصوصی تقریب سے سول ڈیفنس آفیسر نعیم شہزاد نے شہری دفاع کی تاریخ، افادیت اور معاشرے میں اس کے کردار پر روشنی ڈالی اور محکمہ کے اہلکاروں کی کارکردگی بارے آگاہی بھی دی۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ کے افسران، اہلکاران اور رضا کاران ہر قدرتی اور غیر قدرتی آفت زلزلہ، سیلاب، بم دھماکہ وغیرہ میں اپنی پیشہ ورانہ خدمات جاری رکھے ہوئے ہیں، بالخصوص عالمی وبا کورونا، زلزلہ اور سیلاب کے دوران ہمارے اہلکاروں اور رضا کاروں کی خدمات قابل فخر ہیں۔ اس موقع پر محکمہ میں تربیت حاصل کرنے والے سٹوڈنٹس نے بھی شہری دفاع کی افادیت اور معاشرے میں اس کے کردار پر روشنی ڈالی۔ مقررین نے خطاب میں محکمہ سول ڈیفنس کی کارکردگی کو سراہا اور رضا کاروں اور اہلکاروں کی خدمات کو قابل فخر قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ سول ڈیفنس کی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں اور محکمہ کے اہلکار ہر موقع پر دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ہمراہ اپنی خدمات جاری رکھے ہوئے ہیں۔

چوہدری محمد ادریس مینیجر ٹیوٹا سمندری کی تقریب الوداعی

تقریب میں ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر انجینئر فیض محمد بزدار سمیت دیگر افسران کی شرکت

سمندری (تحصیل رپورٹر) چوہدری ادریس مینیجر ٹیوٹا سمندری کی تقریب الوداعی، تقریب میں ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر انجینئر فیض محمد بزدار سمیت دیگر افسران کی شرکت، تفصیلات کے مطابق مینیجر ٹیوٹا سمندری چوہدری ادریس کی مدت ملازمت مکمل ہونے پر تقریب الوداعی کا اہتمام مقامی ہوٹل میں کیا گیا جس میں ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر ٹیوٹا فیصل آباد، چینیوٹ انجینئر فیض محمد بزدار، محمد اختر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈسٹرکٹ ٹیوٹا فیصل آباد، چوہدری جاوید (ر) مینیجر ٹیوٹا کھرڑیانوالہ، ملک مختار اعوان صدر ٹیوٹا یونین پنجاب، محمد سعید (ر) پرنسپل ٹیوٹا فیصل آباد نے خصوصی شرکت کی، اس موقع پر سمندری ٹیوٹا کالج کے سٹاف ممبران اعجاز احمد سعد سمیت دیگر ممبران نے بھرپور شرکت کی، شرکاء نے اس موقع پر چوہدری ادریس کی مدت ملازمت کو شاندار خراج تحسین پیش کیا اور انکو پھولوں کے گلدستے پیش کیے، تقریب کے آخر میں چوہدری ادریس نے معزز مہمانوں اور سٹاف ممبران کا شکریہ ادا کیا

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج نے منشیات فروش کو دس سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج نے منشیات فروش کو دس سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بصیر پور پولیس نے جون 2024 کو چھاپہ مار کر چک ابراہیم بصیر پور کے رہائشی بدنام زمانہ فروش قربان علی ولد اللہ دتہ سے 2 کلو 860 گرام چرس برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا تھا جس کا ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج دیپالپور نے فیصلہ سناتے ہوئے سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانہ کا حکم سنایا ہے۔

تھانہ نورشاہ کی کاروائی، منشیات فروش گرفتار، 2400 گرام چرس برآمد

ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان کے احکامات پر ساہیوال پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کاروائیاں جاری

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) تھانہ نور شاہ کی کاروائی، منشیات فروش گرفتار، 2400 گرام چرس برآمد۔ ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان کے احکامات پر ساہیوال پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کاروائیاں جاری ایس ایچ او تھانہ نورشاہ سب انسپکٹر عمر دراز نے ہمراہ ٹیم کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ملزم کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 2400 گرام چرس برآمد کر لی۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس کی اشیائے ضروریہ کے ریٹس کی چیکنگ کی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر نے عوام اشیائے خورونوش کی کنٹرول ریٹس پر فراہمی کے سلسلہ میں شہر کے مختلف مقامات پر متعدد دکانوں پر اشیائے ضروریہ کے ریٹس کی چیکنگ کی، انہوں نے کہا کہ ماہ رمضان میں اشیائے خورونوش کے ریٹس کی اوور چارجنگ میں ملوث افراد کو ہر صورت کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور انہیں بھاری جرمانوں کے ساتھ ساتھ مقدمات کا بھی سامنا کرنا پڑے گا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے عوامی ریلیف کو مد نظر رکھتے ہوئے شہری مارکیٹس اور دکانوں کی مسلسل مانیٹرنگ جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا کا شکرگڑھ شہر کا تفصیلی دورہ

باب شکرگڑھ کی تعمیر نو، چوک میں خوبصورت مانومنٹ لگانے اور شہر کی مین شاہراہوں کی اطراف بیوٹیفکیشن کے کام بارے اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ کے ساتھ تفصیلی گفتگو کی گئی

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا کا شکرگڑھ شہر کا تفصیلی دورہ۔ باب شکرگڑھ کی تعمیر نو، چوک میں خوبصورت مانومنٹ لگانے اور شہر کی مین شاہراہوں کی اطراف بیوٹیفکیشن کے کام بارے اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ کے ساتھ تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر صاحب کی جانب سے بائی پاس چوک کی اطراف موجود ہوٹلوں، دوکانوں اور کاروباری مراکز کے بے ہنگم سائن بورڈ کو یکساں ڈیزائن اور سائز میں بنانے اور دوکانوں کے شیڈ ہٹانے بارے تحصیل انتظامیہ کو ہدایات جاری کی گئیں۔ اپنے دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نارووال نے رمضان سہولت بازار شکرگڑھ کا وزٹ بھی کیا، اور رمضان بازار میں لگائے جانے والے پھل، سبزیوں، کریانہ آئیٹمز، چکن اور انڈوں کے سٹالز کا جائزہ لیا گیا۔ ڈی سی نارووال کی جانب سے رمضان سہولت بازار میں خریداری کیلئے آنے والے گاہکوں سے گفتگو بھی کی گئی اور رمضان بازار میں دستیاب اشیاء ضروریہ کی کوالٹی بارے استفسار کیا گیا۔ اپنے دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا میونسپل کمیٹی آفس شکرگڑھ بھی گئے، جہاں انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب نگہبان رمضان پیکج کے حوالے سے بنائے جانے والے اومنی سینٹرز کی انتظامیہ کے ساتھ میٹنگ کی، اور وزیر اعلیٰ پنجاب نگہبان رمضان پیکج کی رقم لوگوں تک پہنچانے کے عمل کو مکمل طور پر شفاف بنانے اور اس عمل میں کسی قسم کی غفلت نہ برتنے بارے واضح ہدایات جاری۔ میٹنگ کے بعد ڈی سی نارووال نے بذات خود شکرگڑھ شہر میں ریلوے روڈ پر قائم کردہ اومنی سینٹر کا دورہ بھی کیا اور لوگوں کو نگہبان رمضان پیکج کے تحت مہیا کی جانے والی امداد کے عمل کا جائزہ بھی لیا۔ شکرگڑھ شہر سے واپسی پر ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا نے تحصیل شکرگڑھ کے مختلف سکولوں میں میٹرک کے امتحانات کی بابت بنائے جانے والے امتحانی مراکز پر چھاپے بھی مارے، اور امتحانی مراکز پر انسداد نقل ساتی کیلئے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ بھی لیا۔

کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کا امتحان مراکز کا دورہ

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/ چیئرمین تعلیمی

بورڈ گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی نے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ کے زیراہتمام منعقد ہونے والے امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (فرسٹ اینول) 2025، کلاس دہم کے مضمون انگریزی کے پیپر کے انعقاد کے دوران پہلے گروپ میں امتحانی مراکز گورنمنٹ نجیب میموریل گرلز ہائی سکول، سول لائنز گوجرانوالہ، سینٹ جوزف انگلش میڈیم ہائی سکول، سیالکوٹ روڈ، گوجرانوالہ، گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین، راہوالی، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول، گکھڑ کے امتحانی مراکز اور دوسرے گروپ میں گجرات شہر کے امتحانی مراکز کا معائنہ کیا۔ کنٹرولر امتحانات پروفیسر محمد نعیم بٹ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے بھی راہوالی اور گکھڑ کے امتحانی سنٹرز چیک کیے اور بورڈ کے انتظامات کو سراہا۔ معائنہ کے دوران سید نوید حیدر شیرازی نے امتحانی مراکز کے ریذیڈنٹ انسپکٹرز کو حکومت پنجاب کے وژن ستھرا پنجاب کے مطابق سکولز/ کالجز کی مکمل طور پر صفائی رکھنے اور امتحانی مراکز کے اردگرد کا ماحول خوشگوار رکھنے کی ہدایت کی۔ کنٹرولر امتحانات پروفیسر محمد نعیم بٹ نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق صاف اور شفاف امتحانی نظام کو یقینی بنانے کیلئے کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن اور ان کی پوری ٹیم وزیر تعلیم رانا سکندر حیات اور سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈاکٹر فرخ نوید کی سربراہی میں سرگرم عمل ہے۔ ملک و قوم کا مستقبل بہت روشن ہے آج جو بچے امتحانات میں شامل ہو رہے ہیں انہی بچوں نے مستقبل میں ملک و قوم کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔

فیصل آباد ریلوے ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی میں مبینہ کرپشن، رشوت خوری اور بلیک میلنگ کا انکشاف

اس سنگین کرپشن کا فوری نوٹس لیا جائے اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افسران اور دیگر عملے کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے

ALLAH TAWAKAL

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ریلوے ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی میں بدعنوانی، رشوت خوری اور غیر قانونی سرگرمیوں کے سنگین الزامات سامنے آئے ہیں۔ سوسائٹی کی موجودہ کنوینیر کیئر ٹیکر کمیٹی اور اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو پر الزام ہے کہ وہ مال بنانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں اور کھلے عام بلیک میلنگ کے ذریعے رقم بٹور رہے ہیں۔ چند روز قبل سیل کیے گئے ایک شادی ہال کو مبینہ رشوت کے عوض دوبارہ کھولنے کی اجازت دی گئی۔ پہلے نوٹس جاری کر کے کارروائی کا تاثر دیا گیا، پھر خاموشی سے معاملات طے کر کے شادی ہال کو دوبارہ کھول دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق متعلقہ حکام کی جانب سے مبینہ رشوت وصول کر کے فیصلے پر عمل درآمد روک دیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سوسائٹی میں پلاٹوں کی غیر قانونی ایکسچینج کے ذریعے کروڑوں روپے کا مال بنایا جا چکا ہے۔ سیکرٹری کے احکامات کے مطابق ایکسچینج کا کوئی تصور موجود نہیں لیکن اس کے باوجود مبینہ رشوت وصول کر کے پلاٹوں کی ملکیت غیر قانونی طور پر تبدیل کی جا رہی ہے۔ سوسائٹی میں بلیک میلنگ اور رشوت خوری کے تحت پہلے لوگوں کے پلاٹوں پر قبضہ کروایا جاتا ہے، پھر انہیں سیل کیا جاتا ہے اور بعد میں مبینہ رشوت کے عوض سیل کو ختم کر دیا جاتا ہے۔ کرپٹ افسران کی ملی بھگت سے سوسائٹی میں غیر قانونی سرگرمیاں کھلے عام جاری ہیں، جبکہ عوام انصاف کے منتظر ہیں۔ فیصل آباد کے عوام اور متاثرین وزیر اعلیٰ پنجاب اور سیکرٹری کوآپریٹو سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ اس سنگین کرپشن کا فوری نوٹس لیا جائے اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افسران اور دیگر عملے کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ مزید تحقیقات سے یہ انکشاف ہوا ہے کہ کئی متاثرہ شہری اپنی شکایات درج کروا چکے ہیں لیکن تاحال کسی قسم کی کارروائی دیکھنے میں نہیں آئی۔ عوامی حلقے حکومت سے شفاف تحقیقات اور انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

دار الاحسان میرج ہال
ماشاءاللہ

پختہ تجاوزات گرانے کی بجائے لیت ولال سے کام لیا جانے لگا

بلاک نمبر 1 گلی مسجد اہل حدیث میں پختہ تجاوزات قائم ہیں جس سے آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

بھلوال (تحصیل رپورٹر) بھلوال کمشنر سرگودھا کے احکامات کے باوجود اسسٹنٹ کمشنر بھلوال اور چیف افیسر بھلوال پختہ تجاوزات گرانے کی بجائے لیت ولال سے کام لینے لگے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے جاری تجاوزات ہٹاؤ مہم ناکامی کا شکار ہونے لگی۔ بھلوال کے شہریوں نے کمشنر سرگودھا کو درخواست گزاری تھی کہ بلاک نمبر 1 گلی مسجد اہل حدیث میں پختہ تجاوزات قائم ہیں جس سے آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے درخواست پر ایکشن لیتے ہوئے کمشنر سرگودھا نے تجاوزات کے خلاف آپریشن کے احکامات جاری کیے جس پر اسسٹنٹ کمشنر بھلوال نے تجاوزات کرنے والے دکان داروں کو 3 دن میں رضا کارانہ طور پر تجاوزات ختم کرنے کے نوٹس جاری کیے مقررہ مدت ختم ہونے بعد ابھی تک اسسٹنٹ کمشنر بھلوال نے کوئی کارروائی نہیں کی بلکہ میڈیا کے رابطہ کرنے پر عذر گزاری کر رہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر پختہ تجاوزات ختم نہیں کی جاتیں تو تجاوزات کے خلاف آپریشن کاغذی کاروائی بن کر رہ جائے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے جاری تجاوزات کے خلاف آپریشن ناکامی کا شکار ہو جائے گا۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا تحصیل بھوآنہ کا طوفانی دورہ

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے نگہبان رمضان پیکج کے تحت ضلع بھر میں امدادی رقوم کی تقسیم شفاف انداز میں تیزی سے جاری ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے نگہبان رمضان پیکج کے تحت ضلع بھر میں امدادی رقوم کی تقسیم شفاف انداز میں تیزی سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے تحصیل بھوآنہ کا طوفانی دورہ کیا اور رمضان پیکج کی مستحقین تک فراہمی کے جاری عمل کا جائزہ لیا۔ وہ کڑک محمدی شریف یونین کونسل 27 موضع سمندری یونین کونسل 28، یونین کونسل 38 منگینی میں گئے اور سیکرٹری یونین کونسلز کو تمام پے آرڈرز فوری مستحق افراد تک پہنچانے کا حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیش بورڈ پر انٹری کے کام کو بھی ساتھ ساتھ مکمل کیا جائے۔ انہوں نے موقع پر موجود پے آرڈرز کے حامل مستحق افراد سے بھی ملاقات کی۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف علاقوں میں ریٹیل شاپس کا بھی دورہ کیا اور پے آرڈرز پر رقوم کی وصولیوں کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے دکانداروں کو متنبہ کیا کہ کسی قسم کی کٹوتی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کٹوتی پر دو افراد کو گرفتار اور مقدمات بھی درج ہوئے ہیں لہذا باز رہیں تاکہ ایکشن کی نوبت نہ آئے۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کا تحصیل ننکانہ کے مختلف علاقوں کا دورہ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کا تحصیل ننکانہ کے مختلف علاقوں کا دورہ۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ رانا عنصر جمیل، سی او ضلع کونسل عامر اختر بٹ سمیت دیگر افسران بھی ڈی سی کے ہمراہ تھے۔ ڈی سی محمد تسلیم اختر راو نے ننکانہ تا کھیاڑے کلاں روڑ پر لگائے جانے والے پودوں کی پرورش کا بغور جائزہ لیا اور تمام اداروں کو زیادہ سے زیادہ شجر کاری کرنے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے لوکل گورنمنٹ کے فیلڈ آفس کھیاڑے کلاں کا دورہ کر کے جاری تزئین و آرائش کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈی سی ننکانہ نے ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ کو تزئین و آرائش کے کام جلد مکمل کر کے فیلڈ دفاتر میں نیا فرنیچر رکھنے کے احکامات بھی جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے محکمہ لوکل گورنمنٹ کے زیر اہتمام گاؤں کوٹ امیر علی میں جاری شجر کاری کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر و دیگر افسران نے پودے لگائے اور ان کی بہتر پرورش کے لیے متعلقہ افسران پر زور دیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر میں موسم بہار کی شجر کاری مہم تیزی سے جاری ہے، مہم کے تحت ضلع میں ہزاروں نئے پودے لگائے جائیں گے جو آنے والی نسلوں کو بہتر ماحول فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ماحول کو بہتر بنانے کے لیے ہر فرد کو اپنے حصے کا پودا لگا کر اس کو پروان چڑھانا ہوگا تاکہ آئندہ آنے والی نسلیں صاف اور ستھرے ماحول میں سانس لے سکیں۔

ستھرا پنجاب
1139
GPS Map Camera

پبلک ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ احمد آباد نے سکول کے بچوں کو سکول یونیفارم تقسیم کیے

تقریب میں پبلک ویلفیئر سوسائٹی احمد آباد کے عہدیداران سے صدر مرزا شکیل احمد، نائب صدر ملک شہباز، سیکرٹری جنرل حافظ اسلام، سیکرٹری فنانس مرزا عدنان نے شرکت کی

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) پبلک ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ قلعہ احمد آباد نے گورنمنٹ پرائمری سکول نمبر 1 کے بچوں کو سکول یونیفارم تقسیم کیے سکول یونیفارم تقسیم کی تقریب میں پبلک ویلفیئر سوسائٹی احمد آباد کے عہدیداران سے صدر مرزا شکیل احمد، نائب صدر ملک شہباز، سیکرٹری جنرل حافظ اسلام، سیکرٹری فنانس مرزا عدنان نے شرکت کی جبکہ اس موقع پر سکول کے ہیڈ ماسٹر محمد خالد بھی موجود تھے پبلک ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ قلعہ احمد آباد کے صدر مرزا شکیل احمد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں مستحق بچوں کی ضروریات کے متعلق آگاہ ہونا چاہیے اور ان کے حصول تعلیم کی آسانی کے لئے اسطرح کے اقدام کرنے چاہیے تاکہ وہ اپنی تعلیم بہتر انداز میں جاری رکھ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ سکول کا نظم و نسق بہت اعلیٰ ہے جو اساتذہ کرام کی قابلیت کا ثبوت ہے۔ سکول میں صفائی کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔ سربراہ سکول اور تمام سٹاف بااخلاق اور محنتی ہیں۔ اہل علاقہ سے اپیل ہے کہ گورنمنٹ سکول نمبر 1 قلعہ احمد آباد میں اپنے بچوں کو تعلیم دلوائیں۔

ظفروال چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب و ایم پی اے احمد اقبال کا THQ ہسپتال کا دورہ

ظفروال ((زاہد چوہدری سے)) تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز ایم پی اے PP54 احمد اقبال چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب نے THQ ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا۔ ایم ایس THQ ڈاکٹر راحت جاوید نے ان کا استقبال کیا۔ ایم پی اے احمد اقبال نے THQ ہسپتال کی وارڈز۔ فارمیسی۔ ایمرجنسی وارڈ کا دورہ کیا انہوں نے مریضوں کو صحت کی سہولیات بارے پوچھا اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر راحت جاوید نے THQ میں سٹاف کی کمی بارے بتایا جس پر ایم پی اے احمد اقبال چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے متعلقہ احکام کو فوری طور پر سٹاف کی کمی کو پورا کرنے کی ہدایت کی بعد ازاں احمد اقبال ایم پی اے نے پرانا چونڈہ روڈ پر ناجائز تجاوزات کے خلاف ہونے والے آپریشن کا بھی جائزہ لیا۔

مقررہ نرخوں سے زائد رقم پر چکن فروخت کرنے پر مقامی انتظامیہ کا ایکشن

دو دکانداروں کو پانچ پانچ ہزار روپے جرمانہ کر دیا گیا جبکہ دوسری جانب چکن فروش یونین نے تحصیل بھر میں ہڑتال کر دی

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) مقررہ نرخوں سے زائد رقم پر چکن فروخت کرنے پر مقامی انتظامیہ کا ایکشن، ذرائع کے مطابق دو دکانداروں کو پانچ پانچ ہزار روپے جرمانہ کر دیا گیا جبکہ دوسری جانب چکن فروش یونین نے تحصیل بھر میں ہڑتال کر دی، پنجاب حکومت کے ماتحت اداروں کیلئے قیمتوں میں کنٹرول ایک بڑا چیلنج بنتا دکھائی دے رہا ہے، آخر کب تک غیر رجسٹرڈ تنظیمیں من مرضی کے ریٹ لگانے کیلئے ہڑتالیں کر کے سرکار کو دباؤ میں لاتی رہینگی، کیا سرکار اپنی رٹ یقینی بنانے کیلئے مقررہ کردہ نرخوں پر چکن سمیت اشیاء خورد و نوش کی فروخت پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتا کریگی یا سخت ایکشن لیتے ہوئے کوئی ٹھوس اور عملی اقدامات بھی اٹھائے گی؟ وقت کا تقاضہ یہی ہے کہ حکومت اپنی رٹ یقینی بنانے کیلئے منڈیوں سمیت مارکیٹ میں بھی صرف رجسٹرڈ افراد کو کاروبار کرنے کی اجازت دے اور گرانفروشی پر رجسٹریشن منسوخ کر دے تاکہ حکومت کی رٹ عام عوام کو نہ صرف نظر آئے بلکہ عوام اس سے مستفید بھی ہو سکیں، تحصیل چوآسیدن شاہ میں سرکار اور چکن فروشوں کے درمیان کھڑا اونٹ کس کروٹ بیٹھے اس کا فیصلہ بھی آنے والے چند روز میں متوقع ہے،

نگہبان رمضان پیکج اچھا اقدام: کروڑ پتی لوگوں کی شمولیت باعث تشویش

ہزاروں سفید پوش لوگوں کے نام شامل نہیں کیے گئے سوالات اٹھ گئے، ڈیجیٹل والٹ کیش کرنے والے دوکاندار 500 روپے کٹوتی کرنے لگے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نگہبان رمضان پیکج کے تحت 10 ہزار روپے کے ڈرافٹس کی تقسیم جاری ایچ بی ایل کنکٹ سے منسلک دوکانوں نے لوٹ مار شروع کر دی 10 ہزار روپے کی بجائے 9500 روپے دیے جا رہے ہیں دیدہ دلیری سے فی چیک 500 روپے کٹوتی کی جا رہی ہے جبکہ دوسری جانب گزشتہ سال کی طرح اس دفعہ بھی نگہبان راشن پیکج میں امیر اور کروڑ پتی خاندانوں کے نام شامل ہیں جبکہ ہزاروں مستحق اور سفید پوش لوگوں کا نام شامل نہیں کیا گیا حکومت کی جانب سے مستحق افراد میں دس ہزار روپے کے ڈیجیٹل والٹ کی تقسیم خوش آئند ہے اس سے مستحق افراد مستفید ہو رہے ہیں لیکن لسٹوں کی تیاری کے دوران غیر متعلقہ افراد کی شمولیت اور ہزاروں سفید پوش خاندانوں کے نام شامل نہ ہونے سے گہری تشویش پائی جا رہی ہے ڈرافٹ وصول کرنے والے لوگوں کا کہنا ہے کہ بنک آف پنجاب ڈرافٹ کو کیش میں تبدیل نہیں کر رہا جس پر ایچ بی ایل کنکٹ کے ساتھ منسلک ایزی پیسہ شاپس پر 500 روپے فی چیک کٹوتی کی جا رہی ہے سیاسی نمائندوں سمیت متعلقہ اداروں کو 500 روپے کا فی چیک کٹوتی کا نوٹس لینا چاہیے تاکہ مستحق افراد کو مکمل رقم مل سکے۔

سابق وفاقی وزیر و سابق رکن قومی اسمبلی بیرسٹر عثمان ابراہیم کی یونین کونسل 52 کے دفتر میں آمد

وائس چیئرمین یونین کونسل 52 محمد آصف بٹ نے استقبال کیا، اس موقع پر غلام حیدر، مدثر انصاری، محمد ماجد، محمد قاسم، منور، محمد قادر و دیگر بھی موجود تھے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سابق وفاقی وزیر و سابق رکن قومی اسمبلی بیرسٹر عثمان ابراہیم کی یونین کونسل 52 کے دفتر میں آمد، وائس چیئرمین یونین کونسل 52 محمد آصف بٹ نے استقبال کیا، اس موقع پر غلام حیدر، مدثر انصاری، محمد ماجد، محمد قاسم، منور، محمد قادر و دیگر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر یو سی وائس چیئرمین محمد آصف بٹ نے سابق وفاقی وزیر بیرسٹر عثمان ابراہیم کو یونین کونسل کے مکینوں کو درپیش مسائل سے تفصیلاً آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ علاقہ مکینوں کو واسا کے حوالے سے بہت زیادہ مسائل کا درپیش ہیں جس پر سابق بیرسٹر عثمان ابراہیم نے علاقہ مکینوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یونین کونسل 52 میں کچھ ترقیاتی سکیموں پر کام جاری ہے جبکہ کچھ ترقیاتی منصوبوں پر کاموں کا بہت جلد آغاز ہو جائے گا، انہوں نے کہا کہ علاقہ مکینوں کو واسا کے حوالے سے درپیش مسائل کے خاتمہ کیلئے وہ ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کریں گے جس پر علاقہ مکینوں نے بیرسٹر عثمان ابراہیم انصاری کا شکریہ ادا کیا۔

پاکستان میں اقلیتوں کو مکمل آزادی حاصل ہے: رمیش سنگھ اروڑا

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اقلیتوں کی عبادت گاہوں کی تزئین و آرائش کیلئے خصوصی فنڈز مختص کیے ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑا نے کہا ہے کہ پاکستان میں اقلیتوں کو مکمل آزادی حاصل ہے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اقلیتوں کی عبادت گاہوں کی تزئین و آرائش کیلئے خصوصی فنڈز مختص کیے ہیں جن میں امسال دو فیصد اضافہ کیا گیا ہے پاکستان بنانے اور اس کی تعمیر و ترقی میں اقلیتوں کا کردار کلیدی ہے جو ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں پاکستان ایک پھولوں کے ایک گلدستے کی مانند ہے جس کے تمام پھول اپنی اپنی مہک رکھتے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونائیٹڈ پریئر فیسٹیول میں بطور مہمان خصوصی شرکت کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا، فیسٹیول میں ملک و بیرون ملک سے آئے مسیحی برادری کے رہنماؤں نے شرکت کی، اس موقع پر بیرون ملک سے آئے مسیحی نمائندوں پاسٹر اوینڈرس جون اور مسٹر کیرک نے خصوصی فنڈز دینے کا اعلان کیا، فیسٹیول کے میزبان القاس اللہ غازی نے وسیم سنی بھٹی، اشفاق غوری، ارشد پرویز، عدنان سلیم، ایلڈر سلیم گل، عابد بھٹی، پاسٹر اسلم غوری، خالد شیر کھوکھر و دیگر کے ہمراہ فنڈز کی فراہمی اور فیسٹیول میں شرکت پر تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا جبکہ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑا نے کہا کہ سابقہ حکومت نے اقلیتوں کے ساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کیا جس کے ازالہ کیلئے موجودہ پنجاب حکومت اقلیتوں کی محرومیوں کا خاتمہ کر رہی ہے اور انہیں تمام شعبوں میں کردار ادا کرنے کے بھرپور مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں نوکریوں و سکالرز شپ سمیت تمام امور میں انہیں فوقیت دی جا رہی ہے پنجاب میں پہلی بار منیارٹی کارڈ کا آغاز کیا گیا جس سے مستحق مسیحی گھرانے مالی امداد حاصل کر رہے ہیں اب تک 50 ہزار گھرانے اس سے مستفید ہو چکے ہیں (ن) لیگ اپنے وعدے کے مطابق تمام طبقات کی زندگیوں میں انقلابی تبدیلیاں رونما کر رہی ہے۔

آئی جی این ایچ ایم پی رفعت مختار راجہ کا فینس چوری کرنے والوں کیخلاف آپریشن

اس ضمن میں کسی قسم کی لاپرواہی اور غفلت نہ برتی جائے عوام الناس اور روڈ یوزرز کو بھی چاہیے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) آئی جی این ایچ ایم پی رفعت مختار راجہ نے موٹروے کی اطراف فینس چوری کرنے والوں کیخلاف مقدمات درج کروانے کی ہدایت کر دی ہے اور واضح کیا ہے کہ اس ضمن میں کسی قسم کی لاپرواہی اور غفلت نہ برتی جائے عوام الناس اور روڈ یوزرز کو بھی چاہیے کہ اس مہم میں موٹروے پولیس افسران کے شانہ بشانہ رہیں اور اپنے گرد و نواح اگر فینس چوری ہوتے ہوئے دیکھیں تو 130 پہ کال کر کے مطلع کریں اگر قریب کوئی پٹرولنگ گاڑی ہے تو اس سے فوراً رابطہ کریں تاکہ بروقت قانونی کاروائی عمل میں لائی جا سکے، ایس پی این ایچ ایم پی امداد اللہ شاہد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موٹروے پولیس آئی جی این ایچ ایم پی رفعت مختار راجہ کی قیادت میں موٹروے اور قومی شاہراہوں پر روڈ یوزرز کو بہترین سفری سہولیات دینے کیلئے دن رات کوشاں ہے، اس موقع پر ڈی ایس پی ایڈمن یاسر ذوالفقار بٹ ڈی ایس پی سکیورٹی میاں ظہیر وقاص پی ایس او ٹو ڈپٹی کمانڈنٹ مہر عدنان احمد ٹیپو پی آر او سید محمد قوی حیدر زیدی بھی موجود تھے۔

تحصیل بھر میں صفائی مہم کا آغاز کر دیا گیا، صاف اور صحت مند ماحول کے قیام کا عزم

الہ آباد (نامہ نگار) تحصیل بھر میں صفائی مہم کا آغاز کر دیا گیا اب چمکے گی تحصیل چونیاں بھی ہر گلی محلہ ہوگا کچرے سے پاک تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن "ستھرا پنجاب" کے تحت لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت کنٹریکٹر کی مدد سے تحصیل چونیاں میں آج صفائی مہم کامیابی سے شروع کر دی گئی ہے آج گاؤں ارزانی پور میں کوڑے کرکٹ کے پرانے ڈھیروں کو اٹھایا گیا ہے موسم سرما ہو یا موسم گرما ہو اس کے باوجود LWMC کی محنتی ٹیم دیہی علاقوں میں شہری علاقوں جیسی صفائی کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ صفائی میں مساوات کو فروغ دیا جا سکے تحصیل مینیجر سلمان ملک اور مرزا عارف بیگ نے عوام کو صفائی کی اہمیت کے بارے میں آگاہ کیا اور یہ بھی کہا کہ صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے مہم میں علاقے کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے جدید مشینری کی مدد لی گئی جو ہر طرح کی مشکلات میں بھی صاف اور صحت مند ماحول کے قیام کا عزم ظاہر کرتی ہے

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

مہنگائی میں کمی! وزیراعظم کا کریڈٹ

وزیراعظم شہباز شریف نے کنزیومر پرائس انڈیکس کے حوالے سے افراط زر میں مسلسل کمی پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ معیشت کی بہتری، کاروبار اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے تمام ادارے مل کر کام کر رہے ہیں، امید ہے کہ افراط زر میں مزید کمی ہوگی۔ یہ امر انتہائی خوش آئند ہے کہ افراط زر کی شرح فروری 2025 میں 1.5 فیصد تھی جو ستمبر 2015 کے بعد سب سے کم شرح افراط زر ہے، جولائی 2024 سے فروری 2025 تک افراط زر کی اوسط شرح 5.9 فیصد تک رہی جبکہ پچھلے مالی سال میں اسی عرصہ میں یہ 28 فیصد تھی جو ایک نمایاں کمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی معاشی ٹیم کی شاندار کاوشوں کی بدولت معاشی اشاریے ہر گزرتے دن کے ساتھ بہتر ہو رہے ہیں۔ میکرو اکنامک معاشی بہتری کا فائدہ عوام تک پہنچنا شروع ہو گیا ہے۔ دوسری جانب وفاقی ادارہ شماریات کی جاری کردہ ماہانہ رپورٹ کے مطابق فروری میں مہنگائی میں اضافے کی رفتار حکومتی تخمینوں سے بھی نیچے آگئی، سالانہ بنیاد پر فروری میں مہنگائی میں اضافے کی رفتار 1.52 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ ایک رپورٹ کے مطابق معاشی اعتبار سے 2024 کو پاکستان کیلئے بہتر سال قرار دیا گیا جبکہ عالمی ریٹنگ ایجنسی فچ اور ایشیائی ترقیاتی بنک بھی پاکستانی معیشت میں بہتری پیدا ہونے کا اعتراف کر چکے ہیں۔ گزشتہ سال عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) بھی پاکستانی معیشت کے استحکام کی طرف گامزن ہونے پر اطمینان کا اظہار کر چکا ہے۔ ان رپورٹوں کے تناظر میں ہی حکومت معیشت کی بحالی کا کریڈٹ لیتی رہی ہے اور قوم کو یہ نوید بھی سنائی جاتی رہی ہے کہ معیشت کی بحالی کے ثمرات عوام تک پہنچنا شروع ہو گئے ہیں جو حوصلہ افزا صورتحال ہے تاہم عوام پر مصنوعی مہنگائی لادنے والے مافیاز نے عوام کو مہنگائی میں ریلیف دینے کا حکومتی عزم خاک میں ملانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ ماہ رمضان المبارک کے آغاز ہی میں اشیائے خوردونوش کا جستیں بھرنا اس کا بین ثبوت ہے۔ اس صورتحال میں عام آدمی کیلئے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہو چکا ہے جبکہ بجلی اور گیس کے بھاری بلوں کی ادائیگی بھی عوام پر اضافی بوجھ ہے۔ حکومت کو اپنی گورننس کا بھی جائزہ لینا چاہیے کہ کہیں طاقتور مافیا حکومتی کوششوں کو برباد تو نہیں کر رہا کیونکہ مہنگائی کی کمی سے عوام مستفید ہونگے تو خوشحال معاشرے کے تصور پختہ ہوگا۔ محض دعوؤں اور رپورٹوں سے عوام ہرگز مطمئن نہیں ہو پائیں گے۔

وزیراعظم شہباز شریف نے کنزیومر پرائس انڈیکس کے حوالے سے افراط زر میں مسلسل کمی پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ معیشت کی بہتری، کاروبار اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے تمام ادارے مل کر کام کر رہے ہیں، امید ہے کہ افراط زر میں مزید کمی ہوگی۔ یہ امر انتہائی خوش آئند ہے کہ افراط زر کی شرح فروری 2025 میں 1.5 فیصد تھی جو ستمبر 2015 کے بعد سب سے کم شرح افراط زر ہے، جولائی 2024 سے فروری 2025 تک افراط زر کی اوسط شرح 5.9 فیصد تک رہی جبکہ پچھلے مالی سال میں اسی عرصہ میں یہ 28 فیصد تھی جو ایک نمایاں کمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی معاشی ٹیم کی شاندار کاوشوں کی بدولت معاشی اشاریے ہر گزرتے دن کے ساتھ بہتر ہو رہے ہیں۔ میکرو اکنامک معاشی بہتری کا فائدہ عوام تک پہنچنا شروع ہو گیا ہے۔ دوسری جانب وفاقی ادارہ شماریات کی جاری کردہ ماہانہ رپورٹ کے مطابق فروری میں مہنگائی میں اضافے کی رفتار حکومتی تخمینوں سے بھی نیچے آگئی، سالانہ بنیاد پر فروری میں مہنگائی میں اضافے کی رفتار 1.52 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ ایک رپورٹ کے مطابق معاشی اعتبار سے 2024 کو پاکستان کیلئے بہتر سال قرار دیا گیا جبکہ عالمی ریٹنگ ایجنسی فچ اور ایشیائی ترقیاتی بنک بھی پاکستانی معیشت میں بہتری پیدا ہونے کا اعتراف کر چکے ہیں۔ گزشتہ سال عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) بھی پاکستانی معیشت کے استحکام کی طرف گامزن ہونے پر اطمینان کا اظہار کر چکا ہے۔ ان رپورٹوں کے تناظر میں ہی حکومت معیشت کی بحالی کا کریڈٹ لیتی رہی ہے اور قوم کو یہ نوید بھی سنائی جاتی رہی ہے کہ معیشت کی بحالی کے ثمرات عوام تک پہنچنا شروع ہو گئے ہیں جو حوصلہ افزا صورتحال ہے تاہم عوام پر مصنوعی مہنگائی لادنے والے مافیاز نے عوام کو مہنگائی میں ریلیف دینے کا حکومتی عزم خاک میں ملانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ ماہ رمضان المبارک کے آغاز ہی میں اشیائے خوردونوش کا جستیں بھرنا اس کا بین ثبوت ہے۔ اس صورتحال میں عام آدمی کیلئے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہو چکا ہے جبکہ بجلی اور گیس کے بھاری بلوں کی ادائیگی بھی عوام پر اضافی بوجھ ہے۔ حکومت کو اپنی گورننس کا بھی جائزہ لینا چاہیے کہ کہیں طاقتور مافیا حکومتی کوششوں کو برباد تو نہیں کر رہا کیونکہ مہنگائی کی کمی سے عوام مستفید ہونگے تو خوشحال معاشرے کے تصور پختہ ہوگا۔ محض دعوؤں اور رپورٹوں سے عوام ہرگز مطمئن نہیں ہو پائیں گے۔

محکموں سے ابھی تک محروم نئے وفاقی وزرا اور "حقیقی صحافت"

برملا
نصرت جاوید
nusrat.javeed@gmail.com

رب کریم سے فریاد ہے کہ جب یہ کالم چھپے تو معاملہ حل ہو چکا ہو۔ منگل کی صبح تک اگرچہ حل نہیں ہوا تھا۔ مسئلہ یہ ہے کہ آج سے چند روز قبل وفاقی کابینہ میں توسیع ہوئی تھی۔ نئے وزیروں نے حلف بھی اٹھالیا۔ محکمے لیکن انہیں ابھی تک الاٹ نہیں ہوئے۔ وزرا کی حلف برداری کے چند روز گزر جانے کے باوجود ان کے لئے محکموں کی تلاش حیران کن واقعہ ہے۔ اچھے وقتوں میں جب صحافت زندہ تھی۔ لوگ سیاست کو بھی ذرا سنجیدگی سے لیا کرتے تھے تو وزرا کو محکموں کی فراہمی میں دیر اخبارات کے لئے کہانیاں فراہم کرتی۔ کالم نگار اپنے انداز میں حکومت کی نالائقی پر برسنا شروع ہو جاتے۔ مزاحیہ کالم لکھنے والوں کی دکان بھی چمک اٹھتی۔ میڈیا میں اس امر کے بارے میں اب کی بار مذکورہ معاملے کی بابت جو خاموشی طاری ہے وہ محض رپورٹنگ نامی شعبے کی موت کا اعلان ہی نہیں کرتی، یہ حقیقت بھی عیاں کرتی ہے کہ صحافیوں کے لئے ممنوعہ علاقوں میں بے پناہ اضافہ ہو چکا ہے۔ پنجابی کا ایک محاورہ مشورہ دیتا ہے کہ دشمن کو مار دینے سے ڈرائے رکھنا زیادہ بہتر ہوتا ہے۔ موجودہ حکومتی بندوبست نے اسی مشورے پر عمل کرتے ہوئے پارلیمان سے ایک قانون پر انگوٹھے لگوا لئے ہیں۔ پیکا اس قانون کا نام ہے۔ نظر بظاہر اس قانون کا اطلاق محض سوشل میڈیا پر ہونا ہے۔ مذکورہ قانون کو پاس ہوئے مگر کئی ہفتے گزر چکے ہیں۔ سوشل میڈیا پر واہی تباہی اپنی جگہ برقرار ہے۔ پاکستان سے فرار ہو کر امریکہ مقیم ہوا ایک بے سرا صوفی بھی اسی میڈیا کے ذریعے میرے ساتھ الجھنے کی کوشش کرتا ہے۔ لاہور کی گلیوں میں جوان ہونے کی وجہ سے لیکن مجھے حساب برابر کرنا آتا ہے۔ ہماری اشرافیہ کے معزز ترین افراد مگر اس دو نمبر صوفی کی سطح پر گر نہیں سکتے جو زلمے خلیل زاد کے ساتھ اپنی تصویر لگا کر خوش رہتا ہے۔ اس کے علاوہ نام نہاد مصنوعی ذہانت کے استعمال سے ایسی کئی وڈیو پوسٹ ہوئی ہیں جو ہر اعتبار سے غیر اخلاقی ہی نہیں ہمارے ٹھوس اقتصادی مفاد کے لئے خطرے کی حامل بھی ہو سکتی ہیں۔ حکومت نے پیکا قانون منظور کروانے کے بعد ایسا تنظیمی ڈھانچہ کھڑا ہی نہیں کیا جو سوشل میڈیا پر پھیلائی واہی تباہی روکنے کے کام آ سکے۔ ویسے بھی موجودہ حکومتی بندوبست پر اصل حملہ امریکہ میں مقیم تحریک انصاف کے حامی انقلابیوں کی جانب سے ہو رہا ہے۔ وہاں موجود انقلابیوں کو حکومت ہاتھ نہیں لگا سکتی۔ آزادی اظہار کا سب سے بڑا چیمپئن - ایلان مسک - کبھی ٹویٹر کہلاتے X کا مالک ہے اور وہ ٹرمپ حکومت کا سب سے تگڑا شخص بن چکا ہے۔ بے شمار امریکی محکموں سے چن چن کر فالتو آدمی نکال رہا ہے۔ بذات خود یہ نسل پرست جنوبی افریقہ کے سفید فام گھر میں پیدا ہوا تھا۔ ماں کینیڈا کی شہری تھی۔ اس کی وجہ سے یہ بھی کینیڈا کا پاسپورٹ لے کر امریکہ آ گیا۔ دفاعی ٹھیکوں سے اس نے بے تحاشہ دولت کمائی ہے۔ اب امریکی مفادات کا نگہبان ہے۔ اپنی حلف برداری کی تقریب میں ٹرمپ نے اسے امریکی پارلیمان کے منتخب شدہ اراکین کے مقابلے میں کہیں زیادہ لفٹ کروائی۔ اس کی پذیرائی سے گھبرا کر فیس بک کے مالک نے بھی اپنے پلیٹ فارم سے ایڈیٹر ہٹا دیا ہے۔ فیس بک کا ہر صارف اب جو چاہے اپنے دل کی بات مہذب ہوئے بغیر لکھ سکتا ہے۔ ایسے عالم میں پاکستان تحریک انصاف کے حامی انقلابیوں کو اربوں روپے لگا کر بھی بلاک کرنے کے قابل نہیں رہا۔ وی پی این روکنا ممکن نہیں۔ انقلابیوں کی لہذا رونق لگی ہوئی ہے۔ برا مگر انقلابیوں کے مقابلے میں مجھ جیسے فرسودہ صحافی مگر خود کو مفلوج محسوس کر رہے ہیں۔ مجھے کم از کم تین ایسے افراد کی آنیوں جانیوں کا ذاتی طور پر علم ہے جو انہوں نے وفاقی کابینہ میں شمولیت کی خاطر اپنائیں۔ ان میں سے ایک صاحب نے یہ دعوی بھی ٹیلی فون پر اپنے دوستوں سے کیا کہ وزیر اعظم شہباز شریف موصوف کو مبینہ طور پر ازبکستان سے ٹیلی فون کے ذریعے تسلیاں دیتے رہے۔ میں اگر یہ سب واقعات متعلقہ افراد کے نام سمیت لکھ دوں۔ وہ کالم میں چھپ جائیں۔ کالم چھپ کر سوشل میڈیا پر پوسٹ ہو جائے تو یہ تینوں افراد مجھے فیک نیوز پھیلانے کا مرتکب ٹھہرا سکتے ہیں۔ میں اپنے دفاع میں فقط ان تاریخوں کا ذکر کر سکتا ہوں جب ان تینوں نے وزیر اعظم کے دفتر سے رابطے کی کوشش کی۔ ان لوگوں کا ذکر بھی ہو سکتا ہے جن کی موجودگی میں ٹیلی فون کے ذریعے ملاقاتوں کی درخواست کی جا رہی تھی۔ جن لوگوں کی موجودگی میں یہ واقعات ہوئے وہ میری حمایت میں لیکن گواہی دینے کو آمادہ کیوں ہوں گے؟ مجھے ہی جھوٹا اور فیک نیوز کا پرچارک قرار دے کر طویل قید کاٹنے جیل بھیج دیا جاؤں گا۔ دن دیہاڑے قتل کرنے والے شخص کو بھی اپیل کے دو حق ملتے ہیں۔ ہائی کورٹ اس کی جان خلاصی کو تیار نہ ہو تو سپریم کورٹ سے رحم کی گنجائش نکالی جا سکتی ہے۔ پیکا ایکٹ کے تحت سزا یافتہ مجرم کو مگر اپیل کا فقط ایک پلیٹ فارم میسر ہے اور وہ ہے سپریم کورٹ۔ پیکا کے خوف سے لہذا بہت کچھ جانتے ہوئے بھی میں آپ کو مطلع کرنے سے قاصر ہوں کہ وفاقی کابینہ میں نئی شمولیتوں کے بعد وزرا کو محکمے الاٹ کرنے میں کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ وزرائے مملکت سے ترقی پا کر جو خواتین و حضرات پورے وزیر بنے ہیں ان کے مطلوبہ محکمے کونسے ہیں اور انہیں مطلوبہ محکمے ملنے میں کیا دشواری ہے۔ پٹرولیم کی وزارت کیوں بہت تگڑی وزارت ہے۔ اس کے وزیر کے کیا اختیارات ہیں اور ان کا فائدہ اٹھاتے ہوئے آپ کس نوعیت کے مافیاز کی سرپرستی کر سکتے ہیں۔ ان سب معاملات پر لیکن پیکا کے قانون سے مفلوج ہوئے اذہان کھل کر لکھنے کی قوت سے محروم ہو چکے ہیں۔ موجودہ حکومتی بندوبست کے ترجمان مگر یہ کہنے سے باز نہیں آ رہے کہ حقیقی صحافیوں کو پیکا سے گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ پیکا تو حقیقی صحافت کو بلکہ فروغ دے گا۔ حقیقی صحافت اس شعبے کو ساری زندگی دینے کے باوجود سمجھنے کو بے چین ہوں۔ فی الحال سمجھ آئی ہے تو اتنی کہ اس کا مقصد حکومتی کارکردگی کو بڑھ چڑھ کر بیان کرتے ہوئے لوگوں کو امید دلانا ہے کہ ہم چھلانگیں لگاتے ہوئے ترقی و خوشحالی کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ غیر ملکی سرمایہ کاری کا سیلاب امڈنے کو بے چین ہے۔ ہم سمجھ نہیں پائیں گے کہ اسے کیسے سنبھالیں۔ پاک-افغان سرحد پر واقع طورخم کا بارڈر مگر دس دن سے بند ہے۔ ٹرکوں کی لمبی قطاریں ہیں اور اب اتوار کی رات سے وقتاً فوقتاً افغان سرحد سے ہوائی فائرنگ کی تڑتڑاہٹ سڑک پر خجل خوار ہوتے ٹرک ڈرائیوروں کے دل کی دھڑکن تیز کر دیتی ہے۔ اسے بھلا کر حکومتی کارکردگی کا ذکر ہی مگر حقیقی صحافت ہے۔ عمر کے آخری حصے میں خود کو اس کے قابل بنانے کی کوشش کر رہا ہوں۔

رب کریم سے فریاد ہے کہ جب یہ کالم چھپے تو معاملہ حل ہو چکا ہو۔ منگل کی صبح تک اگرچہ حل نہیں ہوا تھا۔ مسئلہ یہ ہے کہ آج سے چند روز قبل وفاقی کابینہ میں توسیع ہوئی تھی۔ نئے وزیروں نے حلف بھی اٹھالیا۔ محکمے لیکن انہیں ابھی تک الاٹ نہیں ہوئے۔ وزرا کی حلف برداری کے چند روز گزر جانے کے باوجود ان کے لئے محکموں کی تلاش حیران کن واقعہ ہے۔ اچھے وقتوں میں جب صحافت زندہ تھی۔ لوگ سیاست کو بھی ذرا سنجیدگی سے لیا کرتے تھے تو وزرا کو محکموں کی فراہمی میں دیر اخبارات کے لئے کہانیاں فراہم کرتی۔ کالم نگار اپنے انداز میں حکومت کی نالائقی پر برسنا شروع ہو جاتے۔ مزاحیہ کالم لکھنے والوں کی دکان بھی چمک اٹھتی۔ میڈیا میں اس امر کے بارے میں اب کی بار مذکورہ معاملے کی بابت جو خاموشی طاری ہے وہ محض رپورٹنگ نامی شعبے کی موت کا اعلان ہی نہیں کرتی، یہ حقیقت بھی عیاں کرتی ہے کہ صحافیوں کے لئے ممنوعہ علاقوں میں بے پناہ اضافہ ہو چکا ہے۔ پنجابی کا ایک محاورہ مشورہ دیتا ہے کہ دشمن کو مار دینے سے ڈرائے رکھنا زیادہ بہتر ہوتا ہے۔ موجودہ حکومتی بندوبست نے اسی مشورے پر عمل کرتے ہوئے پارلیمان سے ایک قانون پر انگوٹھے لگوا لئے ہیں۔ پیکا اس قانون کا نام ہے۔ نظر بظاہر اس قانون کا اطلاق محض سوشل میڈیا پر ہونا ہے۔ مذکورہ قانون کو پاس ہوئے مگر کئی ہفتے گزر چکے ہیں۔ سوشل میڈیا پر واہی تباہی اپنی جگہ برقرار ہے۔ پاکستان سے فرار ہو کر امریکہ مقیم ہوا ایک بے سرا صوفی بھی اسی میڈیا کے ذریعے میرے ساتھ الجھنے کی کوشش کرتا ہے۔ لاہور کی گلیوں میں جوان ہونے کی وجہ سے لیکن مجھے حساب برابر کرنا آتا ہے۔ ہماری اشرافیہ کے معزز ترین افراد مگر اس دو نمبر صوفی کی سطح پر گر نہیں سکتے جو زلمے خلیل زاد کے ساتھ اپنی تصویر لگا کر خوش رہتا ہے۔ اس کے علاوہ نام نہاد مصنوعی ذہانت کے استعمال سے ایسی کئی وڈیو پوسٹ ہوئی ہیں جو ہر اعتبار سے غیر اخلاقی ہی نہیں ہمارے ٹھوس اقتصادی مفاد کے لئے خطرے کی حامل بھی ہو سکتی ہیں۔ حکومت نے پیکا قانون منظور کروانے کے بعد ایسا تنظیمی ڈھانچہ کھڑا ہی نہیں کیا جو سوشل میڈیا پر پھیلائی واہی تباہی روکنے کے کام آ سکے۔ ویسے بھی موجودہ حکومتی بندوبست پر اصل حملہ امریکہ میں مقیم تحریک انصاف کے حامی انقلابیوں کی جانب سے ہو رہا ہے۔ وہاں موجود انقلابیوں کو حکومت ہاتھ نہیں لگا سکتی۔ آزادی اظہار کا سب سے بڑا چیمپئن - ایلان مسک - کبھی ٹویٹر کہلاتے X کا مالک ہے اور وہ ٹرمپ حکومت کا سب سے تگڑا شخص بن چکا ہے۔ بے شمار امریکی محکموں سے چن چن کر فالتو آدمی نکال رہا ہے۔ بذات خود یہ نسل پرست جنوبی افریقہ کے سفید فام گھر میں پیدا ہوا تھا۔ ماں کینیڈا کی شہری تھی۔ اس کی وجہ سے یہ بھی کینیڈا کا پاسپورٹ لے کر امریکہ آ گیا۔ دفاعی ٹھیکوں سے اس نے بے تحاشہ دولت کمائی ہے۔ اب امریکی مفادات کا نگہبان ہے۔ اپنی حلف برداری کی تقریب میں ٹرمپ نے اسے امریکی پارلیمان کے منتخب شدہ اراکین کے مقابلے میں کہیں زیادہ لفٹ کروائی۔ اس کی پذیرائی سے گھبرا کر فیس بک کے مالک نے بھی اپنے پلیٹ فارم سے ایڈیٹر ہٹا دیا ہے۔ فیس بک کا ہر صارف اب جو چاہے اپنے دل کی بات مہذب ہوئے بغیر لکھ سکتا ہے۔ ایسے عالم میں پاکستان تحریک انصاف کے حامی انقلابیوں کو اربوں روپے لگا کر بھی بلاک کرنے کے قابل نہیں رہا۔ وی پی این روکنا ممکن نہیں۔ انقلابیوں کی لہذا رونق لگی ہوئی ہے۔ برا مگر انقلابیوں کے مقابلے میں مجھ جیسے فرسودہ صحافی مگر خود کو مفلوج محسوس کر رہے ہیں۔ مجھے کم از کم تین ایسے افراد کی آنیوں جانیوں کا ذاتی طور پر علم ہے جو انہوں نے وفاقی کابینہ میں شمولیت کی خاطر اپنائیں۔ ان میں سے ایک صاحب نے یہ دعوی بھی ٹیلی فون پر اپنے دوستوں سے کیا کہ وزیر اعظم شہباز شریف موصوف کو مبینہ طور پر ازبکستان سے ٹیلی فون کے ذریعے تسلیاں دیتے رہے۔ میں اگر یہ سب واقعات متعلقہ افراد کے نام سمیت لکھ دوں۔

یورپ بمقابلہ امریکہ



ایک جان دو قالب امریکہ اور یورپ نے ساری دنیا میں مل کر تباہی مچائی، لوٹ کا مال مل کر کھایا۔ اب اچانک دوئی ہو گئی۔ ٹرمپ یہ کام بھی کرے گا، کسی نے سوچا نہ بتایا۔ وہ ان گنت نجومی یاد آ رہے ہیں جن کے علم غیب سے متعلق دعوے سن کر سر گھوم جائے۔ کسی نے بھی اس تبدیلی کے بارے میں نہیں بتایا تھا۔ ہمارے محلے کے ایک مبصر کا کہنا ہے کہ یورپ اور امریکہ پہلے ایک اور ایک گیارہ تھے، اب ایک اور ایک دو کنارے ہو گئے ہیں۔ یوکرائن جیسے چھوٹے ملک نے پہلے سوویت یونین کی کمر توڑ کر اسے سپر پاور سے شرمندہ پاور بنا دیا، پھر اس کے صدر زیلنسکی نے وائٹ ہاؤس جا کر ٹرمپ کا سر نیچا کر دیا۔ عالمی رائے عامہ مہمان کی بے عزتی کرنے والے صدر ٹرمپ کو زیرو، اور جس کی بے عزتی کی گئی، اسے ہیرو مان رہی ہے۔ یعنی سپر پاور امریکہ کی اپنے ہی گھر میں رسوائی ہو گئی۔ امریکہ کی ڈیموکریٹک پارٹی نے کہا ہے کہ ٹرمپ نے امریکی وقار کھو دیا۔ ٹرمپ کی قسمت پلٹا کھا رہی ہے۔ پہلے غزہ پر قبضے کے دعوے پر منہ کی کھائی، گھڑے کی مچھلیاں سمجھی جانے والی عرب حکومتیں بپھر گئیں، اب یوکرائن پر چال بھی الٹی پڑی ہے۔ یورپ متحد ہو رہا ہے، دفاعی صلاحیتوں کو بڑھانے کا اعلان کیا ہے اور یوکرائن کے ساتھ کھڑے رہنے، اسے فوجی اور مالی امداد دینے کا عہد کیا ہے۔ یورپ میں بہت سے ملک ہیں اور سبھی چھوٹے چھوٹے۔ جو چار ملک سب سے بڑے ہیں یعنی برطانیہ، فرانس، جرمنی اور اٹلی۔ ان سب کی آبادی ملا کر بھی پاکستان سے کم ہے۔ ان کی فوجی طاقت بھی پہلے جیسی نہیں۔ برطانیہ کی فوج ستر اسی ہزار رہ گئی یعنی بنگلہ دیش جتنی۔ ہاں ہتھیار بہت ہیں اور پیسہ بھی۔ اس لئے مختصر عرصے میں وہ فوجی طاقت بڑھا سکتے ہیں اور امریکہ انہیں روک نہیں سکتا۔ سرد جنگ کے بعد دنیا یک قطبی ہو گئی تھی یعنی یونی پولر، پھر چین ابھرا تو پھر سے بائی پولر ہو گئی، اب یورپ خود طاقت بننے کی راہ پر چل پڑا ہے تو لگتا ہے دنیا ٹرائی پولر (سہ قطبی) ہو جائے گی۔ بات کس کے فائدے میں جائے گی، کچھ کچھ پتہ چل ہی رہا ہے۔ صدر زیلنسکی کی بے عزتی پر پیوٹن بہت خوش ہوا تھا، کہا، یوکرائن کا جوکر وائٹ ہاؤس سے بے عزت ہو کر نکلا۔ اب پیوٹن کو اندازہ ہو گیا ہوگا کہ اس نے قبل از وقت ہی خوشی منالی تھی۔ جو ہونے والا ہے، اس میں پیوٹن کیلئے خوش ہونے کا کوئی موقع نظر نہیں آ رہا۔ امریکہ میں ٹرمپ کی مقبولیت کے غبارے میں پن برابر سوراخ ہو گیا ہے۔ امریکی میڈیا بتا رہا ہے کہ امریکیوں کی اکثریت ٹرمپ کی اس خارجہ پالیسی کو مسترد کر رہی ہے۔ ایک آواز تو یہ بھی آ گئی کہ ٹرمپ مدت پوری کرتا نظر نہیں آ رہا۔ غزہ پر قبضے کا اعلان کیا تو کسی اخبار نویس نے پوچھا، آپ اس منصوبے پر عملدرآمد کرانے کیلئے دوسرے ملکوں پر دباؤ ڈالیں گے۔ تو ٹرمپ نے خود کو اساطیری رب الارباب گردانتے ہوئے جواب دیا کہ ہم اتنے اونچے جا چکے ہیں کہ ہمیں کسی پر دباؤ ڈالنے کی ضرورت ہی نہیں۔ یعنی ہمارا اشارہ چشم ہی کافی ہے۔ ہماری طاقت کن فیکون کی ہو گئی۔ المعیاذ۔ اب جناب کے مزاج کیسے ہیں؟ اور مزید کیسے ہونے والے ہیں؟ بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا، پاکستان کو یورپی یونین سے لاحق خدشات جو اتنے تگڑے پہلے بھی نہیں تھے، اور بھی کم ہو گئے۔ کہا جا رہا تھا کہ مرشد کی جیل کے معاملے کو لے کر یورپی یونین پاکستان پر دباؤ ڈال سکتی ہے۔ نئے حالات میں یورپی یونین پاکستان کے مزید قریب آئے گی، اسے مزید قریب لائے گی۔ جب پاکستان کے آرمی چیف حافظ عاصم منیر کو برطانیہ نے مدعو کیا اور غیر معمولی بلکہ شاہانہ پروٹوکول سے نوازا، تنہائی میں راز و نیاز کی باتیں کیں تو ماتھا ٹھنکا تھا کہ ہو نہ ہو، کوئی اہم معاملہ ہے۔ تب ٹرمپ نے یورپ کو ابھی اس طرح سے دھتکارا نہیں تھا لیکن یورپ والے بھانپ گئے تھے کہ ٹرمپ انہیں تنہا چھوڑنے والا ہے۔ چنانچہ کیا پتہ، یہ دعوت اور استقبال پیشگی بندوبست کا حصہ ہو؟ ایسا ہی لگتا ہے۔ یہی نہیں، یورپی یونین، بھارت کے ساتھ بھی پینگیں بڑھا رہی ہے اور مودی بھی اس تعاون پر تیار ہیں کیونکہ ٹرمپ نے امریکہ میں ان سے جو کہا، اس کا دکھ بھولنے کے قابل نہیں ہے۔ کوئی شبہ نہیں کہ یورپ مل کر بھی امریکہ جتنی بڑی طاقت نہیں بن سکتا لیکن اتنی بڑی طاقت تو ضرور بن پائے گا کہ امریکہ کو اکھنڈ امریکہ بنانے کا خواب ادھورا ہی رہ جائے۔ اکھنڈ امریکہ یعنی جس میں کینیڈا بھی ایک صوبہ ہو اور گرین لینڈ بھی ایک صوبہ اور غزہ جس کی انیکسی ہو اور جس کے دسترخوان میں یوکرائن کی اربوں کھربوں کی قیمتی بلکہ سٹریٹجک معدنیات کی رکابی بھی دھری ہو۔ خبر ہے کہ دنیا بھر میں اسرائیلی کھجوروں کا بائیکاٹ کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے اسرائیل کے برآمد کنندگان بہت پریشان ہیں۔ اسرائیل نے اپنی کھجوروں سے اپنا لیبل ہٹا کر نئے سرے سے عالمی منڈی میں بھیجا لیکن دنیا والوں کو پتہ چل گیا اور انہوں نے یہ کھجوریں واپس کر دیں۔ اسرائیل پریشان نہ ہو، یہ کھجوریں ٹرمپ کے پتے پر پارسل کر دے۔ وہ سارا مال خرید لیں گے، اس کے بعد وہ آرڈیننس جاری کر کے امریکی صارفین کو ان کی خریداری کا پابند بنا دیں گے۔ یوں امریکی عوام کو وسیع پیمانے پر جبری ڈیٹنگ (Dating) کا موقع مل جائے گا۔ ایک دلچسپ خبر وائٹ ہاؤس کی ترجمان کیرولین لیورٹ نے ٹی وی پر چلائی کہ وائٹ ہاؤس میں جو کھانا یوکرائن کے صدر زیلنسکی اور ان کے وفد کیلئے تیار کیا گیا تھا، انہیں گیٹ آؤٹ کرنے کے بعد وہ صدر ٹرمپ نے تناول فرمایا۔ یعنی پورے وفد کا کھانا اکیلے ٹرمپ ہی کھا گئے۔ اس خبر کے آنے کے بعد امریکہ بھر میں ٹرمپ کی مزید بھد اڑ رہی ہے۔ ادھر ہماری خوش فہمی بھی دور ہو گئی کہ دنیا کا سب سے پرخور لیڈر ہمارے پاس ہے۔ اب پتہ چلا کہ مرشد اس میدان کا اکیلا پہلوان نہیں، ان کی ٹکر کا ایک اور بھی ہے کہ نام جس کا ٹرمپ ہے۔ مرشد نے ٹائم میگزین میں مضمون لکھا ہے اور ٹرمپ کو پرجوش مبارکباد دیتے ہوئے ان سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ ان کو اور ان کی تحریک انصاف کو انصاف دلوائے۔ ہم کوئی غلام تو نہیں سے انصاف دلوائے تک کا سفر دلچسپ ہے، بہرحال، ٹرمپ پیوٹن کو انصاف دلوانے میں مصروف ہیں، مرشد ابھی انتظار فرمائیں۔

ایک جان دو قالب امریکہ اور یورپ نے ساری دنیا میں مل کر تباہی مچائی، لوٹ کا مال مل کر کھایا۔ اب اچانک دوئی ہو گئی۔ ٹرمپ یہ کام بھی کرے گا، کسی نے سوچا نہ بتایا۔ وہ ان گنت نجومی یاد آ رہے ہیں جن کے علم غیب سے متعلق دعوے سن کر سر گھوم جائے۔ کسی نے بھی اس تبدیلی کے بارے میں نہیں بتایا تھا۔ ہمارے محلے کے ایک مبصر کا کہنا ہے کہ یورپ اور امریکہ پہلے ایک اور ایک گیارہ تھے، اب ایک اور ایک دو کنارے ہو گئے ہیں۔ یوکرائن جیسے چھوٹے ملک نے پہلے سوویت یونین کی کمر توڑ کر اسے سپر پاور سے شرمندہ پاور بنا دیا، پھر اس کے صدر زیلنسکی نے وائٹ ہاؤس جا کر ٹرمپ کا سر نیچا کر دیا۔ عالمی رائے عامہ مہمان کی بے عزتی کرنے والے صدر ٹرمپ کو زیرو، اور جس کی بے عزتی کی گئی، اسے ہیرو مان رہی ہے۔ یعنی سپر پاور امریکہ کی اپنے ہی گھر میں رسوائی ہو گئی۔ امریکہ کی ڈیموکریٹک پارٹی نے کہا ہے کہ ٹرمپ نے امریکی وقار کھو دیا۔ ٹرمپ کی قسمت پلٹا کھا رہی ہے۔ پہلے غزہ پر قبضے کے دعوے پر منہ کی کھائی، گھڑے کی مچھلیاں سمجھی جانے والی عرب حکومتیں بپھر گئیں، اب یوکرائن پر چال بھی الٹی پڑی ہے۔ یورپ متحد ہو رہا ہے، دفاعی صلاحیتوں کو بڑھانے کا اعلان کیا ہے اور یوکرائن کے ساتھ کھڑے رہنے، اسے فوجی اور مالی امداد دینے کا عہد کیا ہے۔ یورپ میں بہت سے ملک ہیں اور سبھی چھوٹے چھوٹے۔ جو چار ملک سب سے بڑے ہیں یعنی برطانیہ، فرانس، جرمنی اور اٹلی۔ ان سب کی آبادی ملا کر بھی پاکستان سے کم ہے۔ ان کی فوجی طاقت بھی پہلے جیسی نہیں۔ برطانیہ کی فوج ستر اسی ہزار رہ گئی یعنی بنگلہ دیش جتنی۔ ہاں ہتھیار بہت ہیں اور پیسہ بھی۔ اس لئے مختصر عرصے میں وہ فوجی طاقت بڑھا سکتے ہیں اور امریکہ انہیں روک نہیں سکتا۔ سرد جنگ کے بعد دنیا یک قطبی ہو گئی تھی یعنی یونی پولر، پھر چین ابھرا تو پھر سے بائی پولر ہو گئی، اب یورپ خود طاقت بننے کی راہ پر چل پڑا ہے تو لگتا ہے دنیا ٹرائی پولر (سہ قطبی) ہو جائے گی۔ بات کس کے فائدے میں جائے گی، کچھ کچھ پتہ چل ہی رہا ہے۔ صدر زیلنسکی کی بے عزتی پر پیوٹن بہت خوش ہوا تھا، کہا، یوکرائن کا جوکر وائٹ ہاؤس سے بے عزت ہو کر نکلا۔ اب پیوٹن کو اندازہ ہو گیا ہوگا کہ اس نے قبل از وقت ہی خوشی منالی تھی۔ جو ہونے والا ہے، اس میں پیوٹن کیلئے خوش ہونے کا کوئی موقع نظر نہیں آ رہا۔ امریکہ میں ٹرمپ کی مقبولیت کے غبارے میں پن برابر سوراخ ہو گیا ہے۔ امریکی میڈیا بتا رہا ہے کہ امریکیوں کی اکثریت ٹرمپ کی اس خارجہ پالیسی کو مسترد کر رہی ہے۔ ایک آواز تو یہ بھی آ گئی کہ ٹرمپ مدت پوری کرتا نظر نہیں آ رہا۔ غزہ پر قبضے کا اعلان کیا تو کسی اخبار نویس نے پوچھا، آپ اس منصوبے پر عملدرآمد کرانے کیلئے دوسرے ملکوں پر دباؤ ڈالیں گے۔ تو ٹرمپ نے خود کو اساطیری رب الارباب گردانتے ہوئے جواب دیا کہ ہم اتنے اونچے جا چکے ہیں کہ ہمیں کسی پر دباؤ ڈالنے کی ضرورت ہی نہیں۔ یعنی ہمارا اشارہ چشم ہی کافی ہے۔ ہماری طاقت کن فیکون کی ہو گئی۔ المعیاذ۔ اب جناب کے مزاج کیسے ہیں؟ اور مزید کیسے ہونے والے ہیں؟ بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا، پاکستان کو یورپی یونین سے لاحق خدشات جو اتنے تگڑے پہلے بھی نہیں تھے، اور بھی کم ہو گئے۔ کہا جا رہا تھا کہ مرشد کی جیل کے معاملے کو لے کر یورپی یونین پاکستان پر دباؤ ڈال سکتی ہے۔ نئے حالات میں یورپی یونین پاکستان کے مزید قریب آئے گی، اسے مزید قریب لائے گی۔ جب پاکستان کے آرمی چیف حافظ عاصم منیر کو برطانیہ نے مدعو کیا اور غیر معمولی بلکہ شاہانہ پروٹوکول سے نوازا، تنہائی میں راز و نیاز کی باتیں کیں تو ماتھا ٹھنکا تھا کہ ہو نہ ہو، کوئی اہم معاملہ ہے۔ تب ٹرمپ نے یورپ کو ابھی اس طرح سے دھتکارا نہیں تھا لیکن یورپ والے بھانپ گئے تھے کہ ٹرمپ انہیں تنہا چھوڑنے والا ہے۔ چنانچہ کیا پتہ، یہ دعوت اور استقبال پیشگی بندوبست کا حصہ ہو؟ ایسا ہی لگتا ہے۔ یہی نہیں، یورپی یونین، بھارت کے ساتھ بھی پینگیں بڑھا رہی ہے اور مودی بھی اس تعاون پر تیار ہیں کیونکہ ٹرمپ نے امریکہ میں ان سے جو کہا، اس کا دکھ بھولنے کے قابل نہیں ہے۔ کوئی شبہ نہیں کہ یورپ مل کر بھی امریکہ جتنی بڑی طاقت نہیں بن سکتا لیکن اتنی بڑی طاقت تو ضرور بن پائے گا کہ امریکہ کو اکھنڈ امریکہ بنانے کا خواب ادھورا ہی رہ جائے۔ اکھنڈ امریکہ یعنی جس میں کینیڈا ابھی ایک صوبہ ہوا۔

ٹرمپ اور عالمی تنازعات، یورپ، ایشیا کے خدشات

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

یوکرائن کا مسئلہ در حقیقت عالمی امن اور یورپ کیلئے حساس موضوع ہے، خاص طور پر صدر ٹرمپ کے ماضی کے بیانات اور اقدامات پر غور کیا جائے۔ اگر ٹرمپ دوبارہ منتخب ہوئے تو یوکرائن جنگ کے بارے میں ان کے نقطہ نظر کے اہم اثرات مرتب ہو سکتے ہیں اس نے دعوی کیا ہے کہ وہ جنگ کو جلد ختم کر دے گا، لیکن فوری حل کا حصول ناممکن ہے ایسے خدشات ہیں کہ ٹرمپ یوکرائن کو ایک غیر پائیدار جنگ بندی کی طرف دھکیل سکتے ہیں جو مزید روسی جارحیت کا باعث بن سکتا ہے یوکرین پہلے ہی اپنی آمادگی ظاہر کر چکا ہے کہ اگر ضرورت پڑی تو امریکی حمایت کے بغیر جنگ لڑی جائے گی۔ صورتحال اس حقیقت سے مزید پیچیدہ ہے کہ ریپبلکن پارٹی کے تقریبا نصف ووٹروں کا خیال ہے کہ امریکہ یوکرائن کو بہت زیادہ امداد دے رہا ہے۔ اس تنازعے نے نیٹو کے کردار اور امریکہ کی شمولیت کی سطح کے بارے میں بھی بحث چھیڑ دی ہے۔ نیٹو کے بارے میں ٹرمپ کے ماضی کے تبصروں اور اتحاد کے لیے امریکی وعدوں کا از سر نو جائزہ لینے کی ان کی رضامندی نے یورپی رہنماؤں میں تشویش کو جنم دیا ہے۔ مجموعی طور پر صورت حال غیر مستحکم ہے، اور بین الاقوامی برادری قریب سے دیکھ رہی ہے کہ واقعات کیسے سامنے آتے ہیں۔ یورپ سے امریکی فوجی موجودگی کا ممکنہ انخلا، برطانیہ اور یورپ کے دفاعی بجٹ اور توسیع کے لحاظ سے یورپی عوام کی زندگیوں پر نمایاں اثر ڈال سکتا ہے۔ یہاں کچھ ممکنہ مضمرات ہیں: امریکی تعاون کے بغیر، یورپی ممالک کو اپنی دفاعی صلاحیتوں کو برقرار رکھنے کے لیے مزید فنڈز مختص کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، جس سے وسائل کو دیگر ضروری عوامی خدمات، جیسے کہ صحت کی دیکھ بھال اور تعلیم سے ہٹایا جا سکتا ہے۔ امریکی فوجی اثاثوں کا انخلا یورپی فوجی صلاحیتوں میں کمی کا باعث بن سکتا ہے، جس سے یورپی ممالک کے لیے سیکیورٹی خطرات کا موثر جواب دینا زیادہ مشکل ہو جائے گا۔ امریکی فوجی موجودگی میں کمی سے سیکیورٹی خلا پیدا ہو سکتا ہے، جو ممکنہ طور پر روس جیسے دشمنوں کو خطے میں مزید جارحانہ کارروائیاں کرنے کے لیے حوصلہ دے سکتا ہے۔ امریکی انخلا نیٹو کی ہم آہنگی اور تاثیر کو بھی نقصان پہنچا سکتا ہے، جو ممکنہ طور پر یورپی سلامتی کے وسیع تر عدم استحکام کا باعث بن سکتا ہے۔ یورپی سیکیورٹی میں کمی کے منفی معاشی نتائج ہو سکتے ہیں، بشمول سرمایہ کاری، تجارت اور سیاحت میں کمی۔ امکان ہے کہ یورپی رہنما ان ممکنہ مضمرات کے بارے میں فکر مند ہوں گے اور ممکنہ طور پر امریکی انخلا سے پیدا ہونے والے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے انہیں اپنی دفاعی حکمت عملیوں اور بجٹ کا از سر نو جائزہ لینے کی ضرورت ہوگی۔ امریکہ کے اقدامات کے معاشی اثرات دور رس اور کثیر جہتی ہو سکتے ہیں۔ اس کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے، آئیے ممکنہ اثرات کو کئی اہم شعبوں میں تقسیم کرتے ہیں: امریکی معیشت امیگریشن سے فائدہ اٹھا سکتی ہے، کیونکہ یہ نئی مہارتیں، اختراعات اور ہنر لاتی ہے۔ درحقیقت، تارکین وطن کے اپنے کاروبار شروع کرنے، ملازمتیں پیدا کرنے اور معاشی ترقی کو آگے بڑھانے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ تاہم کچھ مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ تارکین وطن کی آمد محنت کی منڈی میں قلیل مدتی نقل مکانی کا باعث بن سکتی ہے۔ امریکی تجارتی پالیسیاں عالمی معیشت پر نمایاں اثر ڈال سکتی ہیں۔ محصولات اور تجارتی پابندیاں صارفین کے لیے زیادہ قیمتوں، برآمدات میں کمی اور ممکنہ تجارتی جنگوں کا باعث بن سکتی ہیں۔ دوسری طرف، آزاد تجارتی معاہدے اقتصادی ترقی کو بڑھا سکتے ہیں، ملازمتیں پیدا کر سکتے ہیں اور مسابقت میں اضافہ امریکی حکومت کے اخراجات اور مالیاتی پالیسیاں مجموعی معیشت کو متاثر کر سکتی ہیں۔ حکومتی اخراجات میں اضافہ معاشی نمو کو فروغ دے سکتا ہے، لیکن اس سے زیادہ خسارے اور قرضے بھی بڑھ سکتے ہیں۔ اس کے برعکس، حکومتی اخراجات میں کمی قلیل مدتی اقتصادی سکڑاؤ کا باعث بن سکتی ہے۔ یو ایس فیڈرل ریزرو کی مالیاتی پالیسیاں، خاص طور پر شرح سود، معیشت کو متاثر کر سکتی ہے۔ سود کی کم شرح قرض لینے، اخراجات اور اقتصادی ترقی کی حوصلہ افزائی کر سکتی ہے، جبکہ زیادہ شرح سود معیشت کو سست کر سکتی ہے۔ یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ عالمی معیشت کی حالت، تکنیکی ترقی، اور آبادیاتی تبدیلیوں جیسے عوامل کے لحاظ سے امریکی اقتصادی پالیسیوں کے اثرات مختلف ہو سکتے ہیں۔ خطے میں تبدیلی کے اثرات خاص طور پر یورپ سے امریکی انخلا کے حوالے سے پاکستان، بھارت، ایران، چین اور روس پر نمایاں ہو سکتے ہیں۔ یہاں ممکنہ مضمرات کی ایک خرابی ہے: پاکستان اپنے اسٹریٹجک اتحادوں کا دوبارہ جائزہ لے سکتا ہے، ممکنہ طور پر چین اور دیگر علاقائی کھلاڑیوں کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنا سکتا ہے۔ عالمی تجارتی حرکیات میں تبدیلیوں اور امریکی اقتصادی پالیسیوں میں ممکنہ تبدیلیوں سے پاکستان کی معیشت متاثر ہو سکتی ہے۔ پاکستان کو اپنی سیکیورٹی حکمت عملی کا از سر نو جائزہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، خاص طور پر خطے میں امریکی فوجی موجودگی میں ممکنہ تبدیلیوں کے تناظر میں۔ ہندوستان اپنے علاقائی اثر و رسوخ کو بڑھانے کا موقع دیکھ سکتا ہے، خاص طور پر خطے سے ممکنہ امریکی انخلا کے تناظر میں۔ ہندوستان کی معیشت تجارت اور سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے مواقع سے فائدہ اٹھا سکتی ہے، جو ممکنہ طور پر عالمی اقتصادی حرکیات میں تبدیلیوں سے پیدا ہو ہندوستان کو اپنی سیکیورٹی حکمت عملی کا از سر نو جائزہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، خاص طور پر خطے میں امریکی فوجی موجودگی میں ممکنہ تبدیلیوں اور چین کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کے تناظر میں۔ ایران کی معیشت امریکی پابندیوں کی پالیسیوں میں ممکنہ تبدیلیوں سے متاثر ہو سکتی ہے، جس سے اس کی تیل کی برآمدات اور مجموعی اقتصادی استحکام متاثر ہو سکتا ہے۔ ایران اپنے علاقائی اثر و رسوخ کو بڑھانے کا موقع دیکھ سکتا ہے، خاص طور پر خطے سے امریکی انخلا کے ممکنہ تناظر میں ایران کو اپنی سیکیورٹی حکمت عملی کا از سر نو جائزہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، خاص طور پر خطے میں امریکی فوجی موجودگی میں ممکنہ تبدیلیوں کے تناظر میں۔ چین اپنے عالمی اثر و رسوخ کو بڑھانے کا موقع دیکھ سکتا ہے، خاص طور پر خطے سے امریکی انخلا کے ممکنہ تناظر میں چین کی معیشت تجارت اور سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے مواقع سے فائدہ اٹھا سکتی ہے، جو ممکنہ طور پر عالمی اقتصادی حرکیات میں تبدیلیوں سے پیدا ہوتی ہوں چین کو اپنی سیکیورٹی حکمت عملی کا از سر نو جائزہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، خاص طور پر خطے میں امریکی فوجی موجودگی میں ممکنہ تبدیلیوں کے تناظر میں روس اپنے عالمی اثر و رسوخ کو بڑھانے کا موقع دیکھ سکتا ہے، خاص طور پر خطے سے امریکی انخلا کے ممکنہ تناظر میں روس کی معیشت تجارت اور سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے مواقع سے فائدہ اٹھا سکتی ہے، جو ممکنہ طور پر عالمی اقتصادی حرکیات میں تبدیلیوں سے پیدا ہوتی ہے۔ روس کو اپنی سیکیورٹی حکمت عملی کا از سر نو جائزہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، خاص طور پر خطے میں امریکی فوجی موجودگی میں ممکنہ تبدیلیوں کے تناظر میں۔ خلاصہ یہ کہ ان ممالک پر خطے میں ہونے والی تبدیلی کے اثرات مختلف عوامل پر منحصر ہوں گے، جن میں امریکہ کے ساتھ ان کے انفرادی تعلقات، ان کی اقتصادی اور سلامتی کی حکمت عملی، اور بدلتی ہوئی عالمی حرکیات سے ہم آہنگ ہونے کی ان کی صلاحیت شامل ہے۔ اگر امریکہ اور یوکرین سفارتی طور پر تصادم کرتے ہیں اور امریکہ اپنی حمایت واپس لے لیتا ہے تو خطے میں فوجی طاقت کا توازن درحقیقت درہم برہم ہو سکتا ہے۔ اس ممکنہ تصادم اور حمایت سے دستبرداری کے یوکرین کی روسی جارحیت کے خلاف اپنے دفاع کی صلاحیت پر اہم اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ امریکی انخلا سے طاقت کا خلا پیدا ہو سکتا ہے، جس سے روس کو خطے میں مزید اثر و رسوخ پیدا کرنے کا موقع ملے گا۔ امریکی حمایت کا نقصان یوکرین کی فوج کو بری طرح سے کمزور کر سکتا ہے، جس سے ملک کے لیے روسی جارحیت کا مقابلہ کرنا مزید مشکل ہو جائے گا۔ امریکہ اور یوکرین کے درمیان سفارتی تصادم کشیدگی میں اضافے کا باعث بن سکتا ہے، ممکنہ طور پر خطے میں تنازعہ کو بڑھا سکتا ہیامریکی انخلا کے نتائج خطے سے باہر پھیل سکتے ہیں، ممکنہ طور پر عالمی سلامتی کی حرکیات اور طاقت کے توازن کو متاثر کر سکتے ہیں۔ روس امریکی انخلا کو خطے میں اپنا اثر و رسوخ بڑھانے کے ایک موقع کے طور پر دیکھ سکتا ہے، جو ممکنہ طور پر مزید جارحیت کا باعث بن سکتا ہے۔ یورپی ممالک کو اپنی سیکیورٹی حکمت عملیوں کا از سر نو جائزہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، جو ممکنہ طور پر دفاعی اخراجات اور تعاون میں اضافے کا باعث بنتی ہے۔ چین اپنے عالمی اثر و رسوخ کو بڑھانے کا موقع دیکھ سکتا ہے، جو ممکنہ طور پر خطے کے ممالک کے ساتھ اقتصادی اور فوجی تعاون میں اضافے کا باعث بن سکتا ہے۔ ممکنہ نتائج کو متاثر کرنے والے متعدد عوامل کے ساتھ صورت حال پیچیدہ اور رواں ہے۔ اس خطے کی تبدیل شدہ صورتحال عالمی جنگ کا پیش خیمہ بھی ثابت ہو سکتی ہے کیونکہ اس ملک میں موجود دو روایتی دشمن ملک پاکستان اور بھارت کسی بھی طرح ایک دوسرے کی برتری کو تسلیم نہیں کریں گے یہ کرکٹ تو اتنک دوسرے کے ملک کھیلنے کے لیے تو تیار نہیں، بظاہر کچھ اچھا نظر نہیں آ رہا۔

یوکرائن کا مسئلہ در حقیقت عالمی امن اور یورپ کیلئے حساس موضوع ہے، خاص طور پر صدر ٹرمپ کے ماضی کے بیانات اور اقدامات پر غور کیا جائے۔ اگر ٹرمپ دوبارہ منتخب ہوئے تو یوکرائن جنگ کے بارے میں ان کے نقطہ نظر کے اہم اثرات مرتب ہو سکتے ہیں اس نے دعوی کیا ہے کہ وہ جنگ کو جلد ختم کر دے گا، لیکن فوری حل کا حصول ناممکن ہے ایسے خدشات ہیں کہ ٹرمپ یوکرائن کو ایک غیر پائیدار جنگ بندی کی طرف دھکیل سکتے ہیں جو مزید روسی جارحیت کا باعث بن سکتا ہے یوکرین پہلے ہی اپنی آمادگی ظاہر کر چکا ہے کہ اگر ضرورت پڑی تو امریکی حمایت کے بغیر جنگ لڑی جائے گی۔ صورتحال اس حقیقت سے مزید پیچیدہ ہے کہ ریپبلکن پارٹی کے تقریبا نصف ووٹروں کا خیال ہے کہ امریکہ یوکرائن کو بہت زیادہ امداد دے رہا ہے۔ اس تنازعے نے نیٹو کے کردار اور امریکہ کی شمولیت کی سطح کے بارے میں بھی بحث چھیڑ دی ہے۔ نیٹو کے بارے میں ٹرمپ کے ماضی کے تبصروں اور اتحاد کے لیے امریکی وعدوں کا از سر نو جائزہ لینے کی ان کی رضامندی نے یورپی رہنماؤں میں تشویش کو جنم دیا ہے۔ مجموعی طور پر صورت حال غیر مستحکم ہے، اور بین الاقوامی برادری قریب سے دیکھ رہی ہے کہ واقعات کیسے سامنے آتے ہیں۔ یورپ سے امریکی فوجی موجودگی کا ممکنہ انخلا، برطانیہ اور یورپ کے دفاعی بجٹ اور توسیع کے لحاظ سے یورپی عوام کی زندگیوں پر نمایاں اثر ڈال سکتا ہے۔ یہاں کچھ ممکنہ مضمرات ہیں: امریکی تعاون کے بغیر، یورپی ممالک کو اپنی دفاعی صلاحیتوں کو برقرار رکھنے کے لیے مزید فنڈز مختص کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، جس سے وسائل کو دیگر ضروری عوامی خدمات، جیسے کہ صحت کی دیکھ بھال اور تعلیم سے ہٹایا جا سکتا ہے۔ امریکی فوجی اثاثوں کا انخلا یورپی فوجی صلاحیتوں میں کمی کا باعث بن سکتا ہے، جس سے یورپی ممالک کے لیے سیکیورٹی خطرات کا موثر جواب دینا زیادہ مشکل ہو جائے گا۔ امریکی فوجی موجودگی میں کمی سے سیکیورٹی خلا پیدا ہو سکتا ہے، جو ممکنہ طور پر روس جیسے دشمنوں کو خطے میں مزید جارحانہ کارروائیاں کرنے کے لیے حوصلہ دے سکتا ہے۔ امریکی انخلا نیٹو کی ہم آہنگی اور تاثیر کو بھی نقصان پہنچا سکتا ہے، جو ممکنہ طور پر یورپی سلامتی کے وسیع تر عدم استحکام کا باعث بن سکتا ہے۔ یورپی سیکیورٹی میں کمی کے منفی معاشی نتائج ہو سکتے ہیں، بشمول سرمایہ کاری، تجارت اور سیاحت میں کمی۔ امکان ہے کہ یورپی رہنما ان ممکنہ مضمرات کے بارے میں فکر مند ہوں گے اور ممکنہ طور پر امریکی انخلا سے پیدا ہونے والے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے انہیں اپنی دفاعی حکمت عملیوں اور بجٹ کا از سر نو جائزہ لینے کی ضرورت ہوگی۔ امریکہ کے اقدامات کے معاشی اثرات دور رس اور کثیر جہتی ہو سکتے ہیں۔ اس کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے، آئیے ممکنہ اثرات کو کئی اہم شعبوں میں تقسیم کرتے ہیں: امریکی معیشت امیگریشن سے فائدہ اٹھا سکتی ہے، کیونکہ یہ نئی مہارتیں، اختراعات اور ہنر لاتی ہے۔ درحقیقت، تارکین وطن کے اپنے کاروبار شروع کرنے، ملازمتیں پیدا کرنے اور معاشی ترقی کو آگے بڑھانے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ تاہم کچھ مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ تارکین وطن کی آمد محنت کی منڈی میں قلیل مدتی نقل مکانی کا باعث بن سکتی ہے۔ امریکی تجارتی پالیسیاں عالمی معیشت پر نمایاں اثر ڈال سکتی ہیں۔ محصولات اور تجارتی پابندیاں صارفین کے لیے زیادہ قیمتوں، برآمدات میں کمی اور ممکنہ تجارتی جنگوں کا باعث بن سکتی ہیں۔ دوسری طرف، آزاد تجارتی معاہدے اقتصادی ترقی کو بڑھا سکتے ہیں، ملازمتیں پیدا کر سکتے ہیں اور مسابقت میں اضافہ امریکی حکومت کے اخراجات اور مالیاتی پالیسیاں مجموعی معیشت کو متاثر کر سکتی ہیں۔ حکومتی اخراجات میں اضافہ معاشی نمو کو فروغ دے سکتا ہے، لیکن اس سے زیادہ خسارے اور قرضے بھی بڑھ سکتے ہیں۔ اس کے برعکس، حکومتی اخراجات میں کمی قلیل مدتی اقتصادی سکڑاؤ کا باعث بن سکتی ہے۔ یو ایس فیڈرل ریزرو کی مالیاتی پالیسیاں، خاص طور پر شرح سود، معیشت کو متاثر کر سکتی ہے۔ سود کی کم شرح قرض لینے، اخراجات اور اقتصادی ترقی کی حوصلہ افزائی کر سکتی ہے، جبکہ زیادہ شرح سود معیشت کو سست کر سکتی ہے۔ یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ عالمی معیشت کی حالت، تکنیکی ترقی، اور آبادیاتی تبدیلیوں جیسے عوامل کے لحاظ سے امریکی اقتصادی پالیسیوں کے اثرات مختلف ہو سکتے ہیں۔ خطے میں تبدیلی کے اثرات خاص طور پر یورپ سے امریکی انخلا کے حوالے سے پاکستان، بھارت، ایران، چین اور روس پر نمایاں ہو سکتے ہیں۔ یہاں ممکنہ مضمرات کی ایک خرابی ہے: پاکستان اپنے اسٹریٹجک اتحادوں کا دوبارہ جائزہ لے سکتا ہے، ممکنہ طور پر چین اور دیگر علاقائی کھلاڑیوں کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنا سکتا ہے۔ عالمی تجارتی حرکیات میں تبدیلیوں اور امریکی اقتصادی پالیسیوں میں ممکنہ تبدیلیوں سے پاکستان کی معیشت متاثر ہو سکتی ہے۔ پاکستان کو اپنی سیکیورٹی حکمت عملی کا از سر نو جائزہ لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، خاص طور پر خطے میں امریکی فوجی موجودگی میں ممکنہ تبدیلیوں کے تناظر میں۔

پاکستانی روڈ انفراسٹرکچر بہترین مگر ٹریفک قوانین پر عملدراری کے مہلک نتائج عام

نوائے عامر
kh.amirjaved@gmail.com
0333-8604509
خواجہ عامر جاوید

الحمدللہ وطن عزیز پاکستان میں موٹرویز و شاہراہوں کا بہترین انفراسٹرکچر ریجن کے بہت سے ممالک سے بہترین تو بن چکا مگر افسوس ناک امر یہ کہ پبلک ٹرانسپورٹ ہو یا پرائیویٹ وہیکلز ڈرائیورز کی مناسب ٹریننگ اور ٹریفک سائنز سے ناواقفیت کا نتیجہ ہر سال ناتجربہ کار ڈرائیورز کی تیز رفتاری و غفلت کے باعث مہلک حادثات میں بیشمار قیمتی جانوں کا ضیاع ہوتا ہے اور بجائے کم ہونے کے یہ حادثات مسلسل اور تیزی سے بڑھتے جا رہے ہیں۔ اس کی وجہ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد نہ کرنا اور روڈز موٹرویز و شاہراہوں پر ڈرائیورز کی تیز رفتاری و مجرمانہ غفلت عام ہے جس کے نتائج ہر سال ہزاروں کی تعداد میں پاکستانیوں کا دوران حادثات لقمہ اجل بننا ہے۔ ڈرائیورز کی ناتجربہ کاری بہرحال اپنی جگہ پر ذمہ دار ہے۔ کچھ عرصہ قبل ہمارے سابقہ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی جنرل خالد شمیم وائیں ایک کار حادثے میں جاں بحق ہو گئے تھے وجہ تیز رفتاری میں ٹائر برسٹ ہونے سے بے قابو ہونا بنا۔ جنرل صاحب کی گاڑی مکمل فٹ بلکہ بم پروف مگر پھر بھی قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا۔ معزز قارئین کیلئے ایک اہم بات واضح کرنی ہے کہ ڈرائیونگ کے دوران خدانخواستہ ایسی ایمرجنسی صورتحال پیش آئے تو سب سے پہلے ڈرائیور اپنے اوسان بحال رکھے تو بہت بڑے حادثے میں بچا جا سکتا ہے۔ اسکے لئے چھ سادہ سے سٹیپس ہیں جس سے دو منٹ کے اندر اندر گاڑی کو محفوظ حالت میں روکا جا سکتا ہے۔ 1۔ ٹائر پھٹنے پر گھبرائیے نہیں اور خود کو فوری طور پر چوکس کریں اور اعصاب کو نارمل کریں اور اعتماد کے ساتھ اس سچوایشن کو سنبھالیں۔ کیونکہ اس وقت آپکی گاڑی بے قابو ہو رہی ہوگی تو آپکا قابو میں رہنا لازمی ہے۔ سب کچھ آپکے کنٹرول میں ہے اور اب آپ نے گاڑی کو بھی قابو کرنا ہے۔۔2 سٹیئرنگ وھیل کو مضبوطی سے دونوں ہاتھوں سے پکڑ لیں۔ کسی بھی قسم کے کٹ مارنے یا موڑنے کی کوشش نہ کریں۔ (اگر ممکن ہو تو ہیزرڈ لائیٹ کا بٹن دبا دیں۔ مگر ضروری نہیں ہے) اپنے شیشوں کی مدد سے پیچھے کی ٹریفک پر توجہ مرکوز کریں اور سڑک پر دھیان رکھیں۔ گاڑی کی حرکت کو محسوس کریں کہ وہ کس جانب پل کر رہی ہے یا کھینچ رہی ہے۔ جس طرف کا ٹائر پھٹا ہے گاڑی اسی طرف کو مڑے گی یا کھینچے گی۔ لہذا آپکی سٹیئرنگ پر گرفت مضبوط ترین ہونی چاہیئے۔ 3۔ دھیرے دھیرے ایکسلریٹر سے پاؤں ہٹائیں اور کبھی بھی بریک نہ لگائیں۔۔ بریک نہیں لگانی! کیونکہ 95 فیصد امکان ہے کہ جونہی آپ بریک لگائیں گے گاڑی الٹ جائے گی۔ گاڑی کی سپیڈ خود کم ہوتی جائے گی اور آپ کو اس وقت یہ خیال رکھنا ہوگا کہ سڑک پر موجود دیگر گاڑیوں سے خود کو کیسے بچانا ہے۔ (رم کے نقصان پر توجہ نہ دیں کیونکہ آپ کی جان قیمتی ہے رم نہیں)۔ 4۔ اپنے سٹیئرنگ کو قابو میں رکھیں مضبوطی کے ساتھ اور نظر اور توجہ سڑک پر رکھیں۔ 5۔ اس وقت تک آپکی سپیڈ اوریجنل سپیڈ کے تناسب سے کافی کم ہو کر لگ بھگ 60 کلومیٹر تک آ پہنچے گی۔ یہ وقت ہے جب آپ آہستہ آہستہ بریک لگا سکتے ہیں مگر یک دم نہیں۔۔ مقصد ہے سپیڈ کو کم کرنا نہ کہ روکنا۔ اب آپ گاڑی کو سڑک کے کنارے کی طرف لے جانے کی پوزیشن میں ہیں اور اشارہ بھی دے دیں تا کہ پیچھے سے آنے والی گاڑیوں کو آپ کی حرکت کا اندازہ ہو سکے۔ گاڑی کو اپنے بائیں جانب لے جا کر روکنے کیلئے تیار ہو جائیں۔ 6۔ اب آپ بالآخر محفوظ ہیں اور گاڑی کو روک سکتے ہیں۔ گاڑی کو روکیں اور انجن بند کر دیں۔ ہیزرڈ لائیٹ جلا دیں۔ اور اتر کر گاڑی کے پھٹے ہوئے ٹائر کا جائزہ لیں۔ کئی بار رگڑ لگنے سے ٹائر کو آگ بھی لگ سکتی ہے۔ اگر ایسا ہے تو سب مسافروں کو گاڑی سے اتار دیں اور اگر آپ کے پاس آگ بجھانے کا آلہ ہے تو فوری طور پر اس کی مدد سے آگ بجھائیں۔ ورنہ پانی یا مٹی سے بھی یہ کام کیا جا سکتا ہے۔ اگر کسی وجہ سے آگ بجھانا ممکن نہ ہو تو گاڑی سے دور ہٹ جائیں اور کسی بھی دوسری گاڑی سے مدد طلب کریں کہ شاید آگ بجھانے کا آلہ مل جائے۔ پینک یا خوف زدہ نہ ہوں کیونکہ ابھی ابھی آپ نے اپنی اور اپنے ساتھیوں کی جان بچالی ہے۔ اگر آگ نہیں لگی تو گاڑی اور ٹائر کو ٹھنڈا ہونے دیں اور پھر ٹائر بدلیں۔ آخری بات۔ یاد رکھیں کہ ڈرائیور کا تجربہ کار ہونا اور مضبوط اعصاب کا ہونا لازمی ہے۔ اناڑی ڈرائیور ہمیشہ خوف زدہ ہو کر بریک لگاتے ہیں اور گاڑی الٹ جاتی ہے جس سے جانی نقصان کا اندیشہ ہے۔ یہ بات یاد رکھیں کہ ایسے موقع پر گاڑی میں موجود سب لوگ ڈرے ہوئے ہونگے۔ کسی کی مت سنیں اور صرف سڑک پر اور گاڑی پر توجہ مرکوز رکھیں۔۔ کیوں کہ ڈرائیور آپ ہیں وہ نہیں ہو سکتا ہے آپ کی اس انفارمیشن کو share کرنے کی وجہ سے کئی قیمتی جانیں بچ جائیں۔ اللہ پاک ہمیں اپنی حفظ و امان میں رکھیں اور کسی بھی قسم کے حادثے سے محفوظ رکھیں۔ آمین

نوٹ گاڑی کے ٹائروں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرنا تھوڑے سے بھی کمزور ہو جائیں تو فوری طور پر بدل دیں۔ آپ کی جان قیمتی ہے۔ ٹائر تو گھستے ہیں، سو بدلنے تو پڑتے ہیں۔

آج کی تراویح میں پڑھے جانے والے قرآن پاک کی تفہیم

نکتہ اعتراض
رانا شفیق پسروری
shafiqpasruri@hotmail.com

سورا عراف مکی سورت ہے۔ 206 آیات اور 24 رکوع ہیں۔ آٹھویں پارہ کے نویں رکوع سے نویں پارہ کے 14 ویں رکوع تک ہے۔ اعراف عربی میں بلند جگہ یا ریت کے ٹیلہ کو کہا جاتا ہے۔ اس سورت کی آیات 46-47 میں اعراف اور اصحاب اعراف کا ذکر آتا ہے اس لئے اس سورت کو سور اعراف کہتے ہیں، یعنی وہ سورت جس میں اعراف کا ذکر ہے۔ اعراف جنت اور دوزخ کے درمیان ایک مقام ہے جس میں ایک خاص قسم کے لوگوں کو ٹھہرایا جائے گا، یہ وہ لوگ ہوں گے جن کی نیکیاں اور گناہ برابر ہوں گے، نیکیاں دوزخ میں جانے سے روکیں گی اور نہ خود اتنی ہی ہوں گی کہ جنت میں جانے کا باعث ہوں۔ یہ لوگ ایک خاص مدت تک یہاں روکے جائیں گے۔ بعد ازاں رب العزت کی رحمت سے یہ لوگ جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ اس سور کا زمانہ نزول اور سور انعام کا زمانہ نزول ایک ہی ہے۔ اس کا مرکزی مضمون ضرورت نبوت اور دعوت رسالت ہے۔ انسان کو بتایا گیا ہے کہ دنیا کی زندگی بسر کرنے کیلئے جس رہنمائی کی ضرورت ہے اور اپنے وجود کی غرض و غایت نیز کائنات کی حقیقت سمجھنے کیلئے جو علم درکار ہے اور اپنے اخلاق، تہذیب و تمدن اور معاشرت کی تصحیح کیلئے جو اصول ضروری ہیں، ان کیلئے بہرحال نبوت کی ضرورت ہے۔ سورت کے آغاز میں حروف مقطعات ہیں، جن کے معانی اور اصل مفہوم کو سوائے رب تعالی کے اور کوئی نہیں جانتا۔ شروع میں نزول قرآن کی غرض بتائی گئی ہے کہ اس سے منکرین کو برے انجام سے ڈرایا جائے اور مومنین کو آگاہ کیا جائے کہ اللہ پاک نے اپنے رسولوں کے ذریعے کس کس طرح ان کی اصلاح چاہی۔ اب لباس کا ذکر ہے کہ وہ ستر پوشی کے لئے ہوتا ہے لیکن تقوی کا لباس سب سے بہتر ہے۔ جو تقوی اختیار نہیں کرتے وہ شیطان کے حملوں سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔ اللہ کی عبادت اور دعا خلوص سے ہونی چاہیئے اور یہ کہ بعض گمراہ لوگ خود کو حق پر گامزن سمجھتے ہیں، حالانکہ وہ شیطان کے رفیق ہوتے ہیں۔ مسجد سے رشتہ رکھنے اور اس سے اپنی زینت (عزت) حاصل کرنے کا حکم بھی اور اسراف سے بچنے کا بھی حکم ہے۔ زینت اور حلال رزق کبھی حرام نہیں۔ البتہ کفر، نفاق، ظلم، تکبر اور شرک وغیرہ حرام ہے۔ اصحاب اعراف اور اصحاب جنت کا مکالمہ بھی ہے کہ اصحاب اعراف، جنت کے امیدوار ہوں گے اور اہل جنت سے پکار کر کہیں گے کہ سلامتی ہو تم پر اور جب وہ اصحاب اعراف، دوزخیوں کو دیکھیں گے تو کہیں گے کہ اے رب، ہم کو ظالموں کا ساتھی نہ بنا۔ اہل جنت، اہل دوزخ اور اصحاب اعراف کے کچھ مکالموں کا بھی ذکر ہے کہ جنت والے کس قدر آرام و آسائش کے ساتھ رہیں گے اور دوزخ والے کتنی تکلیفوں میں ہوں گے اور ہمیشہ کیلئے یہی صورت ہوگی اور اس دنیا میں واپسی کا سوال ہی نہ ہوگا اور اس دن معلوم ہوگا کہ اللہ نے اپنے رسولوں کے ذریعے جو پیام دیا تھا وہ کتنا سچا تھا۔ اب ارشاد ہوتا ہے کہ آسمانوں اور زمینوں کو اللہ نے چھ دن میں بنایا اور وہ خود عرش پر ہے۔ رات اور دن، سورج، چاند اور ستارے سب اس کے حکم پر ہیں۔ اسلئے صرف اسی کو گڑ گڑا کر پکارو اور زمین میں فساد نہ کرو اور پکارو اللہ کو خوف اور توقع کے ساتھ۔ آگے مختلف انبیا اور انکی قوموں کا تذکرہ ہے۔ اسی طرح جہاں کہیں کسی نبی علیہ السلام کو مبعوث کیا اور قوم نے جھٹلایا تو پہلے معاشی تنگی، قحط سالی اور وبائیں آئیں پھر فراغت اور خوش حالی سے ان کو آزمایا لیکن ان آسائشوں کے باوجود انہوں نے حق کا راستہ اختیار نہیں کیا تو پھر عام تباہی آئی۔ اگر قرآن کے ساتھ بھی اسی طرح کی سرتابی اور بغاوت کی گئی تو اس طرح کا عذاب پھر بھی آ سکتا ہے۔ لوگوں کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ دیکھیں موسی علیہ السلام کے ساتھ فرعون اور اس کے سرداروں نے کیا کیا۔ موسی علیہ السلام سے نشانی طلب کی گئی۔ انہوں نے اپنا عصا ڈالا تو وہ اژدہا بن گیا اور ہاتھ آستین سے باہر نکالا تو وہ سفید اور روشنی کے ساتھ نظر آیا۔ لیکن یہ نشانیاں جادو سمجھی گئیں اور ان کے مقابلے میں جادوگر بلوائے گئے لیکن وہ سب بازی گر سجدے میں گر پڑے اور اللہ کی ربوبیت کے قائل ہو گئے لیکن فرعون نے سرتابی کی۔ پھر موسی علیہ السلام نے اپنی قوم کو نصیحت کی کہ وہ اللہ سے مدد مانگیں۔ ادھر فرعون اور اس کے ماننے والوں پر قحط سالی کا عذاب آیا تا کہ وہ کچھ اصلاح پائیں لیکن ان کا حال تو یہ تھا کہ جب کوئی بھلائی ان کو حاصل ہوتی تو سمجھتے کہ وہ ہمارا حق ہے اور تباہی آتی تو کہتے موسی علیہ السلام کی وجہ سے ہے۔ آخر ان پر طوفان، ٹڈی، مینڈک وغیرہ کا عذاب آیا تو کہنے لگے کہ اے موسی علیہ السلام تم اپنے رب سے دعا کرو کہ ہم اس عذاب سے بچ جائیں، پھر ہم لوگ تم پر ایمان لے آئیں گے اور تمہاری قوم بنی اسرائیل کو چھوڑ دیں گے لیکن جب ان پر سے عذاب ہٹ جاتا تو وہ پھر سرتابی کرتے۔ آخرکار ان سب کو غرق کر دیا گیا اور بنی اسرائیل کے لئے نیکی اور بھلائی کا وعدہ پورا کیا گیا۔ لیکن بنی اسرائیل جب دریا کے پار ہوئے تو ایک بت پرست قوم کو دیکھ کر خود بھی بت پرستی کے خواہشمند ہوئے۔ موسی علیہ السلام نے ان کو ڈرایا اور اللہ کے انعامات یاد دلائے۔ پھر موسی علیہ السلام کوہ طور پر گئے۔ چالیس دن کا اعتکاف کیا۔ تورات ان کو دی گئی۔ اس موقع پر انہوں نے اللہ کا جلوہ دیکھنا چاہا تو جواب ملا کہ تم نہیں دیکھ سکتے۔ لیکن جب تجلی کا ظہور ہوا تو پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا اور موسی علیہ السلام بے ہوش ہو گئے۔ پھر جب آپ کو افاقہ ہوا تو آپ کو رسالت اور وحی کی تختیاں اور پتھر پر لکھی (الواح) حاصل ہوئیں۔ آپ کے کوہ طور پر جانے سے قوم بچھڑے کی پرستش میں مبتلا ہو گئی تھی۔ آپ اپنے بھائی ہارون علیہ السلام پر ناراض ہوئے کہ ان کی موجودگی میں ایسا کیوں ہوا۔ قوم آخر پچھتائی۔ نافرمان لوگوں پر بے شک عذاب نازل ہوا لیکن موسی علیہ السلام کی عاجزانہ دعاؤں سے وہ عذاب پھر ٹل گیا کہ اللہ کی رحمت بہت وسیع ہے۔ تورات کی اس پیش گوئی کا ذکر بھی آیا ہے کہ حضور انور ﷺ (نبی امی) تشریف لائیں گے اور انہی کی پیروی میں قیامت تک فلاح و نجات ہے۔ اور یہ کہ وہ کسی خاص قوم، کسی خاص خطہ اور کسی خاص زمانے کیلئے نہیں ہیں، بلکہ ہر زمانے اور تمام انسانیت کیلئے ہیں۔ اب ذکر ہے کہ ازل میں انسانوں نے توحید کا اعتراف کر لیا تھا جبکہ اللہ نے ان سے فرمایا تھا کہ کیا میں نہیں ہوں رب تمہارا؟ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جنون نہیں ہے۔ وہ تو اللہ کی طرف سے ڈرانے والے ہیں۔ قیامت کا علم اور غیب کا علم سب اللہ کے لئے ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم نذیر و بشیر ہی ہیں۔ غیر اللہ کو پکارنے والے کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔ وہ شیطان کے بھائی ہیں جو گمراہی کی طرف چلے جا رہے ہیں۔

چیمپئنز ٹرافی: سیمی فائنلز میں کون کس سے ٹکرائے گا؟

پہلا سیمی فائنل آج دبئی میں بھارت اور آسٹریلیا، دوسرا سیمی فائنل کل نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کے درمیان لاہور میں ہوگا

لاہور (میاں شہروز سے) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا گروپ مرحلہ اختتام پذیر ہوگیا سیمی فائنل کے لیے بھارت، نیوزی لینڈ، آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ نے کوالیفائی کیا ہے۔ پاکستان کی میزبانی میں کھیلی جارہی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے گروپ مرحلے کا اختتام ہوگیا۔ اب سیمی فائنل کا مرحلہ شروع ہورہا ہے 4 اور 5 مارچ کو سیمی فائنلز بالترتیب دبئی اور لاہور میں کھیلے جائیں گے۔ چیمپئنز ٹرافی کے گروپ اے سے بھارت نے ٹاپ کیا اور نیوزی لینڈ نے ساتھ سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کیا جب کہ گروپ بی سے آسٹریلیا نے پانچ پوائنٹ کے ساتھ ٹاپ پوزیشن حاصل کی، جنوبی افریقہ نے دوسرے نمبر پر رہتے ہوئے فائنل فورتک رسائی حاصل کی۔ پہلا سیمی فائنل آج (منگل) کو دبئی میں بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان کھیلا جائے گا جب کہ دوسرا سیمی فائنل بدھ 5 مارچ کو نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کے درمیان قذافی اسٹیڈیم لاہور میں ہوگا۔ فائنل میچ اتوار 9 مارچ کو کھیلا جائے گا۔ اگر بھارت فائنل میں پہنچا تو یہ میچ دبئی بصورت دیگر قذافی اسٹیڈیم لاہور میں ہوگا۔ واضح رہے کہ پاکستان چیمپئنز ٹرافی کا میزبان ملک ہونے کے ساتھ دفاعی چیمپئن بھی تھا تاہم گرین شرٹس کی سیمی فائنل میں رسائی اور اعزاز کے دفاع کی مہم ابتدائی دونوں میچز میں نیوزی لینڈ اور بھارت سے شکستوں کے بعد ناکام ہوگئی جب کہ بنگلہ دیش کے خلاف میچ بارش کے باعث نہ ہوسکا اور دونوں ٹیموں کو ایک ایک پوائنٹ دے دیا گیا۔ چیمپئنز ٹرافی کی تاریخ میں پاکستان پہلی میزبان ٹیم بن گئی جو میگا ایونٹ میں ایک میچ بھی نہ جیت سکی۔ اس کے علاوہ انگلینڈ اور بنگلہ دیش کی ٹیمیں بھی کوئی میچ جیتے بغیر ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئیں۔ گروپ بی کی ٹیم افغانستان کی سیمی فائنل میں رسائی کی امیدیں بارش بہا کر لے گئی۔ پاکستان، بنگلہ دیش، انگلینڈ کوئی میچ نہ جیت سکے، افغانستان کی سیمی فائنل میں رسائی کی امیدیں بارش بہا کر لے گئی

برلن اور بامبرگ باسکیٹس کے درمیان ایزی کریڈٹ باسکٹ بال بنڈس لیگا کے دوران ALBA برلن کے سٹرلنگ بران ڈنک کے بعد ٹوکری پر لٹک رہے ہیں

ہماری ٹیم امید اور دعاؤں پر چلتی ہوئی آرہی ہے، کامران اکمل

کراچی (این این آئی) سابق کرکٹر کامران اکمل نے پاکستانی ٹیم کی موجودہ صورتحال پر تجزیہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب ہمیں 35 سے 40 لڑکوں کا پول بنانا ہوگا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں اظہار خیال کرتے ہوئے کامران اکمل نے کہا کہ ہماری ٹیم امید اور دعاؤں پر چلتی ہوئی آرہی ہے، ہم خود سے محنت کرنا نہیں چارہے، بھارت کا نیوزی لینڈ کے ساتھ بھی ون سائیڈ مقابلہ ہوا۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی ٹیم نے ٹورنامنٹ کی دوسری بہترین سائیڈ نیوزی لینڈ کی ٹیم کو 250 رنز بھی نہیں کرنے دیے، اس وقت انھیں ٹورنامنٹ کی بہترین ٹیم کہہ سکتے ہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کو پروفیشنل ٹیم بنانی پڑے گی اور سنجیدہ طریقے سے سوچنا پڑے گا، میرٹ پر ٹیم بنانی پڑے گی اس کے علاوہ کوئی حل نہیں ہے پاکستان کی کرکٹ کا، دبئی میں اگلی ٹیم چار چار اسپنرز کھلا رہی ہے اور اہم ایک اسپنر لے کر گئے۔ کامران نے کہا کہ نیوزی لینڈ کے ٹور میں آپ نئی ٹیم لے کر جاسکتے ہیں اور سینئر پلیئرز کو ٹی ٹوئنٹی سے 8، 10 مہینوں کے لیے سائیڈ لائن کردیں اور انھیں ٹیسٹ میچ کھیلنے کا کہا جائے کہ ٹیسٹ اور ون ڈے کی طرف دھیان دیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹی ٹوئنٹی میں نئے لڑکوں کو موقع دیا جائے، بیک اپ پلیئرز کو تیار کرنا بڑا ضروری ہے۔

چیمپئنز ٹرافی، ویرات کوہلی نے ایک اور نیا ریکارڈ بنا لیا

دبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹر ویرات کوہلی نے چیمپئنز ٹرافی 2025ء میں ایک اور عالمی ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ گزشتہ روز ویرات کوہلی چیمپئنز ٹرافی میں نیوزی لینڈ کے خلاف اچھی کارکردگی تو نہیں دکھا سکے اور گلین فلپس نے ایک ناقابلِ یقین کیچ پکڑ کر ان کی اننگز کا صرف 11 رنز پر ہی خاتمہ کردیا لیکن اس میچ میں انہوں نے 300 ون ڈے انٹرنیشنل میچز کھیلنے کا اعزاز حاصل کرلیا۔ یہاں ایک اور قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ بھارتی کرکٹر نے اپنے کیریئر کا 200 واں میچ بھی نیوزی لینڈ کے خلاف کھیلا تھا۔ ویرات کوہلی ون ڈے انٹرنیشنل کرکٹ کی تاریخ میں 300 میچز کھیلنے والے 18 ویں جبکہ ون ڈے انٹرنیشنل کرکٹ کے ساتھ ساتھ ٹیسٹ اور ٹی 20 کرکٹ میں بھی 100 سے زائد میچز کھیلنے والے پہلے کرکٹر بن گئے۔ اس سے قبل بھارتی کرکٹر نے بھارت کی جانب سے ون ڈے انٹرنیشنل کرکٹ میں سب سے زیادہ کیچ پکڑنے کا ریکارڈ بھی اپنے نام کیا تھا۔ انہوں نے 300 ون ڈے انٹرنیشنل میچز کھیلنے کا اعزاز حاصل کرلیا انہوں نے 300 ون ڈے انٹرنیشنل میچز کھیلنے کا اعزاز حاصل کرلیا

خوشخبری، فٹبال کی عالمی باڈی نے پاکستان فٹبال فیڈریشن کی معطلی ختم کردی

اسلام آباد (این این آئی) انٹرنیشنل فیڈریشن آف فٹ بال ایسوسی ایشن نے پاکستان فٹبال فیڈریشن کی معطلی ختم کردی، پاکستان کو فیصلے سے متعلق آگاہ کردیا گیا۔ پی ایف ایف کانگریس کی جانب سے فٹبال گورننگ باڈی اور ایشین فٹ بال کنفیڈریشن کی لازمی آئینی ترامیم منظور کی گئی تھیں جس کے بعد فیفا نے پاکستان فٹبال فیڈریشن کی معطلی کو ختم کیا، حکام نے اتوار کو یہ خوشخبری سنائی۔ فیفا نے جاری بیان میں کہا کہ فیفا کونسل کے بیورو نے 2 مارچ 2025 کو پی ایف ایف پر 6 فروری 2025 کو لگائی گئی معطلی کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ یہ فیصلہ پی ایف ایف کانگریس کی جانب سے متفقہ طور پر پی ایف ایف آئین کے ورژن کی منظوری کے بعد کیا گیا ہے۔ جس کی توثیق فیفا اور اے ایف سی نے کی تھی۔ پی ایف ایف نارملائزیشن کمیٹی کے رکن شاہد کھوکھر کا کہنا ہے کہ پاکستان کی معطلی ختم کردی گئی ہے پاکستان دوبارہ اہل ہوگیا ہے کہ یہاں بین الاقوامی فٹ بال سرگرمیاں شروع ہوسکیں۔ خیال رہے کہ پی ایف ایف کانگریس کی جانب سے کچھ ہفتوں قبل انتخابی اصلاحات کے لیے آئینی ترامیم منظور نہیں کی گئی تھیں جس کے بعد فیفا نے پی ایف ایف کی رکنیت معطل کردی تھی۔

روہت شرما نو فروری 2025 کو انگلینڈ کے خلاف کٹک میں ایک میچ کے دوران) اے ایف پی(

ہائبرڈ ماڈل پر سارے بورڈز راضی تھے، اب شور مچانے کا کیا فائدہ؟ باسط علی

کراچی (این این آئی) باسط علی نے کہا ہے کہ ٹورنامنٹ سے پہلے ہائبرڈ ماڈل ہوا سب بورڈز نے اگیری کیا، ہارنے کے بعد بات کررہے ہیں پہلے شور مچانا چاہیے تھا۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے پاکستان کے سابق کرکٹر باسط علی کا کہنا تھا کہ بھارتی ٹیم اگر پاکستان آتی تو یہاں کی پچز پر 400 رنز اسکور کرتی، ہم نے اپنے ملک میں اسپین پچز کیوں نہیں بنائیں؟ انھوں نے کہا کہ ہمارے کوچنگ اسٹاف کو نہیں پتہ یہاں پر اسپن پچز بنانی چاہیے، ٹورنامنٹ سے پہلے بھارت کی جو سوچ تھی وہ آج ثابت ہوئی کہ 5 اسپنر رکھے۔ باسط علی کا کہنا تھا کہ بھارتی ٹیم کی جیت میں بہت سی چیزیں شامل ہیں، آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کیلئے بھارت کی سوچ بہت اہم ہے۔ نیوزی لینڈ کی طرف سے فاسٹ بولرز نے 7 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، بھارت کی طرف سے اسپنرز نے 9 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ سابق وکٹ کیپر کامران اکمل کا کہنا تھا کہ بھارتی ٹیم میں بہت کانفیڈنس ہے، بھارتی ٹیم میں کھلاڑیوں کو اپنے کردار کا اندازہ ہے، کھلاڑیوں کو پتہ ہے کہ ہمیں کیسے پرفارم کرنا ہے، کامیابی یہی ہے کہ کسی ایک یا دو پر انحصار نہیں کرتے۔ کامران اکمل نے کہا کہ بطور ٹیم کھیلیں تو کامیابی ضرور ملتی ہے، میرٹ اور کنڈیشن کے مطابق وہ ٹیم بناتے ہیں، اس لیے وہ کامیاب ہیں۔

راجاز مارشل آرٹس میں نیشنل وایشین چیمپئن لائبہ رب نواز جنجوعہ کا ماسٹر ڈگری بلیک بیلٹ کا ٹیسٹ کامیابی سے مکمل

لائبہ رب نواز کی بہترین پرفارمنس راجہ ضیا جنجوعہ راجہ رضی جنجوعہ کی طرف سے خصوصی تلوار کے ساتھ ٹرافی اور شیلڈ دی گئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) راجاز مارشل آرٹس میں نیشنل وایشین چیمپئن لائبہ رب نواز جنجوعہ کا ماسٹر ڈگری بلیک بیلٹ کا ٹیسٹ کامیابی مکمل۔ بہترین کامیابی پر راجہ ریئل کنگ رابطہ راجگان کی طرف سے تلوار کا تحفہ دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق لائبہ رب نواز جنجوعہ کا ماسٹر ڈگری بلیک بیلٹ کا ٹیسٹ ہیڈ کوارٹرز ورلڈ سوکیوکشن فیڈریشن، نارتھ امریکہ کیوکشن آرگنائزیشن، راجاز مارشل آرٹس میں منعقد ہوا۔ اس ٹیسٹ کو بین الاقوامی معیار کے مطابق ترتیب دیا گیا۔ ٹیسٹ میں جیوری کے فرائض شیہان محمد اشرف، شیہان بابر سہیل بھٹی، شیہان خالد قریشی، شیہان ماجد مغل، سینسی مسل الدین، سینسی کامران، سینسی راجہ لطیف، سینسی راجہ رحیم، سینسی کاشف ریاض نے ادا کیے اور سینسی ایم اے راج نے تمام انتظامات کو سپروائز کیا اور یقینی بنایا اس کے علاوہ سوکیوکشن فیڈریشن اور راج ایچ ڈی چینل کی طرف سے شیلڈ پیش کی اور وائس چیئرمین میڈیم ارم ندیم، ایگزیکٹو ممبر میڈیم نازیہ اور میڈیم صائمہ نے بھی تمام انتظامات کی نگرانی کی جبکہ جنجوعہ فیملی راجہ ریئل کنگ رابطہ راجگان راجا ضیا جنجوعہ، راجہ رضی جنجوعہ اپنے روایتی لباس میں شامل ہوئے۔ جبکہ خصوصی شرکت سپورٹس جرنلسٹ اصغر علی مبارک ایڈوکیٹ، میڈیم شمیم اختر، ملک عثمان شکیل، میڈیم عائشہ خرم پرنسپل روٹس سکول نے کی، جیوری نے ٹیسٹ کی مکمل نگرانی کرتے ہوئے تھیوری، بنیادی معلومات، کاتا اور 20 فائٹ مکمل

پرتگال کے فٹ بالر پیپے یورو کپ فرانس کے خلاف کوارٹر فائنل میچ ہارنے کے بعد آب دیدہ ہوگئے) اے ایف پی(

پاکستان کے کپتان فرید اللہ اسلام آباد کے جناح سٹیڈیم میں تاجکستان کے کھلاڑیوں سے فٹ بال چھیننے کی کوشش کرتے ہوئے) اے ایف پی(

اسرائیل کی جانب سے غزہ کی امداد کی معطلی پر اقوام متحدہ کا اظہار تشویش

تمام فریقین غزہ میں جنگ سے بچنے کے لیے ہر ممکن اور ضروری کوششیں کریں، ترجمان

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے غزہ کی پٹی میں انسانی امداد کی فوری بحالی کا مطالبہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے یہ مطالبہ اسرائیل کی جانب سے محصور فلسطینی علاقوں میں سامان اور رسد کے داخلے کو معطل کرنے کے اعلان کے بعد کیا۔ یو این سیکرٹری جنرل نے غزہ میں فوری طور پر انسانی امداد کی بحالی اور تمام قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ دہرایا۔ گوتیریس کے ترجمان اسٹیفن دوجارک نے ایک بیان میں کہا کہ ہم تمام فریقین پر زور دیتے ہیں کہ وہ غزہ میں جنگ سے بچنے کے لیے ہر ممکن اور ضروری کوششیں کریں۔ اقوام متحدہ کے انسانی ہمدردی کے رابطہ کار ٹام فلیچر نے اسرائیل کی طرف سے غزہ کی پٹی کے لیے انسانی امداد کی معطلی کے فیصلے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کے معاہدے کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے ایکس پلیٹ فارم پر ایک پوسٹ میں لکھا کہ اسرائیل کا غزہ کے لیے امداد معطل کرنے کا فیصلہ پریشان کن ہے۔ بین الاقوامی قانون واضح ہے: ہمیں زندگیاں بچانے والی امداد کی فراہمی جاری رکھنی چاہیے۔ انہوں نے جنگ بندی کے نفاذ کے آغاز کا حوالہ دیتے ہوئے گزشتہ 42 دنوں میں ہونے والی پیش رفت پر پیچھے نہ ہٹنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جنگ بندی کو برقرار رہنا چاہیے۔ ریڈ کراس کی بین الاقوامی کمیٹی کے صدر نے بھی غزہ کی پٹی میں جنگ بندی کو برقرار رکھنے اور لوگوں کو مایوسی کی طرف دھکیلنے سے بچنے کے لی ہر ممکن کوشش کا مطالبہ کیا۔ مرجانا سپولجارک نے ایک بیان میں کہا کہ جنگ بندی کو برقرار رکھنے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑی جانی چاہیے تاکہ لڑائی سے جانیں بچائی جا سکیں۔ انہوں نے کہا غزہ میں انسانی امداد کی اجازت دی جائے اور مزید خاندانوں کو امداد میں شامل کیا جائے۔ 15 ماہ سے زائد جنگ عرصے کے بعد 19 جنوری کو نافذ ہونے والے جنگ بندی معاہدے نے بے شمار جانیں بچائیں

صدر چیمبر ایسوسی ایشن کے مطابق تازہ پھلوں کے سیزن یعنی مئی سے نومبر کے دوران روزانہ کی بنیاد پر 500 یا 600 ٹرک افغانستان آتے جاتے ہیں) انڈپینڈنٹ اردو(

ں حکومت پاکستان نے آمدورفت کے لیے پاکستان افغانستان سرحد پر پاسپورٹ اور ویزہ لازمی قرار دیا تھا)انڈپینڈنٹ اردو(

ایران خامنہ ای کے حکم کی پیروی کرتا ہے، صدر پیزشکیان

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پیزشکیان نے اتوار کے روز کہا کہ وہ ذاتی طور پر امریکہ کے ساتھ مذاکرات کی حمایت کرتے ہیں لیکن جب تک راہنمائے اعلیٰ علی خامنہ ای راضی نہ ہوں، تہران واشنگٹن سے مذاکرات نہیں کرے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پیزشکیان نے کہا کہ میں خود سمجھتا تھا کہ بات چیت کرنا بہتر تھا۔ تب (خامنہ ای) نے کہا کہ ہم امریکہ سے مذاکرات نہیں کریں گے۔ اس کے بعد میں نے اعلان کیا کہ ہم امریکہ سے مذاکرات نہیں کریں گے۔ سفارت کاری پر اپنے یقین کا اعادہ کرتے ہوئے پیزشکیان نے واضح کیا کہ ان کی انتظامیہ امریکہ کے حوالے سے خامنہ ای کے موقف پر آخر تک عمل کرے گی۔ ایران میں راہنمائے اعلیٰ کو ریاستی امور بشمول خارجہ پالیسی اور جوہری پروگرام پر حتمی فیصلے کا اختیار حاصل ہے۔ 85 سالہ خامنہ ای 1989 سے ملک کی قیادت کر رہے ہیں۔ پیزشکیان نے مزید کہا کہ جب راہنمائے اعلیٰ کوئی سمت متعین کرتے ہیں تو ہمیں خود کو اس کے مطابق ڈھالنا چاہیے۔ اس کے لیے ہمیں ایک راستہ تلاش کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ وزیر اقتصادیات عبدالناصر ہمتی کے خلاف مواخذے کی کارروائی کے دوران انہوں نے یہ تبصرے کیے جنہیں پارلیمنٹ نے بڑھتی ہوئی۔ مہنگائی اور کرنسی کے انحطاط پر برطرف کردیا۔ برطرفی سے پہلے ہمتی کا دفاع کرتے ہوئے پیزشکیان نے قانون سازوں کو بتایا: ہم دشمن کے ساتھ ایک مکمل (معاشی) جنگ میں ہیں۔

زیلنسکی کے ساتھ ہتک آمیز رویہ، نائب صدر کیخلاف امریکی عوام کا احتجاج

واشنگٹن (این این آئی) یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی کے ساتھ جمعہ کو اوول آفس وائٹ ہاس میں ہتک آمیز رویہ اختیار کرنے پر امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کے خلاف امریکی عوام نے مظاہرہ کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکہ میں ورمونٹ کے علاقے ویٹسفیلڈ میں جے ڈی وینس اپنے اہل خانہ کے ہمراہ سیر و تفریح کے لیے آرہے تھے، احتجاجی مظاہرین نے بھی جے ڈی وینس کے خلاف مظاہرے کے لیے اسی علاقے کا انتخاب کیا جہاں سے نائب صدر کو گزرنا تھا۔ مظاہرین نے یوکرین کے حق میں نعرے اور بینرز اٹھا رکھے تھے اور ان کا مقصد وینس اور اس کے خاندان کو پیغام دینا تھا۔ امریکی میڈیا کے مطابق مظاہروں کے بعد وینس کا خاندان اپنے متوقع اسکئی ریزورٹ کے بجائے نامعلوم غیر معروف مقام پر منتقل ہوگیا۔ نیویارک، لاس اینجلس اور بوسٹن میں بھی سینکڑوں افراد نے ہفتے کے روز یوکرین کی حمایت میں احتجاج کیا۔ وائٹ ہاس کے اندر ہونے والی اس غیر معمولی بات چیت میں وینس نے یوکرائنی صدر پر امریکہ کے ساتھ بدسلوکی کا الزام لگایا۔ ٹرمپ نے بھی زیلنسکی سے کہا کہ وہ روس کے ساتھ معاہدہ کریں ورنہ ہم پیچھے ہٹ جائیں گے اور انہیں تیسری جنگ عظیم سے کھیلنے کا الزام عائد کیا۔

نیویارک میں ایلون مسک کے خلاف احتجاج پر 9 افراد گرفتار

نیویارک (این این آئی) ہفتے کے روز نیویارک میں ٹیسلا شوروم کے باہر مظاہروں کے دوران پولیس نے 9 افراد کو گرفتار کرلیا۔ یہ مظاہرے ایلون مسک کی وفاقی ملازمین کی برطرفیوں میں مبینہ شمولیت کے خلاف کیے گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹیسلا ٹیک ڈاؤن نامی اس احتجاج میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی، جو امریکا بھر میں ٹیسلا کے خلاف احتجاجی مظاہروں کا حصہ تھا۔ مظاہرین نے سڑکیں بلاک کردیں اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر لکھا تھا ٹیسلا جلا، جمہوریت بچاؤ اور امریکا میں آمریت نامنظور۔ ایلون مسک، جو کہ دنیا کے امیر ترین شخص ہیں، ڈونلڈ ٹرمپ کی حکومت میں ڈپارٹمنٹ آف گورنمنٹ افیشنسی کے سربراہ ہیں۔ وہ وفاقی حکومت کے دائرہ کار کو محدود کرنے کے منصوبے پر عمل کررہے ہیں، جس کے نتیجے میں اب تک لاکھوں ملازمین کو برطرف کیا جا چکا ہے اور سینکڑوں امدادی معاہدے ختم کر دیے گئے ہیں۔ 100,000 سے زائد وفاقی ملازمین یا تو نوکریاں چھوڑ چکے ہیں یا برطرف کیے جاچکے ہیں، جن میں نیوکلیئر ہتھیاروں کے ماہرین، سائنسی محققین اور توانائی فراہم کرنے والے عہدیداران شامل ہیں۔ مظاہروں کے منتظمین نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ ٹیسلا کے شیئرز فروخت کریں

پوپ فرانسس کی طبیعت میں بہتری، وینٹیلیٹر سے ہٹادیا گیا

روم (این این آئی) کیتھولک عیسائیوں کے روحانی پیشوا پوپ فرانسس کی صحت میں بہتری آرہی ہے، اور اب انہیں وینٹیلیٹر کی ضرورت نہیں۔ ویٹیکن کے مطابق، 88 سالہ پوپ اب بھی آکسیجن تھراپی پر ہیں لیکن ان کی طبیعت مستحکم ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پوپ فرانسس کو 14 فروری کو روم کے جیمیلی اسپتال میں داخل کیا گیا تھا، جہاں انہیں شدید سانس کی بیماری اور دیگر پیچیدگیوں کا سامنا تھا۔ ویٹیکن کے تازہ بیان میں کہا گیا کہ پوپ کو اب نان انویسیو میکینکل وینٹیلیشن کی ضرورت نہیں رہی، اور وہ بغیر بخار کے بہتر محسوس کر رہے ہیں۔ حکام کے مطابق، پوپ فرانسس کی طبیعت اب بھی نازک ہے اور ڈاکٹروں نے ان کی حالت کو گھمبیر مگر مستحکم قرار دیا ہے۔ پوپ نے دو اعلیٰ ویٹیکن عہدیداروں کارڈینل پیٹرو پارولین اور ان کے نائب سے ملاقات کی، تاہم اس ملاقات کی تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔ ویٹیکن کے ایک عہدیدار نے نام نہ ظاہر کرنے کی شرط پر بتایا کہ پوپ عام خوراک کھا رہے ہیں اور اپنے اسپتال کے کمرے میں چل پھر سکتے ہیں۔ پوپ فرانسس نے عوام کے نام ایک تحریری پیغام میں شکرگزاری کا اظہار کیا۔ انہوں نے لکھا: میں تمام دعاں کے لیے آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ مجھے آپ سب کی محبت اور قربت محسوس ہورہی ہے، اور ایسا لگتا ہے جیسے میں پوری دنیا کے لوگوں کے سہارے صحت یاب ہو رہا ہوں۔ پوپ فرانسس پچھلے دو سالوں میں کئی بار سانس کی بیماریوں میں مبتلا ہوچکے ہیں۔

امریکی جنگ بندی فریم ورک کو اپنا رہے ہیں، اسرائیلی وزیر اعظم

وٹکوف کی تجویز کے تحت پہلے دن آدھے قیدیوں کو رہا کردیا جائے گا، گفتگو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیل نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایلچی سٹیو وٹکوف کی طرف سے تجویز کردہ جنگ بندی کے فریم ورک کو اپنا لیا ہے اور اسے غزہ میں جنگ بندی معاہدے کے دوسرے مرحلے کے حوالے سے مزید بات چیت کا راستہ قرار دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نیتن یاہو نے ہفتہ وار حکومتی میٹنگ کے آغاز میں کہا کہ اسرائیل صدر ٹرمپ کے ایلچی سٹیو وٹکوف کے فریم ورک کو رمضان اور عید الفصح میں عارضی جنگ بندی کے لیے اپنا رہا ہے۔ نیتن یاہو نے مزید کہا کہ وٹکوف کی تجویز کے تحت فریم ورک کے پہلے دن نصف قیدیوں کو ایک مرحلے میں رہا کردیا جائے گا۔ فریم ورک کے اختتام تک اگر کوئی معاہدہ ہو جاتا ہے تو باقی قیدیوں کو ایک ہی مرحلے میں رہا کر دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وٹکوف نے اس تجویز کو دوسرے مرحلے کے لیے مذاکرات کے لیے راہداری قرار دیا ہے۔ اسرائیل اس طرح کے مذاکرات میں شرکت کے لیے تیار ہے۔ نیتن یاہو نے کہا کہ مزید مفت کھانا نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پٹی میں لائی جانے والی امداد کو حماس نے کنٹرول کیا ہے۔ اگر حماس نے ہمارے یرغمالیوں کو رہا نہیں کیا تو اس کے مزید نتائج ہوں گے جن کی میں یہاں وضاحت نہیں کروں گا۔ جنگ بندی معاہدہ 19 جنوری کو نافذ العمل ہوا تھا اور یکم مارچ ہفتہ کو ختم ہوا تھا۔

جنوبی غزہ کے شہر خان یونس میں ایک نوجوان لڑکا تباہ حال محلے میں کھڑا ہے) اے ایف پی(

دو مارچ، 2025 کو انسانی امداد لے جانے والے ٹرک غزہ کی پٹی کے ساتھ رفح سرحدی گزرگاہ کی مصری جانب قطار میں کھڑے ہیں) اے ایف پی(

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

03 ڈکیت و مویشی چور گینگ کے 08 ارکان پولیس کے شکنجے میں

مجرمانہ ذہن رکھنے والے سماج دشمن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹتے ہوئے شہریوں کو امن کی فضا فراہم کریں گے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں ڈکیتوں اور مویشی چوروں کے خلاف کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔انہی احکامات کے پیش نظر انچارج سی آئی اے ڈی ایس پی انصر جاوید موہل و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیم نے اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 03 ڈکیت و مویشی چور گینگ کے 08 ارکان کو گرفتار کرکے ملزمان کے قبضہ سے 30 لاکھ روپے نقدی ،04 راس بھینسیں اور ناجائز اسلحہ برآمد۔گرفتار کیے گئے ملزمان میں ارشد، طلحہ، شہزاد، دانش سلیم رضا وغیرہ شامل ہیں۔دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ ضلع بھر میں ڈکیتی اور مویشی چوری کی وارداتیں کرتے اور فرار ہو جاتے۔اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا کہ مجرمانہ ذہن رکھنے والے سماج دشمن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹتے ہوئے شہریوں کو امن کی فضا فراہم کریں گے۔سی پی او نے اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر انچارج سی آئی اے ڈی ایس پی انصر جاوید موہل اور انکی پولیس ٹیم کے جوانوں کو شاباش دی۔

سیالکوٹ کے طول وارض میں انکروچمنٹ آپریشن جاری ہے: فدا افتخار میر

حکومت پنجاب کی پالیسی پر سختی سے عمل پیرا ہیں، چیف آفیسر ضلع کونسل



سیالکوٹ (قوت بیورو عامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ کی زیر قیادت ضلع کونسل سیالکوٹ کا ضلع بھر کی تمام چار تحصیلوں میں گرینڈ اینٹی انکروچمنٹ آپریشن کامیابی سے جاری ہے۔سیالکوٹ سے لیکر قلعہ کالروالہ، سمبڑیال، ڈسکہ، ہیڈ مرالہ روڈ تا اگوکی وزیر آباد روڈ اور شہر سیالکوٹ کے وسطی تحصیل بازار، شہاب پورہ روڈ، نیکاپورہ روڈ، صدر بازار، خادم علی روڈ، پیرس روڈ، لہائی بازار، کمشنر روڈ، کالج روڈ، مجاہد روڈ، چوک علامہ اقبال، چائنہ چوک و ڈیفنس روڈ، عدالت گڑھا، مظفر پور، روڑس روڈ و سلائم چوک و دیگر متعدد علاقے ناجائز تجاوزات و تعمیرات سے پاک کیجا چکی ہیں۔ان باتوں کا اظہار چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ فدا افتخار میر نے انکروچمنٹ آپریشن کی نگرانی کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بیشک ناجائز تجاوزات مافیا طاقتور و بااثر ہوتا ہے مگر ہر صورت ریاست اپنی رٹ کامیاب کررہی ہے۔تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن میں جموں روڈ پر تجاوزات کی زد میں آنے والے ماربل پتھر فیکٹریاں تھڑوں اور چھپروں کو گرادیا گیا ہے۔

روزہ اللہ اور بندے کے درمیان راز ہے اجر اللہ ہی جانتا ہے: چوہدری نثار گجر

رمضان کے آخری عشرے میں منہاج القرآن سیکرٹریٹ میں شہر اعتکاف قائم کیا جاتا ہے: شہباز قادری

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) رمضان المبارک اللہ کی طرف سے مسلمانوں کیلئے انعام ہے روزہ صرف اللہ کیلئے ہی ہے یہ واحد عمل ہے کو اللہ اور بندے کے درمیان راز ہے اس کا اجر بروز قیامت کے دن ہی ظاہر ہوگا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ روزہ میرے لیے ہے اور اس کا اجر بھی میں ہی دوں گا ان خیالات کا اظہار تحریک منہاج القرآن پی پی 136 کے صدر چوہدری نثار احمد گجر اور ناظم شہباز علی قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ آخری عشرے میں اعتکاف کریں اور دنیا و آخرت کی بھلائیاں حاصل کریں منہاج القرآن کے مرکز میں شہر اعتکاف قائم کیا جاتا ہے جہاں اجتماعی طور پر اعتکاف کی برکتیں حاصل کی جاتی ہیں علم کے خزانے بانٹے جاتے ہیں اجتماعی محافل استغفار منعقد کی جاتی ہیں اللہ کو راضی کرنے کیلئے بہترین موقع ہے۔

سابق ممبر ضلع کونسل چوہدری عشرت علی کی زوجہ انتقال کرگئی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سابق ممبر ضلع کونسل چوہدری عشرت علی کی زوجہ اور سابق چیئرمین یونین کونسل مہے غلام مصطفی ایڈووکیٹ کی والدہ انتقال کرگئیں جنہیں گزشتہ روز نماز جنازہ کے بعد آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا اس موقع پر سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری واجد علی خاں چوہدری نوازش علی خاں بریگیڈیئر ریٹائرڈ حامد علی خاں چوہدری وجاہت علی خاں رانا خادم حسین چوہدری وزیر علی خاں ایڈووکیٹ نے گہرے غم اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین سے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ پاک مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

رمضان سکیم کے تحت مستحقین میں امدادی چیک ترجیحی بنیادوں پر تقسیم کئے جارہے ہیں

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سابق یوسی جنرل کونسلر محمد آصف بٹ، سابق وائس چیئرمین راشد گجر، چودھری ریاض، عثمان گجر نے کہا ہے کہ یونین کونسل 52 میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی طرف سے نگہبان رمضان سکیم کے تحت مستحقین میں امدادی چیک ترجیحی بنیادوں پر تقسیم کئے جارہے ہیں تاکہ مستحقین جلد از جلد حکومتی امداد سے مستفید ہوسکیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے نگہبان رمضان سکیم کے تحت پنجاب حکومت کی طرف سے آنیوالے امدادی چیک تقسیم کرنے کے موقع پر علاقہ مکینوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ نگہبان رمضان سکیم کے تحت وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر پنجاب حکومت کی آنیوالی رقوم کے پے آرڈر کے ذریعے 10 ہزار روپے دینے کا نیا طریقہ شروع کیا گیا، مستحقین یہ پے آرڈر اپنے بینک اکاؤنٹ میں جمع کروائیں گے جس سے یہ رقم ان کے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر ہو جائے اگر کسی کا بینک اکاؤنٹ نہیں ہے تو قریبی بینک ایجنٹ کے پاس جائیں جوان کے انگوٹھے کی تصدیق (بائیومیٹرک) کے بعد پے آرڈر ہولڈر کو 10 ہزار روپے نقد فوری ادا کردے گا۔

گورنمنٹ سکولز میں داخلہ آگہی مہم کا آغاز

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) گزشتہ روز گورنمنٹ سکولز میں داخلہ آگہی مہم کا آغاز۔ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اوکاڑہ (زنانہ) میڈم فرزانہ بلوچ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (زنانہ) دیپالپور میڈم صوفیہ اختر نے گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول نمبر 2 بصیر پور روڈ دیپالپور میں واک کا اہتمام کیا گیا جس میں والدین، اساتذہ، طالبات، اسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز، تحصیل لیپکا رہنماؤں نے بصیر پور روڈ دیپالپور میں واک کیا جس میں طلباء نے پلے کارڈ اٹھائے ہوئے تھے جسمیں گورنمنٹ سکول کی اہمیت اور اسکی افادیت کے بارے میں آگاہی تھی۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زنانہ اوکاڑہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ سکولز میں مفت معیاری تعلیم و تربیت، اعلی کوالیفائیڈ سٹاف، سال کا مکمل سٹڈی پلان، اسلامی تعلیمات پر خصوصی توجہ، مستحق بچوں کی مالی امداد، اخلاقی و جسمانی نشوونما، چائلڈ فرینڈلی ماحول، ماہانہ ٹیسٹ سسٹم اور والدین سے مسلسل رابطہ، ماہانہ وظیفہ، انہوں نے والدین کہا کہ اپنے نونہالوں کو سرکاری سکولز میں داخلہ دلوائیں اور ایسی بنیادی سہولیات سے مستفید ہوں۔اپنے بچوں کا مستقبل محفوظ کریں۔اس موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زنانہ دیپالپور صوفیہ اختر، ہیڈ مسٹریس نسرین خالدہ، تحصیل بھر سے اسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز (زنانہ) مطیع اللہ، محمد ساجد، غضنفر شہزاد محمد سلیم اختر، ساجد علی نعیم علی، تحصیل دیپالپور کے سینئر لیپکا رہنماؤں سہیل خاں، حافظ جہانگیر فیصل مقصود، ندیم احمد، احمد فرید، رانا محمد امین، ذوالفقار علی و دیگر نے بھرپور شرکت کی۔

ڈپٹی کمشنر ساہیوال کا ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال کا اچانک دورہ

دورے کے دوران انہوں نے مختلف وارڈز، ایمرجنسی، او پی ڈی اور لیبارٹریز کا معائنہ کیا

ساہیوال (مہرا ے ڈی لیسم سپراسے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے علی الصبح گورنمنٹ حاجی عبدالقیوم ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال کا اچانک دورہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولتوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔دورے کے دوران انہوں نے مختلف وارڈز، ایمرجنسی، او پی ڈی اور لیبارٹریز کا معائنہ کیا اور مریضوں اور ان کے لواحقین سے ان کے مسائل سنے۔اس موقع پر ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر محمد سلیم گوندل بھی موجود تھے جنہوں نے ہسپتال میں دستیاب سہولتوں اور درپیش چیلنجز پر بریفنگ دی۔ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے صفائی ستھرائی کے انتظامات، طبی عملے کی حاضری اور ادویات کی دستیابی کا بھی جائزہ لیا اور عملے کو ہدایت کی کہ مریضوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے۔انہوں نے ایمرجنسی وارڈ میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور ان کے علاج معالجے کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت دی کہ مریضوں کے مسائل فوری حل کیے جائیں اور کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر انہوں نے ادویات کی فراہمی کو یقینی بنانے، صفائی کے معیار کو بہتر کرنے اور مریضوں کے لیے سہولیات میں اضافے کے لیے ضروری اقدامات اٹھانے کی بھی ہدایت کی۔ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ہسپتال کے مختلف شعبوں میں دستیاب مشینری اور آلات کی کارکردگی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ لی اور ضروری مرمت و بہتری کے احکامات جاری کیے۔انہوں نے مریضوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہسپتال میں حفظانِ صحت کے اصولوں پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔

ظفروال شکرگڑھ روڈ پر پک اپ اور موٹر سائیکل میں تصادم

دو افراد زخمی۔ایک کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز ظفروال شکرگڑھ روڈ پر تیز رفتاری کی وجہ سے پک اپ اور موٹر سائیکل میں تصادم۔جس کے نتیجہ میں سودگوجراں کے رہائشی دو افراد شدید زخمی ہو گئے اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو طبی امداد کے بعد ٹی ایچ کیو ہسپتال پہنچایا۔زخمی ہونے والوں میں ایک شخص کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیرصدارت افسران کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت افسران کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس، اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب، اسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ احسن ممتاز، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ مرغوب حسین، ایس این اے افضال حسین سمیت دیگر افسران نے شرکت کی، ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے گڈ گورنرز اقدامات پر عمل درامد کے ذریعے عوام کے لیے آسانیاں پیدا کی جائیں، ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیشرفت کے سلسلہ میں ان منصوبوں کے وزٹس کیے جائیں اور ماہ رمضان میں عوام الناس کو کنٹرول ریس پر شیخ اور دونوں ش کی فراہمی کے سلسلہ میں چیکنگ کا عمل جاری رکھا جائے۔

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پنڈی بھٹیاں کے ایریا میں غیر قانونی کٹوتی پر شکایات درج کروائیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) نگہبان رمضان پیکیج سے کٹوتی غیر قانونی عمل ہے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پنڈی بھٹیاں کے ایریا میں غیر قانونی کٹوتی پر شکایات درج کروائیں، حکومت پنجاب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے عوامی ریلیف جاری ہے جسے نقصان پہنچانے کے لیے غیر قانونی کٹوتی کی جاتی ہے جس کا نوٹس وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے لے لیا ہے ہے لہذا کٹوتی کی صورت میں اپنی شکایات کو ضرور درج کروائیں

سرکاری سکول - معیاری سکول
گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول نمبر 2 دیپال پور
داخلہ
مفت تعلیم
مفت کتابیں
نرسری تا ہشتم
داخلہ جاری ہے
نمایاں خصوصیات

ضلعی انتظامیہ ناجائز منافع خوروں کے آگے بے بس سبزی اور فروٹ کی قیمتیں آسمان پر پہنچ گئیں

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گیمبر ضلعی انتظامیہ ناجائز منافع خوروں کے آگے بے بس سبزی اور فروٹ کی قیمتیں آؤٹ اف کنٹرول اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ سکرین سے غائب گیمبر قادر آباد کی عوام ناجائز منافع خوروں کے رحم و کرم پر۔وزیراعلی پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ نے وزیراعلی پنجاب کے احکامات ہوا میں اڑا دیے اور ناجائز منافع خوروں کو کھلی چھوٹ دے دی سبزی اور فروٹ کی قیمتیں آؤٹ اف کنٹرول گیمبر قادرابادنورشاہ یوسف والا بگڑی پل سبزی اور فروٹ کی قیمتیں آسمان پر پہنچ گئیں سبزی اور فروٹ کے دکانداروں کے اپنے اپنے ریٹ سرکاری ریٹ لسٹ ردی کی ٹوکری میں ناجائز منافع خوروں کو کوئی پوچھنے والا نہیں گیمبر قادر آباد کی عوام ناجائز منافع خوروں سے شدید پریشان گیمبر قادر آباد کی عوام کا وزیراعلی پنجاب مریم نواز چیف سیکرٹری پنجاب اور کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گیمبر قادراباد میں سرکاری ریٹ لسٹ پر عمل درامد کروانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں تاکہ گیمبر قادر آباد کی عوام کو سبزی اور فروٹ سرکاری ریٹ لسٹ پر مل سکیں

ضلعی انتظامیہ چنیوٹ نے نگہبان رمضان پیکج کی رقوم میں پیسوں کا تقاضا کرنے والے دو افراد کر گرفتار اور ان کے خلاف مقدمات کے اندراج کے ساتھ دکانیں سیل اور ڈیوائس ضبط کرلیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی انتظامیہ چنیوٹ نے نگہبان رمضان پیکج کی رقوم میں پیسوں کا تقاضا کرنے والے دو افراد کر گرفتار اور ان کے خلاف مقدمات کے اندراج کے ساتھ دکانیں سیل اور ڈیوائس ضبط کرلیں۔تفصیلات کے مطابق چک 198 تحصیل بھوآنہ میں اسٹنٹ کمشنر سعیدیہ جمال نے رمضان پیکج کے مستحقین سے پے آرڈر کے پیسے نکلوانے پر اضافی 200 روپیہ وصول کرنے والا ریٹیلر وسیم احمد گرفتار کرادیا جس کے خلاف مقدمہ درج اور دکان سیل کے ساتھ ڈیوائس و دیگر سامان ضبط کرلیا گیا۔ایک دوسری کاروائی میں اسٹنٹ کمشنر لالیاں شازیہ رحمن نے ظفر موبائل شاپ کے محمد حمزہ کو 200 روپے فی کس لینے پر گرفتار کرایا۔

شاہنواز بلوچ سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک

سابق وحاضر ارکان قومی وصوبائی اسمبلی سابق وفاقی وصوبائی وزراء سرکاری افسران وکلاء تاجروں صحافیوں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سابق یونین ناظم ملک رفیق احمد بلوچ کے بیٹے اور مرکزی انجمن تاجران الحاج ملک محمد اسلم بلوچ کے جواں سالہ بھانجے ملک شاہنواز بلوچ کو گزشتہ رات سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا نماز جنازہ لیاقت سکول گراؤنڈ میں ممتاز عالم دین حافظ نعمان حمید کی امامت میں ادا کی گئی جس میں سابق و حاضر ارکان قومی و صوبائی اسمبلی سابق وفاقی و صوبائی وزراء، سرکاری افسران وکلاء تاجروں صحافیوں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی ملک شاہنواز بلوچ گزشتہ روز ایک جھگڑے کے دوران سینے پر چوٹ لگنے کے باعث اپنے خالق حقیقی سے جاملے تھے اس نوجوان کی اچانک وفات سے موبائل مارکیٹ مکمل طور پر بند رہی جبکہ خادم حسین روڈ اور ملحقہ بازار بھی جزوی طور پر بند رہے علاوہ ازیں وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سابق وفاقی وزراء میاں جاوید لطیف حاجی نعیم حسین چٹھہ سابق صوبائی وزراء میاں خالد محمود خرم شہزاد ورک ایم این اے ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ ڈی پی او بلال ظفر شیخ صدر ڈسٹرکٹ بار چوہدری امجد علی گوپے راء سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری سردار محمد عرفان ڈوگر رکن قومی اسمبلی خرم منور منج نواز لیگ کے سینئر رہنما چوہدری شہباز چھینہ پیر سید سجاد حسین شاہ و دیگر سیاسی سماجی شخصیات نے الحاج ملک محمد اسلم بلوچ کے جوان بھانجے کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کیلئے جنت الفردوس اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

بچوں کی پرائمری ایجوکیشن نہایت اہم ہے، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر

سرکاری سکولوں میں نہ صرف تعلیم مفت ہے بلکہ بچوں کو مفت کتابیں بھی فراہم کی جاتی ہیں

حافظ آباد: (بیورو رپورٹ) اساتذہ اور والدین کے لیے یہ بات سمجھنا ضروری ہے کہ بچوں کی پرائمری ایجوکیشن نہایت اہم ہے۔اسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر، زاہد اصغر باجوہ حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات اور معیاری تعلیم کے پیش نظر، سرکاری سکولوں میں بچوں کی تعلیم کو ترجیح دینا والدین کی ذمہ داری ہے۔سرکاری سکولوں میں نہ صرف تعلیم مفت ہے بلکہ بچوں کو مفت کتابیں بھی فراہم کی جاتی ہیں۔مزید برآں، سرکاری سکولوں کے اساتذہ کی قابلیت بھی غیر سرکاری سکولوں کی نسبت قابل ستائش ہے۔ہم والدین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ سرکاری سکولوں پر اعتماد کریں اور اپنے بچوں کو سرکاری سکولوں میں داخل کرائیں۔ہمارا مقصد بچوں کو بہترین تعلیم فراہم کرنا ہے تاکہ وہ معاشرے میں اپنا کردار بہتر طریقے سے ادا کر سکیں۔تعلیم کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے، ہم سب کا یہ فرض ہے کہ ہم اپنے بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کریں۔

ڈپٹی کمشنر جنرل کی متعدد مقامات پر سبزیوں اور پھلوں کی دکانوں کی چیکنگ

دکانداروں کو مقررہ ریٹس کے مطابق سبزیوں اور پھلوں کی فروخت بارے ہدایات جاری کیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب نے شہر کے متعدد مقامات پر سبزیوں اور پھلوں کی دکانوں کی چیکنگ کی اور دکانداروں کو مقررہ ریٹس کے مطابق سبزیوں اور پھلوں کی فروخت بارے ہدایات جاری کیں، انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں مصنوعی مہنگائی سے پرہیز کریں اور نرخ نامے کے مطابق سبزیوں اور پھلوں کی فروخت کو یقینی بنائیں بصورت دیگر سخت کاروائی کے لیے تیار رہیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ماہ مقدسہ برکتوں اور نیکی کا مہینہ ہے اس میں عوام کی مجبوری سے فائدہ نہ اٹھائیں اور مقررہ ریٹس پر عوام الناس کو سبزیوں اور پھل مہیا کریں اور رزق حلال کمائیں۔

جرم وسزا

CRIME & COURT

رمضان المبارک اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے: جاوید گورائیہ

اس بابرکت مہینے میں سفید پوش لوگوں کی مدد کریں: ضلعی صدر مسلم لیگ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) رمضان اللہ کی رحمت اور خوشنودگی حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے ہم اپنے اعمال کا محاسبہ کرکے متقین میں شامل ہوسکتے ہیں رمضان المبارک کا احترام سب پر لازم ہے ہم اس کی برکتوں سے گناہوں سے پاک ہوجاتے ہیں جہاں تک ممکن ہوسکے اس کی ایک ایک ساعت اللہ کی عبادت اور بندگی میں گزاریں ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ کے ضلعی صدر چاہدری جاوید اقبال گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ غرباء اور مساکین کی مدد کریں خصوصی طور پر سفید پوش لوگوں کا خیال رکھیں اللہ کی رحمت اور کرم سے سب کچھ ممکن ہے ہمارے سیاہ اعمال نیکیوں میں تبدیل ہوسکتے ہیں دعا ہے کہ اللہ کریم ہمیں دنیا و آخرت کی بھلائیاں عطا فرمائے۔

آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق پولیس اہلکاروں کی محکمانہ ترقی کا عمل جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے وژن کے مطابق پولیس اہلکاروں کی محکمانہ ترقی کا عمل جاری، چنیوٹ پولیس کے افسران کو سب انسپکٹر اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے عہدے پر ترقی دے دی گئی ترقی پانے والے افسران کیلئے ڈی پی او دفتر میں تقریب کا انعقاد کیا گیا ترقی پانے والے افسران کے عزیز واقارب کو بطور مہمان خصوصی دعوت دی گئی ڈی پی او عبداللہ احمد ڈی ایس پی لیگل مدثر کلیم نے ترقی پانے والے افسران کے عزیز واقارب کے ہمراہ مل کر بیج لگائے ڈی پی او نے ترقی پانے والے افسران انکے عزیز واقارب کو مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

ڈی پی او سیالکوٹ کی ہدایت پر Sho صدر میاں رزاق کی کامیاب کاروائی

500 بوتل ولایتی شراب برآمد، ملزم گرفتار مقدمہ درج کرلیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ پولیس کی دوران کاروائی منشیات کی ایک بڑی چین کا بریک اپ، شراب کی بڑی کھیپ پکڑلی، پانچ سو سے زائد ولائیتی شراب کی بوتلیں برآمد، ملزم گرفتار، مقدمہ درج۔ترجمان سیالکوٹ پولیس کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی خصوصی ہدایات پر سیالکوٹ پولیس کا موت کے سوداگر منشیات فروشوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے جو اس سلسلہ میں ایس ایچ او تھانہ صدر سیالکوٹ انسپکٹر غازی میاں عبدالرزاق معہ سب انسپکٹر محمد یاسر نے ٹیم کے ہمراہ ہیومین ریسورس اور انٹیلیجنس بیس کاروائی کے دوران منشیات کی ایک بڑی چین کا بریک اپ کرتے ہوئے ملزم مبشر ولد پرویز سکنہ رنگپور کے قبضے سے شراب کی بڑی کھیپ 502 عدد ولائتی شراب کی بوتلیں برآمد کرکے گرفتار کیا۔دوران انٹیروگیشن ملزم نے بتایا کہ وہ ضلع سیالکوٹ کے مختلف علاقوں میں منشیات کی سپلائی کرتا ہے۔ضلع سے منشیات کی لعنت کا جڑ سے خاتمہ کرنے کیلیے چھوٹے موٹے نشئیوں کی بجائے اس مکروہ دھندے میں ملوث بڑی مچھلیوں کو پکڑا جارہا ہے شہر سے منشیات کے مکمل خاتمے تک کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

واپڈا گیپکو کی حکام کی جانب سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کے احکامات کی خلاف ورزی کرتے ہوئے واپڈا گیپکو کی حکام کی جانب سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے مسلسل تیسرے روز بھی سحری کے اوقات میں بجلی سپلائی منقطع ہے اور واپڈا گیپکو حکام کھلم کھلا خلاف ورزی کرتے ہوئے بجلی کی سپلائی معطل کر دیتے ہیں جو کبھی 20 منٹ ہوتی کبھی ایک گھنٹہ بھی یہ سلسلہ جاری ہے جنہیں کوئی پوچھنے والا نہیں، ایس ڈی اوز دیے گئے نمبر پر فون سننا بھی گوارا نہیں کرتے، جو حکومتی احکامات کی کھلی خلاف ورزی ہے

جماعت میلہ کے امیر میاں منیر احمد قادری قضائے الہی سے وفات پاگئے

شرقپور شریف (نامہ نگار) جماعت میلہ کے امیر میاں منیر احمد قادری قضائے الہی سے وفات

پاگئے، ان کی نماز جنازہ وزیر آباد میں ادا کردی گئی، جنازہ میں عقیدت مندوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی تفصیلات کے مطابق جماعت میلہ کے امیر میاں منیر احمد قادری جو گزشتہ روز جماعت میلہ کی نمائندگی کرتے ہوئے گوجرانوالہ کے قریب ماچی کے گاؤں میں طبیعت ناساز ہونے کی وجہ سے انتقال کر گئے تھے ان کی نماز جنازہ ان کے آبائی علاقہ وزیر آباد میں ادا کی گئی جبکہ ان کی تدفین شیخوپورہ کے نواحی گاؤں سیخم میں کی گئی جس میں عقیدت مندوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی جبکہ شرقپور شریف سے جماعت میلہ کی میزبانی کرنے والے حاجی علی صفدر نوشاہی، قاری علی عابد نوشاہی، سینئر صحافی (سینئر نائب صدر پریس کلب شرقپور شریف) عامر مجید نوشاہی، ملک اسامہ و دیگر نے خصوصی طور پر شرکت کی اور ان کی بلندی درجات کے لیے دعا فرمائی۔

ماہ صیام ہمیں برداشت کا درس دیتا ہے: ملک شہباز احمد Ahc

معاشرے میں عدم برداشت کا خاتمہ کونسلنگ سے ممکن ہے۔رہنما ایس اینڈ اے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ماہ صیام ہمیں صبر تحمل و برداشت کا درس دیتا ہے اور بلاشبہ روزہ مسلمانوں کیلئے سال میں ایک خصوصی تربیتی مشق ہے جو بھلائی و انسانیت پروری سکھاتا ہے۔معاشرتی بگاڑ و پولرائزیشن کی بنیادی وجہ مناسب تربیت کا فقدان وعدم برداشت ہے۔آج ہر ایک دوسرے کی بات مکمل سنے اور سمجھے بغیر فوری ردعمل دینا اور ایک دوسرے کی بات برداشت نہ کرنا ہمارے معاشرے کے بگاڑ کی بنیادی وجہ بن چکا ہے۔ان باتوں کا اظہار معروف وکیل رہنما و ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان ایڈووکیٹ نے اپنے نشاط پارک کیمپ آفس سیالکوٹ میں کیا۔انہوں نے کہا کہ اقوام عالم میں آج پاکستان عدم برداشت و پولرائزیشن میں ٹاپ لسٹ ممالک میں آرہا ہے تو اس کی وجہ عدم برداشت اور رواداری و بھائی چارے کا فقدان ہے۔بطور قوم ہونے کی بجائے ہم سیاسی و مسلکی گروہوں میں بٹ چکے ہیں جس سے نکلنے کیلئے نفرتوں کو ختم کر کے محبت و برداشت اور رواداری اپنانا ہوگی۔قومی یکجہتی پر عمل پیرا ہو کر ہی پاکستان مستحکم ہوسکتا ہے۔

بدنام زمانہ منشیات فروش سمرا پارٹی کی گھر میں گھس کر اندھا دھند فائرنگ

گولیاں لگنے سے ایک ہی خاندان کے تین افراد شدید زخمی، مقدمہ درج

عارفوالا (امیر احمد خان سے) عارف والا کے نواحی گاؤں چک نمبر 37 ای بی میں بدنام زمانہ منشیات فروش سمرا پارٹی کی گھر میں گھس کر اندھا دھند فائرنگ بدنام زمانہ سمرا پارٹی کی فائرنگ سے گولیاں لگنے سے ایک ہی خاندان کے تین افراد شدید زخمی شدید زخمیوں افراد میں قمر زمان، محمد اکبر، اور ایک خاتون ظاہراں بی بی شامل ہیں جو کہ شدید مضروب ہونے کی وجہ سے ساہیوال ریفر کر دیے گیا ہیں جن کی حالت کافی تشویش ناک ہے تھانہ قبولہ پولیس کی جانب سے بہترین تفتیش کا عمل جاری ایس ایچ او تھانہ قبولہ میاں زمان رشید وٹو کی بروقت کارروائی وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی مقدمہ نمبر 364 / 25 بجرم 148.324 / 149 تھانہ قبولہ شریف میں اندراج کرکہ ملزمان کی گرفتاری کے لے چھاپے مدعی مقدمہ کی جانب سے پنجاب پولیس ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر پاکپتن اور ایس ڈی پی او سرکل عارف والا ،ایس ایچ او تھانہ قبولہ میاں زمان رشید وٹو کا شکریہ ادا کیا کہ جنہوں نے بروقت فوری مقدمہ کا اندراج کرکے ملزمان کی گرفتاری کے لے ٹیمیں تشکیل دے دی گئی۔

اوکاڑہ پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن بڑی مقدار میں چرس برآمد

تھانہ حجرہ شاہ مقیم پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف موثر کارروائی کرتے ہوئے ملزم عقیل کو گرفتار کرلیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن بڑی مقدار میں چرس برآمد۔تفصیلات کے مطابق تھانہ حجرہ شاہ مقیم پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف موثر کارروائی کرتے ہوئے ملزم عقیل کو گرفتار کرلیا جس کے قبضے سے 2480 گرام چرس برآمد ہوئی ایس ایچ او انسپکٹر اطہر رشید نے اپنی ٹیم کے ہمراہ یہ کامیاب کارروائی کی پولیس نے گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی ہے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ محمد راشد کے مطابق ڈرگ فری پنجاب مہم کے تحت منشیات فروشوں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں تاکہ نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے بچایا جا سکے علاقہ مکینوں نے پولیس کی اس کارروائی کو سراہتے ہوئے اسے ایک مثبت قدم قرار دیا ہے مقامی افراد کا کہنا ہے کہ منشیات فروشی علاقے میں ایک سنگین مسئلہ بنتی جا رہی تھی جس کی وجہ سے نوجوان نسل گمراہی کی طرف جاری تھی شہریوں نے کہا کہ پولیس کی جانب سے ایسے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی جاری رہنی چاہیے تاکہ مستقبل میں بھی یہ مکروہ دھندہ ختم ہو سکے اہل علاقہ نے پولیس سے مطالبہ کیا کہ مزید سخت اقدامات کیے جائیں۔

اراضی کے تنازعہ پر بااثر افراد نے محنت کش کے گھر پر دھاوا بول دیا

چادر چاردیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے خواتین پر تشدد، آرپی او گوجراوالہ سے دادرسی کی اپیل

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) اراضی کے تنازعہ پر بااثر افراد نے محنت کش کے گھر پر دھاوا بول دیا، چادر چاردیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے خواتین پر تشدد، آرپی او گوجراوالہ سے دادرسی کی اپیل، تفصیل کے مطابق نواحی علاقہ رتہ رایاں میں بااثر افراد میاں عارف، اللہ دتہ، عمران، وغیرہ نے اراضی پر قبضہ کرنے کیلئے محنت کش جابر اکرام کے گھر داخل ہوکر گھر اور حویلی کی دیواریں مسمار کردیں جبکہ جابر نے دوڑ کر گھر میں پناہ لی تو ملزمان نے پہلے گھر پر پتھراؤ کیا اور اسکے بعد گھر میں داخل ہوگئے، گھر کے دروازے توڑ کر اہلخانہ پر شدید تشدد کیا، وقوعہ کی اطلاع پر مقامی پولیس تھانہ صدر نے 28 افراد کیخلاف مقدمہ درج کرلیا، مقامی پولیس کی انکوائری کے بعد مقدمہ کی تفتیش ریجن انویسٹی گیشن سیل میں چل رہی ہے، مدعی مقدمہ نے بتایا کہ ملزمان نہات بااثر ہیں اور ہمارے خلاف ہی ملزمان ایک جھوٹی کراس ورشن درج کروارکھی ہے اس کے علاوہ گزشتہ روز تفتیشی افسر نے ملزم عمران کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مارا تو ملزم کے اہلخانہ نے پولیس پارٹی پر ہی حملہ کردیا جس کا مقدمہ متعلقہ تھانہ میں درج ہے، متاثرہ شہری نے وزیراعلی پنجاب آرپی او گوجرانوالہ دیگر ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کو گرفتار کرکے ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے۔

اوکاڑہ کے نواح میں تیز رفتار کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار موقع پر جاں بحق ہوگیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں تیز رفتار کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار موقع پر جاں بحق ہوگیا۔تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 39 ڈی کا رہائشی 55 سالہ محمد حنیف ولد احمد علی اپنی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جا رہا تھا کہ اچانک راستے میں رانا پیٹرولیم سروس نزد صوبارام کے قریب تیز رفتار کار نے بے قابو ہو کر ٹکر مار دی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار محمد حنیف موقع پر جاں بحق ہوگیا جبکہ ڈرائیور کار کو بھگا کر لے جانے میں کامیاب ہوگیا ریسکیو 1122 ٹیم نے نعش کو ہسپتال منتقل کردیا ہے۔

خاتون کو شادی کا جھانسہ دیکر زیادتی کرنے والا ملزم چند گھنٹوں میں گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پولیس کی کاروائی، خاتون کو شادی کا جھانسہ دیکر زیادتی کرنے والا ملزم چند گھنٹوں میں گرفتار کرکے پابند سلاسل کردیا۔تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر سیالکوٹ کے علاقے موضع مغلانوالی میں مسمات سونیا کو شادی کا جھانسہ دیکر جنسی زیادتی کا ملزم بلال ولد ارشد سکنہ کھناں کوٹلی لوہاراں فرار۔فرار ملزم بلال کو ایس ایچ او تھانہ صدر سیالکوٹ میاں عبدالرزاق نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے ہیومن ریسورس اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے چند گھنٹوں میں ٹریس کر کے گرفتار کرلیا۔ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے کہا ہے کہ خواتین بچوں پر تشدد، زیادتی، ہراسگی، وزیراعلی پنجاب کی ریڈلائن ہے اور اس حوالے سے صنفی جرائم کی روک تھام کیلئے سیالکوٹ پولیس تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے۔

انتقال پر ملال

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) شہر کی معروف سماجی شخصیت ہومیو ڈاکٹر سرفراز علی عزیز زادہ انتقال کر گئے مرحوم کا نماز جنازہ لائبریری پارک چنیوٹ میں ادا کیا گیا نماز جنازہ میں شہر بھر کی تمام سیاسی سماجی تجارتی مذہبی وکلا و صحافی تنظیموں کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی مرحوم ڈاکٹر علی امین صدر مزدور محاذ چنیوٹ کے والد تھے مرحوم کو سینکڑوں سوگواران کی موجودگی میں فیصل آباد روڈ دین گارڈن قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

شہر بھر میں لاکھوں روپے کی لاگت سے نصب

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) شہر بھر میں لاکھوں روپے کی لاگت سے نصب کئے گئے سی سی ٹی وی کیمرے خراب پڑے چلے آرہے ہیں جس سے کیمروں کی افادیت ختم ہو کر رہ گئی ہے لیکن ان کیمروں کو چالو کرنے کی جانب کوئی توجہ نہ دی جارہی ہے۔ان خیالات کا اظہار رانا خالد محمود کی زیر صدارت منعقدہ عوامی محاذ کے ایک اجلاس میں کیا گیا۔اجلاس میں کہا گیا کہ شہر بھر میں لاکھوں روپے کی مالیت سے 105 کیمرے نصب کئے گئے تھے جن میں سے اسوقت صرف 19 کیمرے کام کر رہے ہیں جبکہ باقی خراب پڑے ہیں۔اجلاس میں ارباب اختیار سے مطالبہ کیا گیا کہ شہر بھر میں خراب پڑے سی سی ٹی وی کیمروں کو فوری طور پر فنکشنل کروایا جائے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کے پیش نظر کیمروں سے استفادہ کیا جاسکے۔

پولیس تھانہ نورشاہ کی نااہلی کی وجہ سے علاقہ بھر میں ڈاکوؤں کی یلغار

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) پولیس تھانہ نورشاہ کی نااہلی کی وجہ سے علاقہ بھر میں ڈاکوؤں کی یلغار۔ڈاکو سر عام دندنانے لگے ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر محکمہ مال کے پٹواری کو لوٹ لیا لاکھوں روپے کا موٹر سائیکل نقدی اور موبائل لے کر رفو چکر۔پولیس تھانہ نورشاہ نیند خرگوش کے مزے میں آئی جی پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل پولیس تھانہ نورشاہ کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے علاقہ بھر میں ڈاکوؤں کی یلغار ڈاکو دن دیہاڑے گن پوائنٹ پر شہریوں کو لوٹنے لگے ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر نواحی چک 53 جی ڈی میں محکمہ مال کے پٹواری تنویر عباس کو دو ڈاکوؤں نے پستول دکھا کر روک لیا اور ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل نمبر 2015 اے ٹی آر، موبائل، گھڑی، 37 ہزار روپے نقدی چھین کر جدید اسلحہ لہراتے ہوئے فرار ہوگئے جس کی وجہ سے علاقہ بھر میں ڈاکوؤں کا خوف و ہراس بدقسمتی سے پولیس تھانہ نورشاہ کی کارکردگی بس فوٹو سیشن تک محدود۔اور نیند خرگوش کے مزے میں خاموش تماشائی پٹواری تنویر عباس وزیراعلی پنجاب مریم نواز آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید اور ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ علاقہ تھانہ نورشاہ میں بے لگام ڈاکوؤں کو لگام دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور میرا لوٹا ہوا مال مجھے واپس دلوایا جائے اور شہر کے خون پسینے کی کمائی لوٹنے والے ڈاکوؤں کو کیفر کردار تک پہنچائیں

اسسٹنٹ کمشنر دیپال پور کا احسن اقدام عوامی مسائل فوری حل کرنیکی ہدایت

دیپال پور (تحصیل رپورٹر) اسٹنٹ کمشنر دیپال پور کا احسن اقدام عوامی مسائل کی نشاندہی پر بلا وجہ بلاک کھیوٹیں اور ریونیو افسران کو تحصیلدار آفس میں حاضری یقینی بنانے اور رجسٹری برانچ میں رجسٹریوں کے اندراج کے احکامات جاری کردیئے عوامی حلقوں کا خراج تحسین تفصیلات کے مطابق دیپال پور کے شہری وثیقہ نویس فوجی محمد اسلم نے درخواست گزاری کہ چند ایک ریونیو پٹواریوں کی طرف سے بلاوجہ کھیوٹیں بلاک کردی گئی ہے جس کی وجہ سے سائلین کو فردات کے حصول اور انتقالات کے لیے انتہائی دشواری کا سامنا ہے انہوں نے موقف اختیار کیا کہ ریونیو افسران کی عدم دستیابی کی وجہ سے بھی عوام پریشان حال ہے جس پر اسٹنٹ کمشنر دیپال پور نعیم بشیر نے فوری احکامات جاری کرتے ہوئے بلاوجہ بند کھیوٹیں فوری کھولنے اور ریونیو آفیسران کو تحصیلدار آفس میں بیٹھ کر کام کرنے اور رجسٹریوں کے رجسٹری برانچ میں درج کرنے کے احکامات جاری کر دیئے انہوں نے رجسٹری برانچ کے کلرکس کو بھی اپنی ڈیوٹی بطریق احسن سر انجام دینے کے احکامات جاری کیے اسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کہا کہ حکومت پنجاب کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید کی ہدایت کے مطابق عوامی مشکلات کے حل کے لیے میرے دروازے دن رات کھلے ہے انہوں نے ماتحت عملے کو ہدایت کی کہ عوام کو درپیش مسائل کو فوری حل کیا جائے عوامی سماجی حلقوں، انجمن تاجران سٹی دیپال پور عمائدین علاقہ اور شہریوں نے اسٹنٹ کمشنر دیپال پور نعیم بشیر کے اقدامات کو خوب سراہا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ حسب روایت لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کرنے میں اپنا موثر کردار ادا کرے گے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری کا گراں فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

گرانفروشی پر میگا اسٹورز و دوکانیں سیل، مقدمات درج کرادیئے، کسی قسم کی رعایت نہیں ملے گی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) 6 ناجائز منافع خور گرفتار، میگا اسٹور، ہوٹل سمیت متعدد دکانیں سیل، 3 دکانداروں پر پرائس ایکٹ کے تحت مقدمات بھی درج کروادیئے۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے سیالکوٹ ماڈل ٹاؤن، پرانی سبزی منڈی، خادم علی روڈ، چرچ روڈ، حاجی پورہ اور ڈسکہ روڈ سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں چھاپے مار کر گاہکوں سے مقررہ نرخوں سے زائد دام وصول کرنے پر متعدد دکانیں اور اسٹورز سر بمہر کردیئے۔ انہوں نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق عوام الناس کو مقررہ نرخوں پر اشیاء خورد ونوش کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے ناجائز منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف پرائس مجسٹریٹس کو پرائس چیکنگ کی سرگرمیوں کو تیز کرنے کی ہدایت کردی گئی ہے۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر انعم بابر، ڈسٹرکٹ آفیسر پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی اسلم سکھیرا سمیت علاقہ پرائس مجسٹریٹس اور پولیس کے مقامی حکام بھی ان کے ہمراہ تھے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت لاہور

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ جات 1

بڑے ریٹیلرز سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ وفد کو اسلام آباد، کراچی، لاہور میں ہائی رسک کیسز سے ریکوری کیلئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی، جس پر آئی ایم ایف نے ہائی رسک کیسز کی تفصیلات پر ریکوری کی ہدایت کی اور کہا کہ تینوں شہروں میں ہائی رسک کیسز سے ریکوری سے ریونیو شارٹ فال پورا کیا جائے۔ آئی ایم ایف کے وزارت توانائی اور پیٹرولیم کے ساتھ مذاکرات میں پاور اور پیٹرولیم سیکٹر کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ علاوہ ازیں اسلامک بینکنگ کے اقدامات اور طریقہ کار پر آئی ایم ایف وفد کے ساتھ بات چیت ہوئی۔ سٹیٹ بینک کے ساتھ ری فنانس اسکیم ٹرانزیشن اینڈ ڈویلپمنٹ فنانس پر بھی غور کیا گیا۔ آئی ایم ایف نے بینکنگ کیلئے آپریشنلائزیشن آف بینک ریزولیشن فریم ورک پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ جات 2

درجات کی بلندی کی دعا کی اور ان کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے بنوں چھاؤنی حملہ میں ملوث فتنۃ الخوارج کے تمام 16 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں نے اپنی جان پر کھیلتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم مقاصد کو ناکام بنادیا اور ملک کو ایک بڑے نقصان سے بچایا۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی مسلح افواج سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہیں، پوری قوم مسلح افواج کو سلام پیش کرتی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ جات 3

کی جانب سے افغانستان میں انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں پاکستان کے کردار اور حمایت کو تسلیم کرنے اور سراہنے پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں ایک کلیدی کردار ادا کرتا رہا ہے تاکہ دہشت گردوں اور شدت پسند گروہوں کو محفوظ پناہ گاہوں سے محروم کیا جاسکے اور کسی بھی ملک کے خلاف ان کی کارروائیوں کو روکا جاسکے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنی جدوجہد میں ثابت قدم اور پرعزم ہے۔ اس مقصد کے لیے پاکستان نے بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔ 80,000 سے زائد بہادر فوجیوں اور شہریوں کی جانوں کا نذرانہ شامل ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی قیادت اور عوام کا عزم غیر متزلزل ہے اور ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ پاکستان خطے میں امن واستحکام کے قیام کے لیے امریکہ کے ساتھ قریبی شراکت داری جاری رکھے گا۔

بقیہ جات 4

اجلاس ہوا۔ وزیراعظم نے پولیو کیسز کی بروقت شناخت اور ان میں منفی رجحان پر تمام صوبوں کی انتظامیہ کو سراہا۔ اجلاس میں شہباز شریف نے کہا کہ فروری 2025 میں پولیو کیسز میں منفی رجحان انسداد پولیو مہم کے مؤثر ہونے کی سند ہے، پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، پولیو کیسز میں بتدریج کمی تمام صوبوں کی انتظامیہ کی انتھک محنت کی بدولت ممکن ہوئی، وفاق اور صوبوں کے تعاون سے ہی ملک سے پولیو کا مکمل خاتمہ ممکن ہوسکے گا۔ وزیراعظم نے پولیو سے متعلق ڈیٹا کو ڈیجیٹلائز کرنے اور سخت مانیٹرنگ کرنے کی ہدایت کی اور پولیو مہم کے دوران سکیورٹی فورسز کے تعاون کو سراہا۔ اجلاس میں وزیراعظم کو انسداد پولیو مہم کی اب تک کی پیشرفت کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ کے مطابق تمام صوبوں میں انسداد پولیو مہم مکمل تحریک کے ساتھ جاری ہے۔ فروری 2025 کی مہم میں 42.5 ملین بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے گئے۔ فروری 2025 کی مہم میں ملک کے پولیو سے متاثرہ اضلاع میں بچوں کی تقریباً 90 فیصد آبادی کو پولیو کے قطرے پلائے گئے۔ بریفنگ کے مطابق 2025 کے آغاز سے اب تک 6 پولیو کیسز سامنے آئے ہیں۔ فروری 2025 کی انسداد پولیو مہم کے آغاز سے اب تک پولیو سے متاثرہ اضلاع خصوصاً بلوچستان، سندھ اور جنوبی خیبر پختونخوا میں پولیو کیسز میں واضح کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ اس سال کے پہلے 6 ماہ میں 3 پولیو مہم پلان کا حصہ تھیں جس میں سے پہلی مہم فروری میں ہوچکی ہے جبکہ دیگر 2 اپریل اور مئی کے مہینوں میں ہوں گی۔ آئی ٹی ڈیش بورڈ کے ذریعے پولیو مہم کے تمام پہلوؤں کی مستقل نگرانی کی جارہی ہے۔ اجلاس میں وزیر مملکت ڈاکٹر مختار بھرت، سینیٹر عائشہ رضا فاروق اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران شریک تھے۔

بقیہ جات 5

مستحکم کرنے، غذائی تحفظ کو یقینی بنانے اور کاشتکاری کے شعبے میں ترقی کو فروغ دینے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا ہے۔ بدھ کو نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے ضروری فصلوں کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ ٹیم کی قیادت وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اور وفاقی سیکرٹری وسیم اجمل چوہدری نے کی۔ اجلاس میں کابینہ کمیٹی کی گندم پالیسی برائے ربیع 25-2024 کی رپورٹ پیش کی گئی اور گندم کی متوقع پیداوار اور قومی ضروریات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین نے کمیٹی کو رواں سال کے زیر کاشت رقبے کے بارے میں بریفنگ دی اور زرعی حکمت عملیوں کو گھریلو ضروریات اور کسانوں کے فائدے کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ کمیٹی نے فی ایکڑ پیداوار اور مجموعی زرعی پیداواری صلاحیت کو بڑھانے کیلئے وفاقی اور صوبائی زرعی تحقیقی نظام کو ہم آہنگ کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے صوبائی حکومتوں سے مشاورت کی اہمیت پر زور دیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ پالیسیاں کسانوں کو فائدہ پہنچائیں اور شعبہ جاتی استحکام میں کردار ادا کریں۔ اجلاس میں گندم کی امدادی قیمت کے تعین پر بھی غور کیا گیا تاکہ کسانوں کیلئے منصفانہ قیمتوں کو محفوظ بنایا جاسکیں اور مارکیٹ میں استحکام برقرار رکھا جاسکے۔

بقیہ جات 6

ٹاؤن پلاننگ ایجنسی (پھاٹا) کے ڈی جی نے تفصیلی بریفنگ دی۔ مریم نواز شریف نے پھاٹا کو مارچ تک ہدف پورا کرنے کی ہدایت کردی، فری پلاٹ حاصل کرنے والے افراد کو گھر بنانے کے لئے قرض دینے کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے 19 اضلاع میں پھاٹا کی سابقہ 23 ہاؤسنگ سکیموں کی بہتری اور بحالی کا حکم دے دیا، ہاؤسنگ سکیموں کی بحالی کیلئے فنڈز جاری کرنے کے لئے اقدامات کی ہدایت بھی کی۔ دوران بریفنگ بتایا گیا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت قرضوں کی واپسی شروع ہوچکی ہے۔

بقیہ جات 7

ٹیلیفونک رابطہ کیا۔ انہوں نے اپنی کال میں نائب وزیر اعظم سمیت پاکستان کی قیادت اور شہریوں کو رمضان کی دلی مبارکباد دی۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے بھی متحدہ عرب امارات کے نائب وزیراعظم اور قیادت کو رمضان المبارک کے موقع پر مبارکباد دی اور متحدہ عرب امارات کے عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے متحدہ عرب امارات کے ولی عہد کے حالیہ دورہ پاکستان کے نتائج پر بھی تبادلہ خیال کیا اور تمام شعبوں میں دو طرفہ تعاون کو بڑھانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ جات 8

کی قیادت میں گزرے ایک سال پاکستان نے مایوسی سے اعتماد، ناامیدی سے امید، انتشار سے استحکام اور ڈیفالٹ سے نجات پاکر معاشی استحکام کی طرف شاندار سفر طے کیا۔ 12 ماہ میں معاشی معجزے رونما ہوئے، مہنگائی 38 سے کم ہوکر 9 سال کی کم ترین سطح 1.5 فی صد پر آگئی۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت میں ہر نیا دن ملک وقوم کے خوشحال مستقبل کے خواب کو تعبیر کے قریب لاتا ہے۔ نواز شریف کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہی وہ واحد جمہوری قوت ہے جو پاکستان کو ترقی دے سکتی ہے، یہ سچائی ایک بار پھر ثابت ہوچکی ہے۔ الحمدللہ

بقیہ جات 9

کی کوشش کی تاہم سکیورٹی فورسز نے فوری جوابی کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنادیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز نے حملہ کرنے والے تمام 16 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا، ہلاک دہشتگردوں میں 4 خودکش حملہ آور بھی شامل تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شدید جھڑپ میں 5 بہادر جوان دشمن کا مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے جبکہ خودکش دھماکوں سے چھاؤنی کی دیوار کا ایک حصہ گرگیا، دھماکوں اور فائرنگ سے قریب واقع ایک مسجد اور ایک رہائشی عمارت شدید متاثر ہوئیں، مسجد اور عمارت کے متاثر ہونے سے 13 بے گناہ شہری شہید اور 32 زخمی ہوگئے۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ خفیہ اطلاعات سے ثابت ہوا ہے کہ حملے میں افغان شہری ملوث تھے، شواہد ہیں حملے کی منصوبہ بندی اور قیادت افغانستان میں موجود خوارج سرغنوں نے کی۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ پاکستان توقع کرتا ہے کہ افغان عبوری حکومت اپنی ذمہ داریاں نبھائیگی، توقع ہے افغان حکومت اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکے گی، پاکستان سرحد پار سے آنے والے خطرات پر ضروری اقدامات کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا ہے کہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، ہمارے بہادر سپاہیوں اور معصوم شہریوں کی قربانیاں اس عزم کو مزید تقویت دیتی ہیں، ہر قیمت پر اپنی قوم کی حفاظت کیلئے ہمارا عزم مضبوط ہے۔

بقیہ جات 10

سلام پیش کرتے ہیں، قوم کو سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر ناز ہے۔ وفاقی وزیرداخلہ نے حملے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کرتے ہوئے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا۔ زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دکھ کی گھڑی میں شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ خوارجی دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملانے پر سکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں، قوم کو سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر ناز ہے۔ وفاقی وزیرداخلہ نے حملے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کرتے ہوئے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا۔

بقیہ جات 11

ساعت وفاقی حکومت کی جانب سے عدالت میں جواب جمع کرادیا گیا تاہم حکومت پنجاب اور پی ٹی اے کی جانب سے جواب جمع نہ کرانے پر عدالت نے اظہار برہمی کیا۔ پی ٹی اے کے وکیل نے استدعا کی کہ ہمیں جواب جمع کرانے کیلئے مزید مہلت دی جائے، جس پر جسٹس فاروق حیدر نے واضح کیا کہ اگر آئندہ ساعت پر فریقین کی جانب سے جواب نہ آیا تو قانون اپنا راستہ لے گا۔ بعدازاں عدالت نے پی ٹی اے اور حکومت پنجاب سے جواب طلب کرتے ہوئے ساعت 13 مارچ تک ملتوی کر دی۔ یاد رہے کہ درخواست گزاروں نے مؤقف اختیار کیا ہے کہ پیکا ایکٹ میں ترمیم کے ذریعے فیک انفارمیشن پر 3 برس قید، جرمانے کی سزا ہوگی، ماضی میں پیکا ایکٹ کو ایک خاموش ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا ہے جبکہ پیکا ترمیمی ایکٹ میں نئی سزاؤں کے اضافے سے تھوڑی سی آزادی بھی ختم ہو جائے گی۔ درخواست گزاروں کا کہنا تھا کہ پیکا ترمیمی ایکٹ بل متعلقہ سٹیک ہولڈرز اور صحافتی تنظیموں کی مشاورت کے بغیر پیش کیا گیا، جس کے باعث اس کی شفافیت مشکوک ہے، عدالت سے استدعا کی گئی کہ پیکا ترمیمی ایکٹ 2025 کی متنازعہ شقوں کو کالعدم قرار دیا جائے۔

بقیہ جات 12

پنجاب ماڈل بازار کمپنی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ لاہور سمیت صوبہ بھر میں ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، حکومت ماہ رمضان المبارک میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانے کے لیے مصروف عمل ہے اور اس حوالے سے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ گراں فروشی کے خلاف مؤثر کارروائیاں کی جارہی ہیں، جس کے نتیجے میں لاکھوں روپے کے جرمانے عائد کیے گئے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) ہمیشہ عوامی مفاد کو ترجیح دیتی ہے اور عوام کے ساتھ کسی قسم کی ناانصافی نہیں ہونے دی جائے گی۔ ملک افضل کھوکھر نے کہا کہ ماہ رمضان کے دوران بھی گراں فروشی کے خلاف سخت اقدامات کیے جارہے ہیں تاکہ عوام کو معیاری اشیا مقررہ نرخوں پر فراہم کی جاسکیں۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ کسی بھی دکاندار کی جانب سے گراں فروشی یا ذخیرہ اندوزی کی شکایت فوری طور پر متعلقہ حکام تک پہنچائیں تاکہ ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جاسکے۔

بقیہ جات 13

کہ ارباب نیاز اسٹیڈیم کا نام بانی پی ٹی آئی کے نام سے منسوب کرنا عوام کی خواہش تھی۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا کہ ہمارے صوبے کے پیسے نہیں دیے جارہے، حیران ہوں کہ وفاق تو ہم پر سیاسی مقدمات قائم کررہا ہے، وفاق کیسز تو بنارہا ہے لیکن امن وامان کی صورتحال پر توجہ نہیں دے رہا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ دہشت گردی روکنے کیلئے پالیسی نہیں بنارہے ہیں، ان کو کوئی پرواہ ہی نہیں، انہوں نے ساری توجہ پی ٹی آئی پر دی، دہشت گردی نے دوبارہ سر اٹھالیا۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ مذاکرات کیلئے ٹی او آرز بنائے ہیں، افغانستان سے بغیر بات چیت کے یہ مسائل حل نہیں ہوں گے، کرم میں امن وامان قائم رکھنے کیلئے کام کررہے ہیں، کرم میں جن لوگوں نے حملہ کیا ان کو نہیں چھوڑا جائے گا۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ قرضوں پر قرضے لیے جا رہے ہیں، ان کی کیا کارکردگی ہے؟ پنجاب حکومت اشتہارات دے رہی ہے، کارکردگی کچھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں بھی ویڈیوز بنانا شروع کردوں تو اس سے کیا کارکردگی ظاہر ہوگی؟ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ ارباب نیاز اسٹیڈیم کا نام بانی پی ٹی آئی کے نام سے منسوب کرنا عوام کی خواہش تھی، بانی پی ٹی آئی کو اسٹیڈیم سے متعلق غلط رپورٹ پیش کی گئی، اسٹیڈیم میں پختونخوا کی اپنی سپرلیگ بھی شروع کررہے ہیں۔

بقیہ جات 14

ایڈیشنل ججز سے حلف لیا، حلف برداری کی تقریب لاہور ہائیکورٹ کے ججز لاؤنج میں منعقد ہوئی۔ ایڈیشنل ججز کا حلف اٹھانے والوں میں راجہ غضنفر علی خان، تنویر احمد شیخ، طارق محمود باجوہ اور عبہر گل خان شامل ہیں۔ تقریب میں لاہور ہائیکورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس شجاعت علی خان، جسٹس علی باقر نجفی، جسٹس عابد عزیز شیخ، جسٹس شمس محمود مرزا نے شرکت کی، جسٹس شاہد کریم، جسٹس خالد اسحاق، جسٹس راحیل کامران شیخ اور جسٹس سردار اکبر علی بھی تقریب میں شریک ہوئے۔ حلف برداری تقریب میں جسٹس چودھری اقبال، جسٹس ساجد محمود سیٹھی، جسٹس شہرام سرور چودھری، جسٹس طارق ندیم، جسٹس علی ضیاء باجوہ، جسٹس انوار الحق، جسٹس فاروق حیدر، جسٹس فیصل زمان خان اور ڈپٹی اٹارنی جنرل اسد باجوہ نے شرکت کی۔ حلف برداری تقریب میں پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ اور ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز بھی موجود تھے۔

بقیہ جات 15

ٹیسوری اور مولانا فضل الرحمان کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے۔ گورنر سندھ کی جانب سے مولانا فضل الرحمان کو عمرہ کی مبارکباد دی گئی، گورنر سندھ نے مولانا فضل الرحمان سے پاکستان کے استحکام اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی درخواست بھی کی۔

بقیہ جات 16

بتایا کہ گزشتہ روز اٹارنی جنرل کی عدالت کو یقین دہانیوں کی خلاف ورزی کا ذکر کیا تھا۔ اٹارنی جنرل کی تحریری یقین دہانیوں کا ذکر 5 رکنی بینچ کے فیصلے میں موجود ہے۔ تحریری یقین دہانیاں جن متفرق درخواستوں کے ذریعے کرائی گئیں، ان کے نمبر بھی فیصلے کا حصہ ہیں۔ اپنے دلائل میں عابد زبیری نے کہا کہ جنرل ضیاالحق نے ایف بی علی کا ملٹری ٹرائل کیا۔ جنرل ضیاالحق نے 1978ء میں ایف بی علی کو چھوڑ دیا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ جو کام ایف بی علی کرنا چاہ رہا تھا وہ ضیاالحق نے کیا۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ آرمی ایکٹ میں ملٹری ٹرائل کے لیے مکمل پروسیجر فراہم کیا گیا ہے۔ پروسیجر میں بنیادی حقوق کو تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔ آرمی ایکٹ میں فراہم پروسیجر پر عمل نہ ہونا الگ بات ہے۔ پروسیجر پر عمل نہ ہو تو پھر اس کی دستیابی کوئی فائدہ نہیں۔ جسٹس محمد علی مظہر نے ریمارکس دیے کہ ملٹری کورٹ پر 2 اعتراض ہیں۔ ایک اعتراض ملٹری ٹرائل غیر جانبدار نہیں ہوتا، دوسرا اعتراض ٹرائل کرنے والوں پر قانونی تجربہ نہ ہونے کا لگایا گیا۔ وکیل عابد زبیری نے بتایا کہ ملٹری کورٹ ایگزیکٹو کا حصہ ہے۔ جس پر جسٹس محمد علی مظہر نے استفسار کیا کہ آرمی کا کیا کام ہوتا ہے۔ آرمی کے کام میں ایگزیکٹو کہاں سے آگیا۔ عابد زبیری نے جواب دیا کہ آرمی کا کام سرحد پر لڑنا ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ فوج کا کام ملک کا دفاع کرنا ہے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ کیا آپ ملٹری کورٹ کو عدلیہ تسلیم کرتے ہیں؟ اگر عدلیہ تسلیم کرتے ہیں تو اس کے نتائج کچھ اور ہوں گے۔ اگر ملٹری کورٹ جوڈیشری ہے تو پھر وہ عدلیہ ہے۔ جسٹس منیب نے ملٹری کورٹ کو عدلیہ نہیں لکھا۔

بقیہ جات 17

مرغزار کالونی میں چیک تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں معززین علاقہ، سیاسی وسماجی شخصیات اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رائے ونڈ خواجہ عمران بھی موجود تھے۔ ملک سیف الملوک کھوکھر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے، مستحق خاندانوں کو ریلیف فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے اور رمضان نگہبان پیکج اسی عزم کی عکاسی ہے۔ رمضان المبارک خدمت خلق کا مہینہ ہے، مسلم لیگ (ن) کی حکومت پسے ہوئے طبقات کا ہاتھ تھامنا اپنا فرض سمجھتی ہے نگہبان رمضان پیکیج نادار لوگوں کا حق جو حکومت ان کی دہلیز پر پہنچارہی ہے، اس پیکیج سے مستفید ہونے والوں کو قطاروں میں نہیں لگنا پڑے گا بلکہ انہیں عزت اور احترام کے ساتھ ان کا حق ان کی دہلیز پر مل رہا ہے۔

بقیہ جات 18

مرحلے پر عمل درآمد کے لیے تیاری کے اعلان کے باوجود کسی بھی وقت طبل جنگ بج سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیر خارجہ گیدون ساعر نے اعلان کیا کہ تل ابیب غزہ کی پٹی میں جنگ بندی کے دوسرے مرحلے میں جانے کے لیے تیار ہے۔ تاہم انہوں نے کہا کہ اس معاملے کے فریم ورک کو بڑھانے کے لیے یرغمالیوں کی رہائی پر ایک معاہدے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ غزہ کو مکمل طور پر اسلحے سے پاک کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ شرط دوسرے مرحلے میں جانے کے لیے ضروری ہے۔ انہوں نے دھمکی دی کہ اگر اسرائیل جنگ کی طرف واپس جانا چاہتا ہے تو اس کے لیے کوئی رکاوٹ نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ امداد غزہ میں حماس کے لیے ایک اقتصادی انجن بن گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حماس تل ابیب کے خلاف جنگ جاری رکھنے کے لیے امداد کا استحصال کر رہی ہے مگر اسرائیل اسے ایسا کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دے گا۔

بقیہ جات 19

گزشتہ رات کا درجہ حرارت معمول سے کم ریکارڈ ہوا، محکمہ موسمیات کے مطابق جمعہ سے درجہ حرارت بڑھنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر میں گزشتہ شب سے شمال مشرق کی سمت سے خشک ہوائیں ہلکی رفتار سے چل رہی ہیں، جس کے باعث موسم میں خنکی بڑھی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں سردی کی جزوی واپسی ہوئی ہے اور بلوچستان کی جانب سے چلنے والی سرد ہواؤں نے رات اور صبح کا درجہ حرارت کم کردیا ہے۔ کراچی میں گزشتہ رات کو پارہ 13.1 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا، جو مارچ کے معمول کے درجہ حرارت سے 6.3 ڈگری سینٹی کم ہے، مارچ کا معمول کا اوسط درجہ حرارت 19.4 ڈگری سینٹی گریڈ ہے۔ ماڑی پور اور اطراف میں درجہ حرارت دیگر علاقوں سے کم رہا اور پارہ 10 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ جناح ٹرمینل میں درجہ حرارت 11.5، بن قاسم میں 13.6، گلستان جوہر میں 13.2 اور شارع فیصل پر 12.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ ماہرین موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران موسم خشک اور مطلع صاف رہنے کا امکان ہے۔ اس دوران راتیں اور صبح سرد جب کہ دن کے اوقات میں موسم قدرے گرم رہنے کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ آئندہ 24 گھنٹوں میں شہر قائد کا کم سے کم درجہ حرارت 16 سے 18 ڈگری سینٹی گریڈ اور زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ اس دوران 5 سے 25 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چلیں گی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جمعہ سے درجہ حرارت میں اضافہ ہونے لگے گا، آئندہ ہفتے موسم گرم اور پارہ 37 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہنے کا امکان بھی ظاہر کیا ہے۔

بقیہ جات 20

نواز حوثی گروپ کو ایک غیر ملکی دہشت گرد تنظیم کے طور پر نامزد کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ کے بیان میں کہا گیا کہ حوثی سرگرمیاں مشرق وسطیٰ میں امریکی شہریوں اور اہلکاروں کی سلامتی کے لیے خطرہ ہیں۔ حوثی ہمارے قریبی علاقائی شراکت داروں کی حفاظت اور عالمی سمندری تجارت کے استحکام کو خطرے میں ڈالتے ہیں۔ صدر ٹرمپ کے جاری کردہ ایگزیکٹو آرڈر 14175 کے مطابق انہیں دہشت گرد تنظیم قرار دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ 2023 سے حوثیوں نے بحیرہ احمر اور خلیج عدن میں تجارتی بحری جہازوں کے خلاف سینکڑوں حملے کیے ہیں، اس کے علاوہ نیوی گیشن کی آزادی کا دفاع کرنے والی امریکی افواج اور علاقائی شراکت داروں کو نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ حوثی گروپ نے چینی پرچم بردار جہازوں کو نشانہ بنانے سے گریز کیا جبکہ امریکی اور اتحادی جہازوں کو نشانہ بنایا۔ واشنگٹن نے اس بات پر زور دیا کہ وہ کسی ایسے ملک کو برداشت نہیں کرے گا جو حوثیوں جیسی دہشت گرد تنظیموں کے ساتھ جائز تجارتی سرگرمیوں کی آڑ میں کام کرتا ہے۔ اس بات پر زور دیا کہ یہ قدم امریکی سلامتی کے مفادات اور شہریوں کے تحفظ کے لیے ٹرمپ انتظامیہ کے عزم کی عکاسی کرتا ہے، اور دہشت گرد گروہوں کو ملنے والی حمایت کو کم کرنے میں بھی کردار ادا کریگا۔

بقیہ جات 21

کے وفد نے سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن سے ملاقات کی۔ ملاقات میں سندھ میں الیکٹرک اسکوٹی متعارف کروانے اور ٹرانسپورٹ کو جدید خطوط پر استوار کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے سندھ کے ٹرانسپورٹ سیکٹر میں سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ چینی صنعت کاروں کے وفد نے سندھ میں جدید اور ماحول دوست سفری سہولتوں کے فروغ کے لیے تجاویز پیش کیں اور اپنی کمپنی کی جدید ٹیکنالوجی اور ٹرانسپورٹ سیکٹر پر بریفنگ دی۔ شرجیل میمن نے سندھ میں الیکٹرک وہیکلز کا مینوفیکچرنگ پلانٹ قائم کرنے میں تعاون کی پیشکش کی اور حکومت سندھ کی جانب سے سرمایہ کاری کے لیے سازگار پالیسیاں فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ شرجیل میمن نے کہا کہ حکومت سندھ صوبے کی خواتین کو مزید بااختیار بنانے کے لیے شب و روز کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی نوکری پیشہ خواتین اور طالبات کو 1 ہزار اسکوٹیز کی جلد فراہمی حکومت سندھ کا منصوبہ ہے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ الیکٹرک گاڑیوں کی تیاری سے صنعتی ترقی کو فروغ ملے گا اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔

بقیہ جات 22

کے مطابق جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ عرب سربراہ اجلاس کے اختتام پر جاری بیان غزہ کی حقیقی صورت حال کا علاج نہیں کرتا ہے۔ وزارت خارجہ کے مطابق حماس تنظیم غزہ میں باقی نہیں رہ سکتی۔ دوسری جانب فلسطینی تنظیم حماس نے قاہرہ میں عرب سربراہان کے ہنگامی اجلاس کے انعقاد کا خیر مقدم کیا ہے۔ تنظیم کے مطابق اس اجلاس کا انعقاد فلسطینی قضیے کے سلسلے میں عرب اور اسلامی صف بندی کی اعلیٰ پیش رفت ہے۔ حماس نے غزہ کے انتظامی امور چلانے کے لیے معاون کمیٹی کی تشکیل کے فیصلے کی حمایت کی۔

بقیہ جات 23

عمران خان کی غیر معمولی مقبولیت فارم 47 مارکہ حکومت کا سب سے بڑا روگ ہے۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پی ٹی آئی کی قیادت، رہنماؤں اور کارکنان کو خوفزدہ کرنے اور توڑنے کے لئے بدترین مظالم کے جو پہاڑ توڑے گئے ہیں اس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی، اس کے باوجود پی ٹی آئی کے ادنیٰ سے ادنیٰ کارکن کا عزم متزلزل نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان جیل کی صعوبتوں کے باوجود ملک وقوم کے لئے ڈٹے ہوئے ہیں، ان کا تمام رہنماؤں اور کارکنان کے لئے یہی پیغام ہوتا ہے کہ تاریک رات جلد ختم ہوگی اور ایسی صبح طلوع ہوگی جس سے ملک کا مستقبل حقیقی معنوں میں روشن ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ بانی پی ٹی آئی کے جیل سے باہر آنے کی دیر ہے نام نہاد مقبولیت کے دعویدار حکمران اپنا بوریا بستر لپیٹتے ہوئے نظر آئیں گے۔

بقیہ جات 24

لوٹ گئی۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے اینٹی منی لانڈرنگ سیل نے ارمغان قتل کیس کی تحقیقات تیز کردی ہیں۔ تفتیش کیلئے ایف آئی اے کی ٹیم نے ملزم ارمغان کے گھر دورہ کیا لیکن گھر کے اندر داخل ہونے میں کامیاب نہ ہوسکے۔ ایف آئی اے کے اہلکار ایس ایچ او گزری کے ہمراہ ملزم ارمغان کے گھر کے باہر تقریباً ایک گھنٹے تک کھڑے رہے۔ اس موقع پر ملزم ارمغان کے وکلا بھی گھر کے باہر موجود تھے۔ ایف آئی اے اور پولیس اہلکار ایک گھنٹے تک ملزم ارمغان کے والد کامران قریشی سے رابطے کی کوشش کرتے رہے اور دروازے کھٹکھٹاتے رہے لیکن ملزم ارمغان کے گھر کا دروازہ نہیں کھولا گیا۔ واضح رہے مصطفیٰ قتل کیس کی تفتیش کیلئے پولیس کی جانب سے ایف آئی اے کو خط لکھا گیا تھا جس کے بعد ایف آئی اے کے سائبر کرائم سیل اور اینٹی منی لانڈرنگ سیل نے خصوصی ٹیم بناکر ملزم ارمغان کے حوالے سے تفتیش شروع کی تھی۔

بقیہ جات 25

ولی عہد محمد بن سلمان کا شکریہ ادا کرنے کا ایک لیٹر بھیجنے کے بعد لبنان اور سعودی عرب کا ایک مشترکہ بیان جاری کیا گیا ہے۔ اس بیان میں طائف معاہدے پر مکمل عمل درآمد کی اہمیت پر زور دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بیان میں لبنانی فوج کے بنیادی اور قومی کردار کے درمیان ہتھیاروں کو اپنے ہاتھوں تک محدود رکھنے کی اہمیت بیان کی گئی اور ساتھ ہی لبنانی ریاست کی اپنی پوری سرزمین پر اپنی حاکمیت بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ سعودی عرب اور لبنان نے اسرائیلی فوج کے لبنانی علاقے سے انخلا کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ صدر عون کی صدارتی حلف برداری کی تقریر میں کہی گئی باتوں پر عمل درآمد کی اہمیت بیان کی گئی اور کہا گیا کہ لبنان کے عرب تعلقات اس کی سلامتی اور استحکام کی ضمانت ہیں۔ لبنانی معیشت کی بحالی اور اس کے موجودہ بحران پر قابو پانے کی ضرورت ہے۔ بیان میں بتایا گیا کہ لبنان سے سعودی عرب کو برآمدات کی بحالی میں درپیش رکاوٹوں کا مطالعہ شروع کر دیا گیا ہے۔ یہ بھی بتایا گیا کہ سعودی اور لبنانی حکام کی بات چیت کے دوران سعودیوں کو لبنان کا سفر کرنے کی اجازت دینے کے لیے ضروری طریقہ کار کا مطالعہ کرنے کا بھی کہا گیا ہے۔ قبل ازیں لبنانی صدر کی جانب سے ریاض کے دورے کے دوران ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا جس پر لبنانی صدر نے سعودی ولی عہد کا شکریہ ادا کیا تھا۔ لبنان کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق جوزف عون نے مزید کہا کہ ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے ساتھ ان کی ملاقاتوں نے دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کے نئے دور کے آغاز کی ٹھوس بنیادیں رکھ دی ہیں۔ سعودی ولی عہد تمام شعبوں میں تعلقات کو فعال کرنے اور ترقی دینے پر رضامند ہو گئے ہیں۔ لبنانی صدر نے خادم حرمین شریفین کا بھی شکریہ ادا کیا۔ خط میں کہا گیا کہ میں آپ کی مہمان نوازی کے لیے شکریہ ادا کرتا ہوں جو لبنان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ تعلقات کی گہرائی کو ظاہر کرتا ہے۔

بقیہ جات 26

سے بڑھ کر 83 فیصد تک پہنچ گئیں۔ آڈٹنگ فرم پی ڈبلیو سی کی جاری کردہ سالانہ سروے رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے ٹاپ سی ای اوز کاروبار یا بزنس کے بارے میں پہلے سے زیادہ پرامید ہیں۔ جس کی بڑی وجہ معیشت میں متوقع بہتری قرار دی جارہی ہے۔ سروے رپورٹ کے مطابق 83 فیصد سی ای اوز کے مطابق پاکستان کی معیشت میں بہتری آئی رہی ہے جبکہ 99 فیصد چیف ایگزیکٹو آفیسرز گروتھ اور کاروباری بہتری کیلئے پرامید ہیں۔ 40 فیصد کمپنیوں نے جدت کے ساتھ بزنس کو توسیع دی، ملک میں 75 فیصد کاروباری اداروں نے مستقبل کو دیکھتے ہوئے مصنوعی ذہانت میں سرمایہ کاری کی اور اسی فیصد کاروبار کو پائیدار بنانے کیلئے ترجیحی بنیاد پر سرمایہ کاری کررہے ہیں۔

بقیہ جات 27

الخوارج کے بنوں کینٹ پر حملے کے نتیجے میں معصوم شہریوں کی شہادتوں کی تعداد بڑھ کر 12 جب کہ زخمیوں کی تعداد 32 ہوچکی ہے۔ 3 معصوم شہری مسجد میں شہید ہوئے جب کہ باقی بارودی دھماکے سے بازار میں پھٹنے والی گاڑی کی وجہ سے عمارت منہدم ہونے سے شہید ہوئے۔ مصدقہ اطلاعات کے مطابق فتنہ الخوارج کے باقی ماندہ خارجیوں کا فون پر افغانستان سے رابطہ ہے۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ آخری خارجی کے خاتمے تک سکیورٹی فورسز کا کلیئرنس آپریشن جاری رہے گا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق بنوں میں ریسکیو آپریشن مکمل کرلیا گیا ہے، جس میں ملبے تلے دبے تمام افراد کو نکال کر اسپتال منتقل کردیا گیا۔ آپریشن کی نگرانی ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے کی جبکہ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر کرک بھی موقع پر اس موقع پر موجود رہے۔ اس دوران ریسکیو 1122 کے میڈیکل ٹیکنیشنز جائے وقوع اور اسپتال میں زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کرتے رہے۔

بقیہ جات 28

کہا کہ آج کل گورننس نام کی کوئی چیز نہیں ہے، یہ ایک کچے کے ڈاکو بن گئے ہیں اور کچے کے ڈاکوؤں سے نہیں لڑسکتے، روپے کے مقابلے میں ڈالر کا ایکسچینج ریٹ 165 روپے رکھا گیا، قرضوں کی ادائیگی 265 روپے میں ہوئی اور عوام کو 400 ارب کا ٹیکہ لگایا گیا۔ عمر ایوب نے کہا کہ یہ اس رجیم کی ناکامی ہے جس سے 1400 ارب روپے کا نقصان ہوا، آئین اور قانون کی بالادستی ہونی چاہیے، یہی تحریک انصاف کا مؤقف ہے، بانی پی ٹی آئی عمران خان، بشریٰ بی بی، شاہ محمود قریشی، ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت دیگر قیادت پابند سلاسل ہے۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ ہم رمضان میں یہاں عدالت میں شوق سے بیٹھیں، ہمارے اور سینیٹرز کی تعداد میں مقدمات ہیں، محسن نقوی 2 منٹ کے لیے قومی اسمبلی گئے اور پھر بھاگ گئے، وزیراعظم ہمارے سامنے نہیں بیٹھ سکتے، ہمارا سامنا نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ بنوں اور بلوچستان میں جو واقعات ہوئے ہیں اس کی مذمت کرتا ہوں، دہشت گردی کی جو لہر ہے یہ تمام انٹیلیجنس ایجنسیوں کی ناکامی ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ ان ایجنسیوں کے افسران کا کورٹ مارشل ہونا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ ان ایجنسیوں کا دھیان صرف پاکستان تحریک انصاف پر ہے، یہ ایجنسیاں لوگوں کو لاپتا کررہی ہیں، پی ٹی آئی کے کارکنان کے گھروں میں ایجنسیوں کے لوگ ہی جاتے ہیں، پنجاب اور اسلام آباد پولیس چور اور ڈاکو بن گئے ہیں، یہ لوگ بھتے لیتے ہیں ہماری حکومت میں دہشت گردی بالکل ختم ہوگئی تھی۔

بقیہ جات 29

ہوئے اور اس یورپی تنقید کے باوجود جس میں حال ہی میں یوکرین کے حوالے سے بدلی ہوئی پالیسی پر امریکہ کو تنقید کا نشانہ بنایا گیا تھا یورپی یونین نے کیف کے لیے ایک نیا فوجی امدادی پیکج معطل کر دیا۔ یورپی یونین کے ممالک کے رہنماؤں نے یوکرین کے لیے 20 بلین یورو مالیت کے فوجی امداد کے نئے پیکج کی تیاری روک دی ہے۔ یورپی یونین کونسل کی طرف سے جاری کردہ ایک مسودہ دستاویز میں انکشاف کیا گیا ہے کہ یورپی یونین نے ہنگری کے اعتراض کی وجہ سے یونین کے خارجہ اور سکیورٹی پالیسی کے اہلکار کایا کالس کے تجویز کردہ نئے پیکیج کو روک دیا تھا۔ مسودے میں اشارہ کیا گیا ہے کہ فوجی امداد کی نئی فراہمی سے متعلق آئٹم اس متن سے غائب ہے جو یورپی یونین کے ممالک کے نمائندوں کو غور کے لیے پیش کیا گیا تھا۔

بقیہ جات 30

خلاف درخواست پر سماعت اسلام آباد ہائی کورٹ میں ہوئی، جس میں عدالت نے اٹارنی جنرل آف پاکستان کو معاونت کے لیے طلب کرلیا۔ جسٹس انعام امین منہاس کے روبرو ہونے والی سماعت میں درخواست گزار وکیل عادل عزیز قاضی پیش ہوئے۔ دوران سماعت اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس انعام امین منہاس نے ریمارکس دیے کہ اس طرح کی اور درخواستیں بھی ہیں، اس پر بھی وہی آرڈر کردیتے ہیں۔ بعدازاں عدالت نے سماعت ملتوی کردی۔ واضح رہے کہ پی ایف یو جے، اسلام آباد ہائیکورٹ جرنلسٹس ایسوسی ایشن اور دیگر درخواستیں بھی اسی سلسلے میں زیر سماعت ہیں۔ عدالت نے تینوں درخواستیں 17 اپریل کو سماعت کے لیے مقرر کررکھی ہیں۔

بقیہ جات 31

ٹیکسٹائل برآمدات کم ہوگئیں، فروری میں ماہانہ بنیادوں پر ٹیکسٹائل برآمدات میں 26 کروڑ ڈالرز کی کمی دیکھی گئی۔ وزارت تجارت کے ذرائع کے مطابق ٹیکسٹائل برآمدات کا حجم فروری 2025ء میں 1 ارب 42 کروڑ ڈالرز، جنوری 2025ء میں 1 ارب 68 کروڑ ڈالرز رہا۔ فروری 2024ء میں ٹیکسٹائل برآمدات کا حجم 1 ارب 41 کروڑ ڈالرز تھا جبکہ فروری 2023ء میں یہ 1 ارب 18 کروڑ ڈالرز تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دسمبر 2024ء میں ٹیکسٹائل ایکسپورٹس 1 ارب 48 کروڑ ڈالرز تھیں، نومبر 2024ء میں ان کا حجم 1 ارب 46 کروڑ ڈالرز تھا۔ ذرائع کے مطابق اکتوبر 2024ء میں ٹیکسٹائل برآمدات 1 ارب 63 کروڑ ڈالرز جبکہ ستمبر 2024ء میں 1 ارب 61 کروڑ ڈالرز تھیں۔ وزارت تجارت کے ذرائع کے مطابق اگست 2024ء میں ٹیکسٹائل برآمدات کا حجم 1 ارب 64 کروڑ ڈالرز جبکہ جولائی 2024ء میں 1 ارب 27 کروڑ ڈالرز رہا۔

بقیہ جات 32

مارچ کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد عوام کو ماحول کو آلودگی سے پاک کرنے کیلئے جنگلات کی اہمیت کے متعلق شعور اجاگر کرنا ہے جنگلات کے عالمی دن کے موقع پر فیصل آباد سمیت ملک بھر میں مختلف تنظیموں کی جانب سے سیمینارز اور تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کے دوران ماہرین جنگلات کی اہمیت و افادیت اجاگر کریں گے جبکہ جنگلات کے عالمی دن کے موقع پر ہزاروں نئے درخت بھی لگائے جائیں گے۔ ماہرین کے مطابق دنیا میں ہر سال دو کروڑ درخت چوری کرلیے جاتے ہیں یہ درخت ایندھن کے طور پر گھروں میں استعمال ہوتے ہیں جبکہ دنیا میں جنگلات کی کمی سے سیلاب اور خشک سالی کے خطرات بہت زیادہ بڑھ جاتے ہیں۔

بقیہ جات 33

نے مکہ موبائل شاپ اور بھکر میں اہلفار ریٹیلر سیل کرکے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرلیے اور مشینیں بھی تحویل میں لے لیں۔ پنجاب حکومت نے مستحقین کو قطار سے بچانے کیلئے اس بار نقد رقوم ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے فراہم کی تھیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے واقعے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے پولیس اور انتظامیہ کو سرچ آپریشن کرنے کی ہدایت کی تھی۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ نادار غریبوں سے رقم وصول کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، رمضان پیکیج حاصل کرنے والے اپنی شکایات فوری طور پر درج کروائیں۔ شہری رمضان پیکیج سے متعلق شکایات 080002345 پر مفت کال کرکے درج کرواسکتے ہیں۔

بقیہ جات 34

زیرصدارت سول سیکرٹریٹ میں اجلاس ہوا جس میں صوبے میں ای گورننس اور پرائس کنٹرول اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ این او سی کے اجرا کیلئے غیر متعلقہ کاغذات کی طلبی کا کوئی جواز نہیں، تمام محکمے یقینی بنائیں این او سی کے آن لائن اجراء کیلئے صرف ضروری کاغذات طلب کیے جائیں، گورننس کی بہتری، کرپشن کا خاتمہ صرف ٹیکنالوجی کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ خدمات کی آن لائن فراہمی کیلئے محکموں کی ڈیجیٹائزیشن کو جلد مکمل کیا جائے۔ زاہد اختر زمان نے صوبے میں ناجائز منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ گراں فروشوں کے خلاف کارروائیوں سے متعلق رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر بھجوائی جائے، قیمتوں میں استحکام کیلئے اضلاع میں ڈپٹی کمشنرز اشیاء کے نرخوں، طلب اور رسد کا تقابلی جائزہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے انتظامی افسران اپنے فرائض عبادت سمجھ کر سرانجام دیں۔

بقیہ جات 35

گیا۔ بادی النظر میں ملزمان کے خلاف مزید انکوائری کا کیس ہے۔ فیصلے کے مطابق ملزمان پر الزام کا تعین صرف شواہد ریکارڈ کرنے کے بعد کیا جاسکتا ہے۔ ملزمان کے وکیل کے مطابق ملزمان کا مقدمے کے ساتھ تعلق نہیں جوڑا جاسکا۔ پراسیکیوٹر نے ضمانت کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ملزمان گھناؤنے جرم میں ملوث ہیں۔ پراسیکیوٹر کے مطابق ملزمان کو شناخت پریڈ میں گواہوں نے شناخت کیا۔

بقیہ جات 36

ہیں۔ اجلاس سے مصری صدر عبدالفتاح السیسی نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم یہ سربراہی اجلاس فلسطینیوں کے مطالبے کے جواب میں منعقد کررہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ خطے کو سنگین چیلنجز کا سامنا ہے، جس سے سلامتی اور استحکام کو خطرہ ہے۔ السیسی نے اس بات پر زور دیا کہ غزہ کے لوگ ایک منصفانہ اور دیرپا امن کی امید رکھتے ہیں، غزہ کی جنگ نے ہتھیاروں کے زور پر اس کے باشندوں کی پٹی کو خالی کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ مصر فلسطینیوں کو بے گھر کرنے کی کوششوں کا سختی سے مقابلہ کررہا ہے، اور غزہ کے لوگوں کو ان کی زمینوں میں رہنے کی حمایت کرتا ہے۔

بقیہ جات 37

والے مسلمانوں کے لئے خیر و برکت کی دعائیں بھی خشوع وخضوع کے ساتھ مانگ رہے ہیں۔

بقیہ جات 38

انصاف نہیں مل رہا ہے، ملک میں جاری ظلم، جبر، فسطائیت کے خلاف اپوزیشن جماعتوں کو اتحاد میں شامل کریں گے۔ جبر، ظلم کی یہ سیاہ رات ضرور ختم ہوگی، جو جماعتیں عوام اور ملک کی ترقی کے لئے کوشاں ہیں وہ ہمارے اتحاد میں شامل ہوں گی۔ عمران خان ملک میں آئین اور قانون کی بالادستی قائم کرانے کی جنگ میں صف اول پر کھڑے ہیں۔ رانا جاوید عمر نے کہا کہ جعلی مینڈیٹ سے بننے والے حکومت ماورائے آئین فیصلے کررہی ہے، مسلسل آئین کی خلاف ورزیوں کی وجہ سے جمہوری نظام درہم برہم ہورہا ہے، آزاد سیاست، شفاف الیکشن اور آئین پاکستان کے تحت ہی ملک چل سکتا ہے ہم چاہتے ہیں عمران خان سمیت سیاسی قیدیوں کو فوری رہا کیا جائے۔

بقیہ جات 39

روڈ پر کھڑے ٹرک سے ٹکرا کر موٹر سائیکل سوار رفیع اللہ ہوگیا۔ بھکر سے ایم ایم روڈ پر چاندنی چوک کے قریب تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے پچاس سالہ شخص جاں بحق ہو گیا۔ جن کو ریسکیو کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور متوفین کی نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ جات 40

کے بعد اب سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی سرجریز میں بہتری آجائے گی۔ اس کے علاوہ پیڈ ریاٹرک سرجری کے 34 اور ریڈیالوجی کے 33 سینئر رجسٹرارز بھی پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے بھرتی کئے جا چکے ہیں۔

بقیہ جات 41

کے پرس سے 10 ہزار اماراتی درہم، باکس سے سونے کی تین چوڑیاں اور کانوں کی بالیاں چوری ہوئیں۔ شبہ ہے چوری اس وقت ہوئی جب کمرے میں کام چل رہا تھا۔ واردات میں ایک یا ایک سے زائد رنگ سازوں کے ملوث ہونے کا شبہ ہے۔ مدعی نے کہا کہ اس کا پرس، جیولری باکس اور دیگر جگہوں سے انگلیوں کے نشانات لیکر شواہد اکٹھے کیے جائیں۔ رنگ ساز ٹیم سے چوری سے متعلق تحقیقات کرکے سامان برآمد کروایا جائے۔

بقیہ جات 42

معدہ افطار کے لیے تیار ہوتا ہے۔ کھجور میں موجود فائبر نظام ہاضمہ کو بہتر بناتا ہے، جبکہ اس میں شامل قدرتی شکر فوری توانائی فراہم کرتی ہے، جس سے جسم میں کمزوری محسوس نہیں ہوتی۔ افطاری کے وقت فرائی چیزیں کھانے سے معدہ خراب ہوجاتا ہے اس لئے افطاری کے وقت کھجور کا استعمال صحت بخش ثابت ہوا ہیدو کانداروں کا کہنا ہے کہ رمضان المبارک میں کھجور کی فروخت میں اضافہ ہوجاتا ہے کیونکہ ہر مسلمان کی کوشش ہوتی ہے کہ روزہ کھجور کے ساتھ افطار کیا جائے ہم کوشش کرتے ہیں عوام کو مناسب اور معیاری کھجور فراہم کریں جبکہ خریداروں کا کہنا ہے کہ رمضان المبارک میں افطار کھجور کے بغیر مکمل نہیں لگتا یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت بھی ہے اور صحت کے لئے بھی فائدے مند ہے۔

بقیہ جات 43

نے کہا کہ جب تک معیشت سے جڑے ہوئے شعبوں کا اعتماد بحال نہیں ہوگا غیر ملکی سرمایہ کاروں کو راغب نہیں کیا جاسکتا۔ آج ریئل سیکٹر کا سارا پیسہ دبئی منتقل ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہر شخص ایف بی آر سے خوف کھاتا ہے، جس کی وجہ غیر ضروری نوٹسز کے ذریعے ہراساں کیا جانا ہے۔ حکومت نظام کو آٹومیشن لانے پر توجہ مرکوز کرے، ایف بی آر کے شعبوں کو ایک دوسرے سے الگ کیا جائے تاکہ خانہ پری کی بجائے حقیقی معنوں میں کام ہوسکے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتوں میں ٹیکسز کے اربوں روپے کے کیسز زیر التواء ہیں لیکن جب ان کے فیصلے ہوں گے تو زیادہ کیسز خارج ہو جائیں گے۔

بقیہ جات 44

جائے وقوع پر پہنچیں اور امدادی کارروائی شروع کی۔ دھماکے میں ایک خاتون سمیت 3 افراد جھلس کر زخمی ہوگئے، جنہیں طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ جات 45

ہے صبح سویرے ہی خواتین بھکارن شیر خوار بچوں کو اٹھائے جب کہ بوڑھے بھکاری نوجوان لڑکیوں کو ساتھ لیکر شہر میں مانگنا شروع کر دیتے ہیں اس وقت سڑکوں پر چھ ماہ سے لیکر دس سال کی عمر تک کے بچے بھیک مانگنے میں مصروف ہیں جب کہ بعض بھکاری نشہ آور اشیا کا بھی استعمال کر رہے ہیں اور چھوٹے بچوں سے جبری بھیک منگوائی جارہی ہے اور یہ گروہ مختلف مقامات پر اپنے ٹھکانے بنا کر دھندے میں مصروف ہے مگر انتظامیہ کی طرف سے کارروائی نہ ہونے کی وجہ سے یہ مکروہ دھندہ جاری ہے عوامی سماجی اور شہری حلقوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ان کے خلاف فوری کارروائی کی جائے۔

بقیہ جات 46

دسمبر 2024 میں 1 ارب 40 کروڑ ڈالر تھا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کو ٹیکسٹائل برآمدات میں کمی کی وجوہات سے آگاہ کردیا گیا ہے وزیراعظم کو یہ تجویز بھی دی گئی ہے کہ مقامی اور درآمدی ٹیکسٹائل انڈسٹری پر عائد ٹیکسوں میں فرق ختم کیا جائے تاکہ مقامی صنعت کو سہارا دیا جاسکے اور برآمدات میں بہتری لائی جاسکے۔

بقیہ جات 47

کے کابینہ بنائی گئی، ملک میں مہنگائی آسمان کو چھورہی ہے۔

بقیہ جات 48

کیلئے خواتین کی تعداد میں اضافہ دکھائی دیتا ہے جو شناختی کارڈ کی عدم دستیابی کے باعث چینی نہیں خرید سکتیں اور حکومت پنجاب کو کوستی اور بددعائیں دیتی بازار سے خالی ہاتھ جانے پر مجبور ہیں ستا رمضان بازار میں صارفین نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا ہے عوام الناس کو ریلیف کے ساتھ ساتھ چینی کے طریقہ حصول کو آسان بنایا جائے۔

بقیہ جات 49

شریف کا غریب عوام کے لیے اڑان پروگرام احسن اقدام ہے اسی پروگرام کو جاری رکھتے ہوئے ضلعی دفتر پاکستان بیت المال ننکانہ صاحب میں بھی افطاری کا بندوبست کیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر طارق وسیم کا کہنا ہے کہ یہ افطار پروگرام پورے رمضان المبارک میں جاری رہے گا جس میں غریب اور مستحق افراد کیلئے پورا ماہ رمضان میں فری افطاری ہوگی اگر آپ کے ارد گرد بھی کوئی غریب اور مستحق افراد ہے تو آپ اس کو پاکستان بیت المال کے آفس میں بھیج دیں میرے آفس کے دروازے غرباء کے لیے ہر وقت کھلے ہیں۔

بقیہ جات 50

ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ہارون اختر خان کا معیشت اور ٹیکس پالیسی میں وسیع تجربہ ہے اور ان کی کابینہ میں شمولیت موجودہ حکومت کی معیشت کی بہتری میں خصوصی دلچسپی کو ظاہر کرتا ہے۔ ہارون اختر خان کی موجودہ حکومت میں تعیناتی ایک ایسے وقت میں ہوئی ہے جب معیشت کو درپیش چیلنجز، بشمول مالیاتی خسارہ، محصولات میں اضافہ اور سرمایہ کاری کا فروغ فوری توجہ کے متقاضی ہیں۔ ان کی شمولیت سے سرمایہ کاروں کو بھی مثبت اشارہ ملے گا کیونکہ نا صرف وہ خود ایک بڑے صنعتکار ہیں بلکہ انہیں کاروباری ماحول بہتر بنانے کے حوالے سے ایک تجربہ کار شخصیت بھی سمجھا جاتا ہے۔

بقیہ جات 51

القاعدہ سے وابستہ تھے۔ السیسی نے سب سے زیادہ گنجان آباد عرب ریاست میں انتہاپسندوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا ہے جس کا شرق اوسط میں وسیع اثر و رسوخ ہے اور وہ امریکہ کا قریبی اتحادی ہے۔ قاہرہ شام میں نئے حکمرانوں کے بارے میں اپنے ردعمل میں محتاط رہا ہے جن پر ریاست سے وابستہ میڈیا نے تنقید کی ہے۔ وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی نے بھی اجلاس میں شرکت کی تاہم ایجنڈے کی مزید تفصیلات نہیں بتائی گئیں۔

بقیہ جات 52

کو بھی قتل کردیا۔ ملزمان کی گرفتاری کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئیں۔ ٹیموں نے جدید تکنیکی وسائل بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان کے خلاف تھانہ لنڈیانوالہ اور تھانہ فیض آباد ننکانہ میں قتل کی دفعات کے تحت مقدمات درج کرلئے گئے۔ ملزمان کیخلاف درج مقدمات کے تحت قانونی کارروائی شروع کردی گئی۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمان نے ابتدائی تفتیش میں بتایا کہ انہوں نے غیرت کے نام پر بیوی، بچیوں اور بہن کو قتل کیا۔ ملزمان کو اوکاڑہ کے علاقہ سے گرفتار کیا گیا ہے۔

بقیہ جات 53

آف فیزیوتھراپی، کالج آف آفتھلمالوجی اینڈ الائیڈ ویژن سائنسز اور آلائیڈ ہیلتھ سکول کا تعارف کروایا۔ رجسٹرار پروفیسر محمد عمران نے طلبا وطالبات کو کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں خوش آمدید کہا اور یونیورسٹی کے رولز اور ڈسپلن بارے گفتگو کی۔ اس موقع پروائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز کا کہنا تھا کہ یہ طبی درسگاہ 165 سالہ تاریخی خدمات فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس درسگاہ میں نہ صرف ایم بی بی ایس، بلکہ آلائیڈ ہیلتھ سائنسز، ایم فل، پی ایچ ڈی سمیت دیگر کئی پروگرامز جاری ہیں۔ انہوں نے آلائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کو ادارے میں خوش آمدید کرتے ہوئے ان کے تعلیمی کیریئر اور مستقبل کے لائحہ عمل اور اس کی اہمیت بارے آگاہ کیا۔ پروفیسر ابرار اشرف نے آلائیڈ ہیلتھ سائنسز کے نصاب بارے آگاہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم چاہتے ہیں کہ اپنے سٹوڈنٹس کو زیادہ سے زیادہ طبی تعلیم اور سکلز فراہم کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز کی کاوشوں سے آلائیڈ ہیلتھ سائنسز کے طالبعلموں کے لئے بیرون ملک میں بہترین مواقع فراہم کرنے پر کام جاری ہے جبکہ مریدکے ناروال روڈ پر نیو کیمپس میں آلائیڈ ہیلتھ سکول قائم کیا جائے گا جس میں بین الاقوامی معیار کی تعلیم وتربیت دی جائے گی۔ پروفیسر اسد اسلم خان کا کہنا تھا کہ ایک عظیم طبی درسگاہ میں آپ سب کو خوش آمدید کہتا ہوں، انہوں نے کہا کہ کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کا تعلیمی معیار باقی اداروں سے بہتر اور مختلف ہے یہاں کی فیکلٹی اور شعبوں کے سربراہان انتہائی قابل اور محنتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میڈیکل کا پروفیشن ایک ٹیم کی طرح چلتا ہے اس میں نہ صرف ڈاکٹر بلکہ نرسز، آلائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کے ساتھ مل کر یہ شعبہ مکمل ہوتا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ آپ ہمیشہ اپنے ساتھیوں، اساتذہ اور ٹیچرز کی عزت کریں اور اپنے مریضوں کے ساتھ مخلص اور ہمدردانہ رویہ اختیار رکھیں۔ پرو وائس چانسلر پروفیسر محمد معین کا کہنا تھا کہ آپ لوگ خوش نصیب ہیں جن کا داخلہ ایک بہترین یونیورسٹی میں ہوا۔ اس کا کیمپس اس کے درو دیوار اور ماحول انتہائی خوبصورت ہے۔ آپ سب کو چاہیے کہ آپ اپنے تعلیمی سفر کو بڑھ چڑھ کر طے کریں، مستقبل میں آپ نے محنت کرنی ہے اور اچھا رزلٹ دینا ہے تاکہ اس ادارے کا نام و مقام مزید بلند ہو سکے۔ تقریب میں طلبا وطالبات اور ان کے والدین کی کثیر تعداد موجود تھی۔

بقیہ جات 54

اور بورڈ آفس میں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ایک ہدایات دیں۔ وزیر تعلیم نے ڈیوٹی سے غیر حاضر عملہ کے خلاف زیرو ٹالیرنس اختیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے ڈیوٹی سے انکار کرنے والے افراد کے ناموں کی لسٹیں بھی فوری طور پر طلب کرلیں۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ امتحانی ڈیوٹی سے غیر حاضر عملہ کے خلاف پیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سروس رولز کے تحت کوئی سرکاری ٹیچر ڈیوٹی سے انکار نہیں کرسکتا۔ وزیر تعلیم نے بورڈ حکام کو دیگر بورڈز کے کنٹرول روم کی سنٹرل ایکسس لینے کی بھی ہدایت کی۔ رانا سکندر حیات نے آئندہ دنوں میں مختلف اضلاع کے امتحانی مراکز کے اچانک دوروں کا عندیہ بھی دیا۔

بقیہ جات 55

کو کامیاب چھاپہ مار کر منشیات فروش شہباز حیدر کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ڈیڑھ کلوگرام چرس برآمد کی تھی اور چالان مکمل کرکے عدالت بھجوایا تو فاضل جج نے سماعت کے دوران جرم ثابت ہونے پر منشیات فروش کو 9 سال قید اور 80 ہزار جرمانہ کی سزا کا حکم سنادیا۔

بقیہ جات 56

افراد کے پاسپورٹوں پر مذکورہ بکنگ کرائی گئی ان میں چھ کے پاسپورٹ نمبروں کے شروع میں 20 آتا ہے۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ پاسپورٹ ریاست کے لیے سرکاری کارروائیوں میں استعمال ہوتا ہے۔ مزید یہ کہ بیرونی ذمے داروں میں حکومتی عہدے داران کو جاری کیا جاتا ہے۔ ادھر ایرانی وزارت دفاع کے ایک سینئر ذمے دار نے تصدیق کی کہ روسی میزائل ماہرین نے گزشتہ برس ایرانی میزائلوں کی تیاری کے کئی ٹھکانوں کا دورہ کیا۔ ان میں دو زیر زمین تنصیبات شامل ہیں۔ دوسری جانب ماسکو کے ساتھ ایرانی دفاعی تعاون پر نظر رکھنے والے ایک مغربی دفاعی عہدے دار نے بتایا کہ روسی میزائل ماہرین کی ایک غیر مقررہ تعداد نے ستمبر میں ایران کے ایک میزائل اڈے کا دورہ کیا تھا۔

بقیہ جات 57

اور تمام دھڑوں کے لیے سرخ لکیر ہیں اور ان پر سودے بازی نہیں کی جاسکتی ہیں۔ ہم ہتھیاروں اور مزاحمت پر بات چیت یا مذاکرات کے لیے تیار نہیں ہیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ غزہ کے باشندوں کو ان کی سرزمین سے ملک بدر کرنے کی کوئی بھی تجویز یا منصوبہ قبول نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ جات 58

فٹ پاتھ گزشتہ کئی ماہ سے نشے کے عادی افراد کا مستقل ٹھکانہ بن چکا تھا جس کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ شہریوں کی شکایات کے بعد انتظامیہ نے اس مسئلے کا حل نکالنے کے لیے جنگلہ لگانے کا فیصلہ کیا ہے جس سے ان افراد کو فٹ پاتھ پر سونے سے روکا جاسکے گا۔ انتظامیہ کے مطابق جنگلہ لگانے سے نہ صرف نشے کے عادی افراد کو فٹ پاتھ پر سوئے جانے سے روکا جائے گا بلکہ اس سے شہر کی صفائی اور نظم وضبط کو بھی بہتر بنایا جائے گا۔

بقیہ جات 59

ہیں، پہلے روزہ خور کیلئے بازار سے کھانے پینے کی اشیا ملنا دشوار تھا اور روزہ خور بھی کوئی چیز چھپ کر استعمال کرتا تھا مگر اب روزہ خور کھلے عام کھاتے پیتے ہیں، گلیوں اور بازاروں میں بھی لوگ کھاتے پیتے نظر آتے ہیں، کمیٹی بازار میں بھی دوپہر کے وقت ہی کھانے پینے کی اشیا ملنا شروع ہوجاتی ہیں 4 روزے گزر گئے ہیں مگر تا حال انتظامیہ حرکت میں نہیں آئی، ابھی تک احترام رمضان آرڈیننس کی خلاف ورزی کا کوئی مقدمہ درج نہیں کیا گیا اور نہ ہی کوئی جرمانہ کیا گیا ہے، ایسا لگتا ہے کہ رمضان آرڈیننس پر عمل درآمد کرنے میں انتظامیہ کو کوئی دلچسپی نہیں ہے، راستوں میں اشیا خوردونوش کی فروخت کا کوئی جواز نہیں، انتظامیہ کو چاہیے کہ احترام رمضان آرڈیننس پر مکمل طور پر عمل درآمد کروائے اور کھلے عام اشیا خوردونوش کے استعمال کو کنٹرول کرے، روزہ خوروں اور دکانداروں کیخلاف سخت کارروائی کی جائے۔

بقیہ جات 60

مشہور رہی ہے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ تل ابیب شام سے ایک اور سات اکتوبر نہیں ہونے دے گا۔ انہوں نے کہا کہ تل ابیب کسی بھی دوسرے محاذ سے 7 اکتوبر جیسے حملے کی اجازت نہیں دے گا۔ ان کا اشارہ 2023 میں غزہ کی پٹی سیاسرائیل پر کیے گئے اسرائیلی حملے کی طرف تھا جس نے ایک تباہ کن جنگ کو جنم دیا۔ انہوں نے کہا کہ شام کے ساتھ سرحد کا پرامن ہونا اسرائیل کے مفاد میں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شام میں کردوں سمیت اقلیتوں کے حقوق کا مکمل احترام ضروری ہے۔

بقیہ جات 61

10 مارچ کو مظفر آباد اور کوئٹہ میں ہوگی۔ اس قرعہ اندازی کا پہلا انعام ساڑھے 7 لاکھ روپے کا ایک، دوسرے انعام میں ڈھائی لاکھ روپے کے پانچ جبکہ تیسرے انعام میں 1250 روپے کے 2394 انعامات کامیاب خوش نصیبوں میں تقسیم ہوں گے۔

بقیہ جات 62

سے گزشتہ چند سالوں سے رمضان مبارک کا تقدس مجروح کیا جا رہا ہے، ہوٹلز، کیفے، پان شاپس کھلے دکھائی دیتے ہیں، نہ تو ہوٹل مالکان اور نہ ہی روزہ داروں کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے حالانکہ احترام رمضان ایکٹ پر عملدرآمد ہر ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے انہوں نے مزید کہا کہ اشیا خوردونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، رمضان المبارک رحمت کا مہینہ ہے بدقسمتی سے نااہل حکومت کی پالیسیوں نے اسے زحمت بنا دیا ہے، حکمران ڈرامے بازی اور محض فوٹو سیشن کی بجائے عوام کو حقیقی ریلیف دینے کیلئے بھی اقدامات کریں انہوں نے کہا کہ ساری دنیا میں مذہبی تہواروں پر حکومتیں اپنے عوام کو سہولتیں دیتی ہیں مگر پاکستان میں بے لگام مافیا دونوں ہاتھوں سے غریب عوام کو لوٹنا شروع کر دیتا ہے انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسی پالیسیاں مرتب کی جائیں جن سے حقیقی معنوں میں عوام کو جان لیوا مہنگائی سے نجات حاصل ہو سکیا نہوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ رمضان المبارک میں اشیا خوردونوش کی قیمتوں کو اعتدال پر لایا جائے ناجائز منافع خوروں، ذخیرہ اندوزوں کی حوصلہ شکنی کی جائے اور مصنوعی مہنگائی پر قابو پانے کیلئے عملی اور ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

بقیہ جات 63

تین سے نو اکتوبر تک بیروت اور جنوبی لبنان میں صحت کی سہولیات اور گاڑیوں پر اسرائیلی حملوں کی تحقیقات کیں جن میں 19 کارکنان ہلاک اور دیگر 11 زخمی ہوئے اور متعدد ایمبولینسز اور دو طبی سہولیات کو نقصان پہنچا یا وہ تباہ ہو گئیں۔ بیان میں کہا گیا کہ ایمنسٹی انٹرنیشنل کو ایسے شواہد نہیں ملے کہ حملوں کے وقت تنصیبات یا گاڑیاں فوجی مقاصد کے لیے استعمال ہو رہی تھیں۔ حقوق گروپ نے کہا کہ اس نے حاصل کردہ معلومات کے ساتھ نومبر میں اسرائیلی فوج کو خط لکھا لیکن اشاعت کے وقت تک اسے کوئی جواب نہیں ملا تھا۔

بقیہ جات 64

احمد نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے لسانی بنیادوں پر شہر کا برا حال کیا ہوا ہے، شہر کے لیے بات کرنا فارم 47 والوں کے لیے مشکل ہے، شہر سندھ حکومت کی ذمہ داری ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ دن میں ہیوی ٹریفک نہیں چلنی چاہیے، پولیس چوکیاں پیسے لے کر بھری ٹریفک کو شہر میں آنے دیتی ہیں، اس عمل سے شہر بھر میں لوگوں کی جانیں جا رہی ہیں۔ سربراہ مہاجر قومی موومنٹ نے کہا کہ بانی ایم کیو ایم کے نکلے ہوئے لوگوں سے بات کرنے کی ضرورت نہیں، میں باس سے بات کروں گا، ان کے نمائندوں سے نہیں، کراچی کی سیاست میں خلا نہیں، تحریکوں پر ایسا وقت آتا ہے۔ آفاق احمد نے کہا کہ میں نے جو بات کہی تھی، اس میں کہیں بھی لسانی رنگ نہیں تھا، جو شہر جس کا ہے وہ ہے، یہاں لوگ صرف روزگار کے لیے آئے ہیں۔

بقیہ جات 65

خطاب میں بتایا کہ بدگمانی گناہ ہے، انسان جیسا گمان کرتا ہے اس کی سوچ بھی ویسی ہوجاتی ہے اور وہ لوگوں کے بارے میں منفی سوچنا اور رائے رکھنا شروع کر دیتا ہے، وہ لوگوں کی اچھائیوں کو نظر انداز کرتا ہے اور لوگوں سے اپنی منفی سوچ کی وجہ غیر مناسب انداز سے پیش آتا ہے، جو معاشرے میں انتشار کا باعث بنتا ہے، ہر انسان میں خامیوں کے ساتھ خوبیاں بھی ہوتی ہیں، ہمیں دوسروں کی خوبیوں کے بارے میں سوچنا اور اپنی خامیاں دور کرنی چاہیں، سستی، کاہلی، ہڈحرامی کی وجہ سے انسان اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں پیچھے رہ جاتا ہے، جس سے لوگ متاثر ہوتے ہیں، جب کوئی محنتی انسان کوئی نیا یا بہتر کام سرانجام دیتا ہے تو اس کا ہڈ حرام ساتھی اس کو کوستا ہے کہ اب اس کی وجہ سے مجھے بھی یہ مشقت کرنی پڑے گی۔

بقیہ جات 66

ہیں۔ محمد خان جونیجو سندھ کے علاقہ سندھڑی میں پیدا ہوئے وہ 1985ء کے غیر جماعتی انتخابات میں رکن قومی اسمبلی منتخب ہوئے جنہیں اس وقت کے صدر پاکستان جنرل ضیاء الحق نے وزیراعظم نامزد کیا۔ محمد خان جونیجو پاکستان کے ایک انتہائی ایماندار، کم گو وزیر اعظم تھے۔ سانحہ اوجڑی کیمپ کے بعد جنرل ضیاء الحق اور وزیراعظم محمد خان جونیجو میں اختلافات پیدا ہوگئے جس کے بعد جنرل ضیاء الحق نے 8ویں ترمیم کا اختیار استعمال کرتے ہوئے جونیجو حکومت کو برطرف کر دیا۔ محمد خان جونیجو 18 مارچ 1993ء کو انتقال کر گئے تھے۔

بقیہ جات 67

ہوچکے ہیں جس کی وجہ سے پینے کے پانی اور کاشتکاری کیلئے پانی نایاب چیز بن چکا ہے ان حالات میں پانی کے ذخائر کی حفاظت اور ان کا جائز استعمال ہر ملک کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ جات 68

افراد میں 36 سالہ اسد، 16 سالہ صدرہ، 32 سالہ سکینہ، 22 سالہ عزیز، 35 سالہ نور، 15 سالہ فاطمہ، 18 سالہ شازیہ اور 17 سالہ سیما شامل ہیں۔ واقعے کے فوری بعد پولیس کی بھاری نفری علاقے میں پہنچی اور صورت حال کو کنٹرول کیا اور کمپنی سے نکلنے والی گیس پر قابو پالیا گیا۔ ڈی ایس پی ارشد آفریدی نے بتایا کہ گیس لیکج کا واقعہ گولڈ اسٹوریج میں استعمال ہونے والی امونیا گیس کے لیک ہونے کی وجہ سے پیش آیا۔ گیس کی لیکج کی مرمت کا کام مکمل کرلیا گیا ہے اور اس سلسلے میں تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ جات 69

معلوم، کھیلری والا کے علاقہ 66 ج ب کے شہزاد کی اہلیہ (م) کو نامعلوم، بٹالہ کالونی کے علاقہ جھنڈا پیر کے ذوالفقار علی کی بیٹی (آ) کو نامعلوم، کھرڑیانوالہ کے علاقہ 229 رب کے الیاس کی ہمشیرہ (س) کو نامعلوم، 79 رب کے محمد علی کی اہلیہ (ش) کو ملزمان ارشد وغیرہ، 606 گ ب کے مختار کی بیٹی (ث) کو نامعلوم اور سرگودھا روڈ کے دین خان کے بھائی زوہیب خان گھر سے ڈیوٹی پر گیا واپس نہ آیا پولیس مصروف تفتیش ہے

بقیہ جات 70

اسرائیلی اہلکار نے جنوبی لبنان میں ایک چھاپے میں حزب اللہ کی رضوان فورس کی ایک اہم شخصیت کی ہلاکت کا دعویٰ کیا ہے۔ حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان 27 نومبر 2024 کو امریکی ثالثی سے جنگ بندی کے معاہدے کے باوجود اسرائیل نے جنوبی اور مشرقی لبنان کے کئی علاقوں پر حملے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اسرائیل کا کہنا تھا کہ وہ حزب اللہ کے مقامات اور تنصیبات کو نشانہ بنا رہا ہے۔ معاہدے کے تحت اسرائیلی افواج کو 60 دنوں کے اندر جنوبی لبنان سے انخلا کرنا تھا، بعد میں اسرائیلی فوج کی واپسی کی 18 فروری تک توسیع کی گئی تھی۔

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی پسران ممتاز - ریاض کو بوجہ نافرمانی غلط چال چلن اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں ان سے لین دین کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا آئندہ میں ان کے کسی قول وفعل یا لین دین کا ذمہ دار نہ ہوں گا۔

المشتہر احمد خان ولد محمد علی ذات پنجوتھہ سکنہ دین پور تحصیل بھیرہ ضلع سرگودھا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
دیپالپور/ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت سیدہ فضہ حسنین کرمانی (متوفیہ) دختر سید علمدار حسین کرمانی بیوہ سید مصدق حسین کرمانی ساکن چک نمبر D/17، D/19 تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع مواضعات D/17، D/19 تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیے گئے ہیں۔ سیدہ فضہ حسنین کرمانی (متوفیہ) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکی ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت سے بیانی ہوئے ہیں۔ سید علی زین العابدین، سید تقی عباس تقوی، سیدہ ائمہ فاطمہ پسران و دختر متوفیہ سیدہ فضہ حسنین کرمانی ساکنان موضع D/17، D/19 تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت سیدہ فضہ حسنین کرمانی (متوفیہ) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور وتصدیق کردیا جائے گا اور بعدازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

قدیم طبی درسگاہ 165 سالہ تاریخی خدمات فراہم کر رہی ہے پروفیسر محمود ایاز

وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز کی کاوشوں سے آلائیڈ ہیلتھ سائنسز کے طالبعلموں کے لئے بیرون ملک میں بہترین مواقع فراہم کرنے پر کام جاری ہے

کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام آلائیڈ ہیلتھ سائنسز اور آلائیڈ ویژن سائنسز کے نئے بیچ کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب

لاہور (خبرنگار) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام آلائیڈ ہیلتھ سائنسز اور آلائیڈ ویژن سائنسز کے نئے بیچ کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز تھے۔ اس موقع پر پرو وائس چانسلر پروفیسر محمد معین، رجسٹرار پروفیسر محمد عمران، پروفیسر ابرار اشرف، پروفیسر اسد اسلم خان، پروفیسر زارا عشرت، پروفیسر ثاقب سہیل، پروفیسر علی مدیحہ ہاشمی، پروفیسر تیمور لطیف، پروفیسر عرفان عظمت اللہ خواجہ، پروفیسر سجاد حیدر، پروفیسر عباس کھوکھر سمیت دیگر فیکلٹی ممبران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک، نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قومی ترانے سے کیا گیا۔ اسٹنٹ رجسٹرار مس بینش اسلام نے آلائیڈ ہیلتھ سائنسز کے پروگرامز اور پروگرام ڈائریکٹرز کا تفصیلی تعارف کروایا۔ انہوں نے کنگ ایڈورڈ کے سکول (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

Welcome to our Distinguished Guests
ORIENTATION CEREMONY FIRST YEAR
ALLIED HEALTH SCIENCES & ALLIED VISION SCIENCES
KING EDWARD MEDICAL UNIVERSITY LAHORE

وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز کا آلائیڈ ہیلتھ سائنسز کے طالبعلموں کے ہمراہ گروپ فوٹو اس موقع پر پروفیسر محمد معین، پروفیسر محمد عمران، پروفیسر ابرار اشرف اور دیگر بھی موجود

حکومت بتائے کہ ظلم کے علاوہ ایک سال میں انہوں نے کیا کیا؟ شبلی فراز

وفاقی حکومت نے عوام کیلئے کچھ نہیں کیا، جن کو عوام نے مسترد کیا ان کو وزراء بنا دیا گیا، رہنما پی ٹی آئی کی پشاور میں گفتگو

غیر جمہوری طور پر اقتدار میں رہنے کے لیے قانون سازی کی گئی، لوٹے اور بھگوڑے اکٹھا کر کے کابینہ بنائی گئی، مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شبلی فراز کا کہنا ہے کہ حکومت بتائے کہ ظلم کے علاوہ ایک سال میں انہوں نے کیا کیا؟ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے عوام کیلئے کچھ نہیں کیا، جن کو عوام نے مسترد کیا ان کو وزراء بنا دیا گیا۔ شبلی فراز کا کہنا ہے کہ غیر جمہوری طور پر اقتدار میں رہنے کے لیے قانون سازی کی گئی۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ لوٹے اور بھگوڑے اکٹھا کر کے کابینہ بنائی گئی، ملک میں مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے۔ وفاقی حکومت نے عوام کیلئے کچھ نہیں کیا، جن کو عوام نے مسترد کیا ان کو وزراء بنا دیا گیا۔ شبلی فراز کا کہنا ہے کہ غیر جمہوری طور پر اقتدار میں رہنے کے لیے قانون سازی کی گئی۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ لوٹے اور بھگوڑے اکٹھا کر کے کابینہ بنائی گئی، ملک میں مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے۔

لیہ: کمشنر ڈی جی خان اشفاق احمد اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر امیر بیدار بھی موجود ہیں

امتحانی ڈیوٹی سے غیر حاضر عملہ کیخلاف پیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کی جائے: وزیر تعلیم

وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے میٹرک امتحانات کے پہلے روز انگریزی کے پرچے کے دوران مختلف امتحانی مراکز کے اچانک دورے کئے

بورڈ حکام کو دیگر بورڈز کے کنٹرول روم کی سنٹرل ایکسیس لینے کی بھی ہدایت، آئندہ دنوں میں مختلف اضلاع کے امتحانی مراکز کے اچانک دوروں کا عندیہ بھی دیا

لاہور (خبرنگار) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے میٹرک امتحانات کے پہلے روز انگریزی کے پرچے کے دوران مختلف امتحانی مراکز کے اچانک دورے کئے اور سنٹرز کا معائنہ کرنے کے علاوہ بوٹی مافیا کے خلاف انتظامات کا جائزہ لیا اور سی سی ٹی وی کیمروں کی ورکنگ چیک کی۔ انہوں نے لارنس روڈ اور کیتھڈرل کے امتحانی مراکز کے دورے کئے اور طلباء سے انتظامات اور دیگر امور بارے استفسار کیا۔ وزیر تعلیم نے کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

کراچی، فشریز میں گیس لیکیج سے 15 افراد کی حالت غیر

واقعہ گولڈ اسٹوریج میں استعمال ہونے والی امونیا گیس کے لیک ہونے کی وجہ سے پیش آیا، پولیس حکام

کراچی (این این آئی) فشریز میں مچھلیوں کے صفائی کے کارخانے میں گیس لیکیج کے باعث 15 افراد کی حالت غیر ہو گئی، جن میں 5 خواتین بھی شامل ہیں۔ ریسکیو حکام کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

جنوبی لبنان میں اسرائیلی حملے میں رضوان فورس کا کمانڈر ہلاک

دشمن کے ایک ڈرون نے رشکنانیہ کے علاقے میں ایک گاڑی پر بم حملہ کیا، لبنانی میڈیا

بیروت (این این آئی) حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کے باوجود ایک اسرائیلی ڈرون نے جنوبی لبنان میں صور کے علاقے میں ایک گاڑی پر حملہ کیا، جس میں حزب اللہ کی رضوان فورس کا ایک اہم کمانڈر ہلاک ہو گیا۔ لبنان کی سرکاری نیوز ایجنسی نے ایک تصویر شائع کرتے ہوئے کہا کہ دشمن کے ایک ڈرون نے رشکنانیہ کے علاقے میں ایک گاڑی پر بم حملہ کیا۔ دوسری جانب ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 70)

ڈیرہ غازی خان: کمشنر اشفاق احمد چوہدری شیعہ علماء کونسل کوٹ ادو کے وفد سے گفتگو کر رہے ہیں

این او سی اجراء کیلئے غیر متعلقہ کاغذات کی طلبی کا کوئی جواز نہیں چیف سیکرٹری پنجاب

ناجائز منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے، کارروائیوں کی رپورٹ روزانہ بھجوائی جائے: چیف سیکرٹری

زاہد اختر زمان کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں اجلاس، ای گورننس، پرائس کنٹرول اقدامات کا جائزہ لیا گیا

لاہور (این این آئی) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے سرکاری محکموں کو این او سی کا اجراء آسان بنانے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ ای بز پورٹل پر کاروباری افراد، شہریوں کیلئے این او سی کے آن لائن حصول کے عمل کو سادہ بنایا جائے گا، ناجائز منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے اور گراں فروشوں کے خلاف کارروائیوں سے متعلق رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر بھجوائی جائے۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

نواب شاہ: ڈپٹی کمشنر شہریار گل میمن گورنمنٹ بوائز مدرسہ پرائمری سکول کا دورہ کر رہے ہیں

عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کو فوری رہا کیا جائے‘ رانا جاوید عمر

آزاد سیاست، شفاف الیکشن اور آئین پاکستان کے تحت ہی ملک چل سکتا ہے‘ رہنما پی ٹی آئی

رائے ونڈ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ جعلی الیکشن سے بننے والے حکومت ماورائے آئین فیصلے کر کے جمہوریت کو نقصان پہنچا رہی ہے، آزاد سیاست، شفاف الیکشن اور آئین پاکستان کے تحت ہی ملک چل سکتا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ملک میں اس وقت آئین اور قانون کی بالادستی ختم ہو چکی ہے، عوام کو اس وقت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

پنجاب پبلک سروس کمیشن کا 87 سینئر رجسٹرار انستھیزیا کے نتائج کا اعلان

اب سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی سرجریز میں بہتری آ جائیگی‘ سیکرٹری صحت

لاہور (این این آئی) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے سرکاری ہسپتالوں میں سینئر رجسٹرار انستھیزیا کی کمی پوری کرنے کیلئے ایک اور کامیابی حاصل کر لی۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن نے 87 سینئر رجسٹرار انستھیزیا کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ سرکاری ہسپتالوں میں انستھیزیا کی سیٹوں کی کمی تھی۔ صوبائی سیکرٹری صحت عظمت محمود نے کہا کہ 87 سینئر رجسٹرار انستھیزیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

کراچی: رنگ ساز لاکھوں روپے مالیت کا سونا اور غیر ملکی کرنسی لے اڑے

شہری نے پولیس کو تحقیقات اور ملزمان کی گرفتاری کیلئے درخواست دے دی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ڈیفنس خیابان محافظ میں مبینہ طور پر مکان میں کلر کرنے والے مزدور لاکھوں روپے مالیت کا سونا اور غیر ملکی کرنسی لے اڑے۔ متاثرہ شہری نے پولیس کو تحقیقات اور ملزمان کی گرفتاری کیلئے درخواست دے دی۔ شہری نے بتایا کہ وہ گھر پر رنگ ساز کمپنی سے کام کروا رہا تھا۔ اس دوران معلوم ہوا کہ کمرے میں پیسے اور سونا چوری ہوا ہے۔ مدعی کے مطابق اس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

قصور: ڈپٹی کمشنر عمران علی ڈی پی ایس میں قائم میٹرک کے امتحانی سنٹروں کا دورہ کر کے انتظامات و سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

سانگلہ ہل، ستا رمضان بازار لگتے ہی کریانہ مرچنٹ سے چینی غائب

رمضان بازار سے خواتین شناختی کارڈ کی عدم دستیابی کے باعث چینی نہیں خرید سکتیں

ننکانہ صاحب (این این آئی) رمضان المبارک کا بابرکت ماہ شروع ہوتے ہی پنجاب بھر میں ستا رمضان بازار سجا دیے گئے ہیں مگر شہر بھر کے کریانہ مرچنٹ تاجران نے چینی کی فروخت بند کر دی ہے جس سے محلوں اور آبادیوں کے چھوٹے دکانداروں کی مناپلی سے عوام کو نہایت پریشانی کا سامنا ہے ستا رمضان بازار سمیت مختلف سٹالوں میں چینی 130 روپے فی کلو کے حساب سے فروخت تو کی جا رہی ہے مگر سستی چینی حاصل کرنے کیلئے صارف کے پاس شناختی کارڈ ہونا لازمی ہے اور اگر شناختی کارڈ موجود ہے تو چینی دو کلو سے زائد نہیں خرید سکتے جبکہ ستا رمضان بازار میں خریداری کرنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

راولپنڈی: پولیس لفٹر کی مدد سے غیر قانونی پارکنگ میں کھڑی گاڑی کو اٹھا کے لے جا رہے ہیں

ٹیکسٹائل برآمدات کو دھچکا، سات ماہ کی کم ترین سطح پر پہنچ گئیں

2025 میں ٹیکسٹائل برآمدات میں ماہانہ بنیادوں پر 26 کروڑ ڈالر کی کمی دیکھی گئی

کراچی (این این آئی) پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جس کے باعث ملکی معیشت کو بڑا دھچکا لگا ہے فروری 2025 میں ٹیکسٹائل برآمدات میں ماہانہ بنیادوں پر 26 کروڑ ڈالر کی کمی دیکھی گئی۔ دستاویزات کے مطابق فروری 2025 میں ٹیکسٹائل ایکسپورٹ کا حجم 1 ارب 42 کروڑ ڈالر رہا ہے جبکہ جنوری 2025 میں یہ 1 ارب 68 کروڑ ڈالر اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

بدگمانی اور ہڈحرامی معاشرے میں عدم استحکام کا باعث بنتی ہے، ساجد محمود شاکر

بدگمانی اور ہڈحرامی معاشرے میں عدم استحکام کا باعث بنتی ہے، کے حوالے سے سیمینار میں خطاب

ننکانہ صاحب (این این آئی) مقامی جوڈیشل کمپلیکس کے بار روم میں ساجد محمود شاکر ڈسٹرکٹ پروبیشن آفیسر ننکانہ کی قیادت میں ”بدگمانی اور ہڈحرامی معاشرے میں عدم استحکام کا باعث بنتی ہے“ کے حوالے سے ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس میں انچارج ریکارڈ روم محمد بشیر بھٹی، ندیم اختر بٹ اور 23 پروبیشنرز نے شرکت کی، ڈسٹرکٹ پروبیشن آفیسر ساجد محمود شاکر نے اپنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

ہمارے ہتھیار سرخ لکیر ہیں، حماس کا دوٹوک اعلان

ہم غزہ کی تعمیر نو کے بدلے اپنے ہتھیاروں پر سمجھوتا نہیں کریں گے، بیان

غزہ (این این آئی) اسرائیل کی جانب سے تباہ شدہ فلسطینی علاقے غزہ میں جنگ بندی کے دوسرے مرحلے کے لیے حماس کو غیر مسلح کرنے کی شرط فلسطینی تنظیم کی جانب سے سخت رد عمل سامنے آیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حماس کے رہنما سامی ابو زہری نے اسرائیلی شرائط کے ردعمل میں اس بات پر زور دیا کہ تحریک کو غیر مسلح کرنا ایک سرخ لکیر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حماس تعمیر نو اور امداد کے داخلے کے لیے اپنے ہتھیاروں پر سمجھوتا قبول نہیں کرے گی۔ انہوں نے حماس کے ہتھیاروں کے بارے میں اسرائیلی بیانات کو محض بکواس قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہتھیار حماس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

26 نومبر احتجاج؛ پی ٹی آئی کے 52 کارکنوں کی ضمانت منظور، رہائی کا حکم

بادی النظر میں ملزمان کیخلاف مزید انکوائری کا کیس ہے، انسداد دہشتگردی عدالت

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے 26 نومبر احتجاج کے دوران توڑ پھوڑ اور دیگر الزامات سے متعلق کیسز میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے 52 کارکنوں کی ضمانت منظور کر لی۔ اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 5،5 ہزار روپے کے ضمانتی مچلکوں عوض پی ٹی آئی کے کارکنوں کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کرتے ہوئے 52 ملزمان کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ ریکارڈ کے مطابق درخواست گزار ملزمان ایف آئی آر میں نامزد نہیں۔ درخواست گزار ملزمان کو تفتیش مکمل ہونے کے بعد جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

آزاد فلسطینی ریاست کے بغیر امن نہیں ہوسکتا، مصری صدر

خطے کو سنگین چیلنجز کا سامنا ہے جس سے سلامتی اور استحکام کو خطرہ ہے، خطاب

قاہرہ (این این آئی) غزہ کی پٹی کی تعمیر نو کے منصوبے کے حتمی فارمولے تک پہنچنے کے لیے ہنگامی عرب سربراہ اجلاس مصر کے دارالحکومت قاہرہ میں شروع ہوا۔ اس موقع پر غزہ سے متعلق مصری منصوبہ عرب رہنماؤں کو پیش کیا گیا۔ سربراہ اجلاس کے آغاز میں، بحرین کے بادشاہ حمد بن عیسیٰ الخلیفہ نے زور دیا کہ فلسطینی عوام کو خود ارادیت کا حق حاصل ہے، انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ بحرین فلسطینیوں کو بے گھر کرنے کی کسی بھی کوشش کو واضح طور پر مسترد کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم غزہ کے حوالے سے مجوزہ مصری منصوبے کی تعریف کرتے ہیں اور اس کی حمایت کا مطالبہ کرتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

لاہور: بادشاہی مسجد میں روزہ داروں کو مفت روزہ افطار کرایا جا رہا ہے

لاہور: ٹیکسز کی تعداد، شرح کم کرنے کا تجربہ کیا جائے‘ لاہور ٹیکس بار

ہر طرح کے اقدامات کے باوجود محصولات وصولیوں میں شارٹ فال آ رہا ہے‘ عہدیدار

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ حکومت اور ایف بی آر پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر ٹیکسز کی تعداد اور شرح کم کرنے کا تجربہ کریں، ہر طرح کے اقدامات کے باوجود محصولات وصولیوں میں شارٹ فال آ رہا ہے، پراپرٹی سیکٹر کے خلاف مہم جوئی کی بجائے اتفاق رائے سے پالیسیاں بنائی جائیں۔ لاہور ٹیکس بار کے صدر شہباز صدیق، جنرل سیکرٹری انیب اختر انصاری، نائب صدر میاں محمد زاہد، فنانس سیکرٹری حسن یوسف اور جوائنٹ سیکرٹری احمد رضا نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ معیشت کے اشاریے بہتر ہو رہے ہیں لیکن دیکھنا یہ ہوگا یہ کامیابی کہیں عارضی تو نہیں، زرمبادلہ کے ذخائر کی حقیقت سب کے سامنے ہے، تجارتی خسارہ ایک بار پھر بڑھ رہا ہے۔ انہوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

کوئٹہ، گیس لیکیج دھماکے میں خاتون سمیت 3 افراد جھلس گئے

دھماکا ریلوے کیرج کلینر عمران کے کوارٹر میں ہوا، جس سے دیواریں اور چھت گر گئی

کوئٹہ (این این آئی) گیس لیکیج دھماکے میں خاتون سمیت تین افراد جھلس گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں جوائنٹ روڈ پر ایک گھر میں گیس لیکیج کے باعث زوردار دھماکا ہوا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق دھماکا ریلوے کیرج کلینر عمران کے کوارٹر میں ہوا۔ گیس لیکیج دھماکے سے ریلوے کوارٹر کی دیواریں اور چھت گر گئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو اداروں کی ٹیمیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

ننکانہ صاحب، رمضان المبارک کے آتے ہی شہر بھر میں کاروباری بھکاریوں کی یلغار

صبح سویرے ہی خواتین شیر خوار بچوں اور بوڑھے نوجوان لڑکیوں کے ساتھ بازاروں میں نکل پڑتے ہیں

ننکانہ صاحب (این این آئی) رمضان المبارک کے آتے ہی شہر بھر میں کاروباری بھکاریوں کی یلغار صبح سویرے ہی خواتین شیر خوار بچوں اور بوڑھے نوجوان لڑکیوں کے ساتھ بازاروں میں نکل پڑتے ہیں۔ حکام بالا سے فوری کاروائی کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور ضلعی انتظامیہ کی مبینہ غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے بھیک مانگنے والے بچوں کی تعداد میں بڑی حد تک اضافہ ہوگیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں پانی کی اہمیت کا عالمی دن 22 مارچ کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں پانی کی اہمیت کا عالمی دن 22 مارچ کو منایا جائے گا اس موقع کی مناسبت سے سیمینارز اور پروگرام ترتیب دیے جائیں گے اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں آبی ماہرین پانی کی قلت اور اس سے پیدا شدہ صورتحال پر لیکچر دیں گے۔ پانی عصر حاضر کا ایک اہم ترین مسئلہ بن چکا ہے پاکستان اور بھارت کے درمیان پائی جانے والی کشیدگی کا سب سے بڑا سبب بھارت کی جانب سے آبی جارحیت ہے بھارت نے پاکستان کا پانی روک کر متعدد ڈیمز تعمیر کر لیے ہیں، جس کی وجہ سے پاکستان کے بڑے دریا خشک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

ماہ رمضان کا آغاز ہوتے ہی اہل اسلام نے برکتیں اور رحمتیں سمیٹنے کیلئے مساجد کا رخ کر لیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) ماہ رمضان کا آغاز ہوتے ہی اہل اسلام نے برکتیں اور رحمتیں سمیٹنے کیلئے مساجد کا رخ کر لیا ہے اور اللہ کے حضور سجدہ ریز ہو کر تمام عالم اسلام کیلئے سربلندی کی دعائیں مانگی جا رہی ہیں۔ ماہ صیام شروع ہوتے ہی مساجد کی رونقیں دوگنی چوگنی ہو گئی ہیں مساجد میں فرضی عبادات کے ساتھ ساتھ نفلی عبادات کا سلسلہ بھی عروج پر ہے اور اہل اسلام اللہ کی رحمتیں اور برکتیں سمیٹتے دکھائی دیتے ہیں رحمتوں اور برکتوں کے اس ماہ کے صدقے اہل اسلام اپنے ملک خداداد اور اس میں بسنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

سرگودھا، ٹریفک حادثات میں موٹر سائیکل سوار خاتون سمیت چار افراد جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) ٹریفک حادثات میں موٹر سائیکل سوار خاتون سمیت چار افراد جاں بحق ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس متوفین کی نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر کے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا سے سلانوالی روڈ کے چک 133 جنوبی کے قریب ڈمپر کی موٹر سائیکل کو ٹکر میں 60 سالہ خاتون شریفاں بی بی جاں بحق ہو گئی۔ سرگودھا 85 جھال کے قریب تصادم میں موٹر سائیکل سوار جان کی بازی ہار گیا، سرگودھا ریجن کے علاقہ میانوالی میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

افطار کے وقت کھجور کا استعمال سنت نبوی ﷺ ہے، طبی فوائد سے بھی بھرپور ہے، ماہرین صحت

لاہور (این این آئی) رمضان المبارک کا آغاز ہوتے ہی دنیا بھر کے مسلمان روحانی جوش و خروش کے ساتھ روزے رکھتے ہیں۔ افطار کے وقت کھجور کا استعمال سنت نبوی ﷺ ہے، جو نہ صرف دینی اعتبار سے باعث برکت ہے بلکہ طبی فوائد سے بھی بھرپور ہے۔ ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ روزے کے بعد کھجور کھانے سے جسم کو فوری توانائی ملتی ہے، بلڈ شوگر متوازن رہتی ہے، اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

ہارون اختر خان کا معیشت اور ٹیکس پالیسی میں وسیع تجربہ ہے

کابینہ میں شمولیت موجودہ حکومت کی معیشت کی بہتری میں خصوصی دلچسپی کو ظاہر کرتا ہے

میاں عبدالغفار، خواجہ ریاض حسین، عامر قدیر، اسحاق بریار، شہباز علی ملک کا خیر مقدم

لاہور (این این آئی) اقتصادی ماہرین اور صنعتکاروں نے معیشت اور ٹیکسیشن امور پر گرفت رکھنے والے ہارون اختر خان کی وفاقی کابینہ میں وزیر اعظم کے معاون خصوصی کے طور پر تعیناتی کو مثبت اقدام قرار دیا ہے۔ پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے صدر میاں عبدالغفار، جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض حسین، ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عامر قدیر، محمد اسحاق بریار، صنعتکار شہباز علی ملک نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہارون اختر خان مسلم لیگ (ن) کے گزشتہ دور حکومت میں بھی بطور معاون خصوصی کام کر چکے ہیں اور اس دور میں پہلی دفعہ ٹیکس کلیکشن کی شرح دو گنی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

لاہور: انتظامیہ کی نااہلی کی وجہ سے بادامی باغ سبزی منڈی جوہڑ کا منظر پیش کر رہی ہے

پاکستان کے سابق وزیراعظم محمد خان جونیجو کی 32 ویں برسی 18 مارچ کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان کے سابق وزیر اعظم محمد خان جونیجو کی 32 ویں برسی 18 مارچ کو منائی جائے گی اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں مسلم لیگ کے زیر اہتمام قرآن خوانی، فاتحہ خوانی اور دیگر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں مرحوم محمد خان جونیجو کی خدمات پر روشنی ڈالی جائے گی۔ محمد خان جونیجو پاکستان کے دسویں وزیر اعظم تھے وہ 24 مارچ 1985ء سے 29 مئی 1988ء تک پاکستان کے وزیر اعظم رہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

پولیس نے بیوی، 2 بیٹیوں اور بہن کو قتل کرنیوالے ملزمان بھائیوں کو گرفتار کر لیا

مکوآنہ (این این آئی) پولیس نے بیوی، 2 بیٹیوں اور بہن کو قتل کرنیوالے ملزمان بھائیوں کو گرفتار کر لیا۔ منگل کو ایس پی جڑانوالہ ضیاالحق نے اپنے دفتر میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ تھانہ لنڈیانوالہ کے علاقہ چک 632 گ ب میں ملزم ابراہیم نے بھائی اسماعیل کے ساتھ مل کر اپنی بیوی 24 سالہ ارم بی بی اور 2 کم سن بچیوں 5 سالہ کرن اور 2 سالہ فاطمہ کو تیز دھار آلے سے قتل کیا اور فرار ہو گیا تھا۔ ملزم شریک جرم بھائی کے ساتھ فیض آباد ضلع ننکانہ ہمشیرہ کے گھر گیا اور ہمشیرہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

ماہ مقدس رمضان المبارک میں احترام رمضان آرڈیننس پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے سینئر رہنما صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے پنجاب حکومت اور مقامی ضلعی انتظامیہ سے پر زور مطالبہ کیا ہے کہ ماہ مقدس رمضان المبارک میں احترام رمضان آرڈیننس پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے، ماہ رمضان المبارک میں ہوٹل، ٹی سٹال، پان شاپ وغیرہ کھولنے والوں کے خلاف سخت ترین ایکشن لیا جائے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بدقسمتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

لبنان کے شعبہ صحت پر اسرائیلی حملوں کی تحقیقات کا مطالبہ

غیر قانونی حملوں کی جنگی جرائم کے طور پر تفتیش ہونی چاہیے، ایمنسٹی انٹرنیشنل

بیروت (این این آئی) ایمنسٹی انٹرنیشنل نے بدھ کے روز کہا ہے کہ حزب اللہ کے ساتھ حالیہ جنگ کے دوران ایمبولینسوں، طبی عملے اور صحت کی سہولیات پر اسرائیلی حملوں کی جنگی جرائم کے طور پر تحقیقات ہونی چاہیے۔ عرب ٹی وی کے مطابق ایک بیان میں ایمنسٹی نے کہا کہ لبنان میں جنگ کے دوران اسرائیلی فوج نے صحت کی سہولیات، ایمبولینسوں اور کارکنان پر بار بار ہونے والے غیر قانونی حملوں کی جنگی جرائم کے طور پر تفتیش ہونی چاہیے کیونکہ بین الاقوامی قوانین کے تحت ان مقامات کو محفوظ قرار دیا گیا ہے۔ ایمنسٹی نے لبنانی حکومت پر زور دیا کہ وہ بین الاقوامی فوجداری عدالت کو روم کے قانون کے تحت لبنانی سرزمین پر ہونے والے جرائم کی تحقیقات اور ان پر مقدمہ چلانے کا دائرہ اختیار فراہم کرے اور متاثرین کے علاج کا حق یقینی بنائے۔ ایمنسٹی نے کہا کہ اس نے گزشتہ سال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

لاہور: وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی اور ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کے سینئر ایڈوائزر میاں وحید الدین مفاہمتی یادداشت کی دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں

داتا دربار انتظامیہ کا نشے کے عادی افراد کو دور رکھنے کیلئے جنگلہ لگانے کا فیصلہ

جنگلہ لگانے سے نشے کے عادی افراد کو فٹ پاتھ پر سوئے جانے سے روکا جا سکے گا، انتظامیہ

لاہور (این این آئی) داتا دربار انتظامیہ نے نشے کے عادی افراد کو دربار کے سامنے فٹ پاتھ پر جمع ہونے سے روکنے کے لیے ایک موثر قدم اٹھایا ہے۔ انتظامیہ نے فٹ پاتھ پر جنگلہ لگانا شروع کر دیا ہے تاکہ نشے کے عادی افراد کو وہاں سونے سے روکا جا سکے۔ داتا دربار کے سامنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

ہم شام سے ایک اور 7 اکتوبر کی اجازت نہیں دیں گے، اسرائیل

سرحد پر اسلامی عسکریت پسند گروہوں کی موجودگی اسرائیل کے لیے انتہائی خطرناک ہوگی

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر خارجہ گیدون ساعر نے دعویٰ کیا ہے کہ سرحد پر اسلامی عسکریت پسند گروہوں کی موجودگی اسرائیل کے لیے انتہائی خطرناک ہو گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے شام میں شام کی ھی تحریر الشام جو ماضی میں النصرہ فرنٹ کے نام سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

احترام رمضان آرڈیننس کی کھلے عام دھجیاں بکھیرنے کا سلسلہ شروع، انتظامیہ خاموش

ننکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل میں احترام رمضان آرڈیننس کی کھلے عام دھجیاں بکھیرنے کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے، مگر انتظامیہ خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہی ہے، شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر قائم دکانوں پر سارا دن پکوڑے، سموسے اور مشروبات کھلے عام فروخت ہوتے ہیں، نہر رکھ برانچ کے پل پر خلاف ورزیوں کی انتہا ہو چکی ہے، اندرون شہر سارا دن چائے کی سپلائی جاری رہتی ہے، چائے جوتوں کے ڈبوں میں سپلائی کی جاتی ہے، دوپہر سے سموسے، پکوڑے اور دہی بھلے وغیرہ کھلے عام فروخت ہوتے ہیں، حد تو یہ ہے کہ روزہ خور سر عام مشروبات پیتے اور سموسے وغیرہ کھاتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

200 مالیت کے پرائز بانڈز کی قرعہ اندازی 17 مارچ کو ہوگی

لاہور (این این آئی) 200 روپے مالیت کے پرائز بانڈز کی قرعہ اندازی 17 مارچ کو فیصل آباد میں ہو گی۔ اس قرعہ اندازی کا پہلا انعام ساڑھے 7 لاکھ روپے کا ایک، دوسرے انعام میں ڈھائی لاکھ روپے کے پانچ جبکہ تیسرے انعام میں 1250 روپے کے 2394 انعامات کامیاب خوش نصیبوں میں تقسیم ہوں گے۔ علاوہ ازیں 25 ہزار اور 40 ہزار مالیت کے پریمیم انعامی بانڈز کی قرعہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

لاہور: رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں ریلوے اسٹیشن کے قریب مفت افطاری کرائی جا رہی ہے

میری بات میں لسانی رنگ نہیں تھا، گرفتاری کی مذمت ہوئی اچھا لگا، آفاق احمد

متحدہ قومی موومنٹ لندن اور بانی سے کوئی رابطہ نہیں، شہر کے لیے بات کرنا فارم 47 والوں کے لیے مشکل ہے، چیئرمین مہاجر قومی موومنٹ

پیپلز پارٹی لسانی جماعت نے لوگوں سے روزگار اور تعلیم چھینی ہے، ٹریفک قوانین پر عمل نہ کرنے سے شہر میں حادثات ہو رہے ہیں

کراچی (این این آئی) مہاجر قومی موومنٹ کے سربراہ آفاق احمد نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ لندن اور بانی سے کوئی رابطہ نہیں، میں نے جو بات کی اس میں لسانی رنگ نہیں تھا، گرفتاری کی مذمت ہوئی تو اچھا لگا، پیپلز پارٹی ایک لسانی جماعت ہے، انہوں نے لوگوں سے روزگار اور تعلیم چھینی ہے، ٹریفک قوانین پر عمل نہ کرنے سے شہر میں حادثات ہو رہے ہیں، کراچی کے سب شہری ہیوی ٹریفک سے متاثر ہیں۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے آفاق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

کشمیر: پہاڑوں پر ہونیوالی برف باری کے دوران ایک بچہ برف سے کھیل رہا ہے

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد حسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار احمد شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور